قدیم نایاب وظائف و عملیات،
تعویذات و طبّی مجرّبات کا مستند مجموعہ

عملیات تسخیرِ قلوب

و طبّی مجرّبات

اس کتاب میں قرآن پاک، احادیث نبوّیہ کے ذریعے روزمرّہ زندگی میں پیش آنے والی دینی، دنیاوی، معاشی، سماجی گھریلو، کاروباری مشکلات کا حل نیز کراماتِ بزرگانِ دین کی روشنی میں ان کا فائدہ بیان کیا گیا ہے نیز کتاب کے آخر میں مختلف حکماء کے طبّی مجرّبات کو بھی شامل کر دیا گیا ہے تمام نسخہ جات مجرّب اور آزمودہ ہیں۔

مؤلف
شاہ محمد فضل حسین صابری

قدیم نایاب وظائف وعملیات، تعویذات وطبّی مجرّبات کا مستند مجموعہ

عملیات تسخیرِ قلوب

وطبّی مجرّبات

اس کتاب میں قرآن پاک، احادیث نبوّیہ کے ذریعے روزمرّہ زندگی میں پیش آنے والی دینی، دنیاوی، معاشی، سماجی گھریلو، کاروباری مشکلات کا حل نیز کرامات بزرگانِ دین کی روشنی میں ان کا فائدہ بیان کیا گیا ہے نیز کتاب کے آخر میں مختلف حکماء کے طبّی مجرّبات کو بھی شامل کر دیا گیا ہے تمام نسخہ جات مجرّب اور آزمودہ ہیں —

مؤلّفہ —— شاہ محمد فضل حسین صابری

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

پرنٹر پریس شیراز نوری

ناشر: مشتاق احمد

اہتمام: سلمان منیر

ہماری کتابیں، معیاری کتابیں
خوبصورت اور کم قیمت کتابیں

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	......☆......	عملیات تسخیر قلوب
مولفہ	......☆......	شاہ محمد فضل حسین صابری
پروف ریڈنگ	......☆......	نجم الصبیح
کمپوزنگ	......☆......	پرنٹر پریس شیراز نوری
مطبع	......☆......	آر آر پرنٹرز، لاہور۔
ٹائٹل	......☆......	عاطف بٹ
قیمت	......☆......	روپے

کتاب ہذا میں اگر کہیں کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما کر شکریہ ادا کرنے کا موقع فراہم کریں تا کہ اگلے ایڈیشن میں درستگی کی جاسکے۔ شکریہ

فہرست عنوانات

دیباچہ	17
دائرۃ البروج فلکی	19
سبعہ سیارہ	22
بخورات	26
عاملین کے لیے حصار کرنے کے عملیات	30
خواص اسمائے الٰہی	31
خواص اسمائے نبوی ﷺ	56
عملیات تسخیر و محبت	60
عمل تسخیر محبوب مجرب و آزمودہ	60
تسخیر خلائق و محبت جائز کے لیے عمل	62
تسخیر محبوب کے لیے آسان عمل	63
تسخیر محبوب کے لیے ایک اور آسان عمل	64
تسخیر محبوب کے لیے ایک اور عمل	64

- محبوب کو مطیع کرنے کے لیے ---------- 65
- تسخیر کے لیے عجیب وغریب عمل ---------- 65
- میاں بیوی کی محبت کے لیے نایاب عمل ---------- 66
- طلسم برائے محبت ---------- 66
- میاں بیوی کی محبت کے لیے لاجواب عمل ---------- 67
- طلسم برائے محبت ---------- 68
- تسخیر قلب کا مجرب عمل ---------- 68
- تسخیر قلب کا ایک اور آسان عمل ---------- 69
- تسخیر محبوب کے لیے مجرب عمل ---------- 70
- نقش سورۂ اخلاص برائے محبت ---------- 71
- تسخیر قلوب وترقی مراتب کے لیے ---------- 72
- تسخیر قلوب ومطیع محبوب کے لیے ---------- 72
- تسخیر خلائق کے لیے معجزنما نقش ---------- 73
- میاں بیوی کی لڑائی دور کرنے کے لیے ---------- 74
- تسخیر خلائق کے لیے ---------- 74
- تسخیر قلوب کے لیے ایک اور مجرب عمل ---------- 75
- ترقی اعزاز ومراتب کے لیے ---------- 76
- ترقی مراتب کے لیے ایک اور عمل ---------- 76
- روغن محبت ---------- 76

تسخیر خلائق کے لیے ---------------------- 77
تسخیر کے لیے ایک اور اعلیٰ عمل ---------------------- 78
جابر و ظالم حاکم کو مہربان کرنے کے لیے ---------------------- 78
تسخیر عالم کے لئے بیحد مجرب عمل ---------------------- 79
تسخیر خلائق کے لیے ایک اور مبارک عمل ---------------------- 80
حصول مرتبہ وعزت کے لیے ---------------------- 80
تسخیر ومحبت کے لیے مجرب کا جل ---------------------- 81
میاں بیوی کی محبت کے لیے اکسیری عمل ---------------------- 81
تسخیر خلائق اور ترقی مرتبہ کے لیے ---------------------- 83
تسخیر محبوب کے لیے ایک جادو صفت عمل ---------------------- 84
تسخیر خلائق کا نایاب عمل ---------------------- 85
تسخیر خلائق کے لیے چہل کاف کا عمل ---------------------- 86
تسخیر خلائق کے لیے آسان دُعا ---------------------- 86
بلندیٔ مراتب کے لیے دعا معظم ---------------------- 87
دعائے بزرگوار بلندی مراتب کے لیے ---------------------- 87
حب کے لیے مجرب تعویذ ---------------------- 88
محبت کے لیے ایک اور مجرب المجرب تعویذ ---------------------- 88
بیقراری محبوب کے لیے ایک لاثانی عمل ---------------------- 89
بیقراری محبوب کے لیے ایک اور مجرب عمل ---------------------- 90

بیقراری محبوب کے لیے ایک اور مجرب عمل ---------------- 90
تسخیر محبوب کے لیے عطر محبت ---------------------- 91
تسخیر محبوب کے لیے ایک اور طلسم -------------------- 93
تسخیر محبوب کا آزمودہ عمل ------------------------ 93
تسخیر محبوب کے لیے ایک افسون --------------------- 93
تسخیر محبوب کے لیے ایک نہایت مجرب عمل -------------- 94
میاں بیوی کی محبت کے لیے ----------------------- 94
نماز محبت ----------------------------------- 96
تسخیر محبوب کے لیے ایک لاجواب عمل ------------------ 96
محبت کے لیے مجرب عمل ------------------------- 97
محبت کے لیے ایک آسان عمل --------------------- 97
حاضری محبوب کے لیے ایک عمل --------------------- 97
حاضری محبوب کے لیے ایک اور نادر عمل ---------------- 98
دستِ غیب کے لیے نہایت سریع الاثر عمل ---------------- 98
دستِ غیبت کے لیے ایک اور مجرب عمل ------------------ 99
دستِ غیب کے لیے ایک اسراری نقش -------------------- 99
دستِ غیب کے لیے ایک اور مجرب عمل ------------------ 100
عمل برائے رفع تنگدستی وادائیگی قرض ------------------ 101
عمل رفع تنگدستی وحصول برکت کے لیے ----------------- 101

وسعت رزق کے لیے مجرب ہے ---------- 102
ترقی روزگار و مراتب کے لیے کارآمد عمل ---------- 102
وسعت رزق کے لیے عجیب وغریب ---------- 103
برائے وسعت رزق ---------- 104
قضائے حاجات کے لیے اکسیری عمل ---------- 104
تنگدستی وافلاس دور کرنے کے لیے مجرب عمل ---------- 105
عمل چشتیہ خاص الخاص برائے جملہ حاجات ---------- 106
دستِ غیب وکشائش رزق کے لیے ---------- 107
کشائش رزق کے لیے ایک نایاب عمل ---------- 108
دوکان یا تجارت میں نفع کثیر ہونے کے لیے ---------- 110
حصول ملازمت کے لیے نہایت سریع الاثر عمل ---------- 111
حصول روزگار کے لیے ایک اور مجرب عمل ---------- 112
فراخی رزق کے لیے چند مجرب اعمال ---------- 113
تنگدستی دور کرنے کے لیے ایک مجرب عمل ---------- 115
ادائے قرض کے لیے ایک نہایت کامیاب عمل ---------- 116
حصول دولت وعزت کے لیے ---------- 117
قضائے حاجات کے لیے ایک عظیم المنافع دعا ---------- 118
قضائے حاجات دینی ودنیوی کے لیے مجرب عمل ---------- 119
قضائے حاجات کے لیے تیر بہدف عمل ---------- 119

انقضائے حاجات کے لیے نادِعلی کا نادر عمل ---------------- 120
قضائے حاجات کے لیے ایک مجرب عمل ---------------- 122
تکبیر عاشقان ---------------- 125
قضائے حاجات کے لیے بے مثال عمل ---------------- 125
قضائے حاجات کے لیے مجرب عمل ---------------- 127
قضائے حاجات کے لیے دعائے معظم ---------------- 127
قضائے حاجات کے لیے نقش بست در بست ---------------- 128
انقضائے حاجات کے لیے بسم اللہ شریف کا عمل ---------------- 128
انقضائے قضا حاجات کے لیے مجرب عمل ---------------- 129
قیدی کی رہائی کے لیے مجرب عمل ---------------- 131
حاجات دلی کے لیے برلانے میں مجرب عمل ---------------- 132
قضائے حاجات کے لیے درود شریف ---------------- 133
روحانی علاج مریض برص وجذام کے لیے ایک کامیاب عمل ---------------- 135
دفع اُم الصبیان ---------------- 136
اُم الصبیان کے لیے ایک مجرب عمل ---------------- 137
آنکھ کی تمام بیماریوں کے لیے مجرب عمل ---------------- 137
کان کا درد دُور کرنے کے لیے مجرب عمل ---------------- 138
شفائے مریض کے لیے مجرب روحانی علاج ---------------- 139
دفع امراض کے لیے ایک اور روحانی علاج ---------------- 139

- جملہ امراض کے دفعیہ کے لیے مجرب عمل ---------------- 140
- دفع اُمّ الصبیان کے لیے مجرب تعویذ ---------------- 141
- شفائے مریض کے لیے لاثانی عمل ---------------- 142
- شفائے مریض کے لیے ایک اور مجرب عمل ---------------- 142
- موذی جانوروں سے محفوظ رہنے کے لیے عمل ---------------- 143
- آسانی ولادت کے لیے ایک اور عمل ---------------- 149
- استقرار حمل کے لیے نہایت مجرب عمل ---------------- 150
- حفاظت حمل کے لیے ایک لاجواب تعویذ ---------------- 151
- شفائے مریض کے لیے بہترین عمل ---------------- 151
- قوت امساک کے لیے طلسمی تعویذ ---------------- 152
- آسانی وِلادت کے لیے بیحد مستند تعویذ ---------------- 152
- بچوں کی پسلی کے لیے ایک مجرب منتر ---------------- 153
- خلل مسان سے نجات پانے کے لیے ایک گنڈہ ---------------- 155
- بغض وعداوت تباہی دشمن کے لیے ---------------- 157
- درمیان دو شخصوں کے جدائی پیدا کرتا ہے ---------------- 157
- بربادیٔ دُشمن کے لیے ایک اور لاجواب عمل ---------------- 159
- عملیات حاضرات ---------------- 163
- دفع جن وآسیب کا مجرب عمل ---------------- 164
- دفع آسیب کے لیے ایک اور مجرب عمل ---------------- 165

دفع آسیب کے لیے ایک نہایت سہل عمل ---------------- 165
دفع آسیب وجن وپری ودیو وغیرہ کے لیے عمل ------------- 166
متفرقات ------------------------- 168
دفع شر شیطان وخوف اعدا کے لیے -------------- 168
دل کا بھید معلوم کرنے کے لیے ---------------- 169
چوراور بھاگے ہوئے کوواپس لانے کے لیے ------------ 169
چور کی شناخت کے لیے کامیاب عمل --------------- 170
دفینہ معلوم کرنے کا عمل ----------------- 170
دفع وبا کے لیے ایک مجرب دعا --------------- 171
خواب بندی کے لیے ------------------ 171
خواب بندی برائے محبت ---------------- 171
حصہ طلسمات -------------------- 172
کثیر المنفعت استخارہ ----------------- 177
یہ کام اچھا ہے بُرا ------------------ 180
یہ خبر سچی ہے یا جھوٹی ہے ---------------- 182
زراعت مفید ہوگی یا نہیں ----------------- 184
تری کا سفر مفید ہوگا یا نہیں ---------------- 186
خشکی کا سفر مفید ہوگا یا نہیں --------------- 188
حج کے لیے سفر مناسب ہے یا نہیں -------------- 190

- آیا لڑائی ہوگی یا صُلح ---------------------------------- 192
- گواہی دینی اچھی ہوگی یا نہیں ---------------------------- 194
- نکاح کرنا اچھا ہوگا یا نہیں -------------------------------- 196
- امانت محفوظ رہے گی یا نہیں ------------------------------ 198
- مناصب عالی اور مرادوں کی طلب کے لیے ------------------- 200
- خرید و فروخت کرے یا نہیں ------------------------------- 202
- قیدی رہائی پائے گا یا نہیں ---------------------------------- 204
- یہ عورت زوجیت میں آئے گی یا نہیں ----------------------- 206
- مسافر جلد آئے گا یا دیر میں آئے گا -------------------------- 208
- اس کام کا انجام اچھا ہوگا یا نہیں -------------------------- 210
- غالب اور مغلوب کے معلوم کرنے میں --------------------- 212
- یہ عورت حمل سے ہے یا نہیں ------------------------------ 214
- جو پیٹ میں بچہ ہے وہ لڑکا ہے یا لڑکی ---------------------- 216
- خواب کی تعبیر اچھی ہے یا نہیں ---------------------------- 218
- حیوانات کا خریدنا سود مند ہے یا نہیں ------------------------- 220
- زمین کا خریدنا نفع دے گا یا نہیں -------------------------- 222
- قرض ملے گا یا نہیں -- 224
- مختصر تعبیر نامہ خواب -------------------------------------- 227
- دعائے اُویسیہ --- 254

- آیت الکرسی ---------- 254
- سورۂ ملک ---------- 256
- کلمہ طیبہ برائے محبت ---------- 256
- عمل سورۂ اخلاص تسخیر حُبّ و وسعتِ رزق کے لیے ---------- 256
- سورۂ اخلاص برائے محبت ---------- 257
- برائے محبت ---------- 257
- محبت کے لیے اکسیر اعظم ---------- 260
- حُبّ کے لیے لاجواب ---------- 261
- محبت کے لیے بے مثال ---------- 261
- محبت میں دیوانہ ہو ---------- 263
- محبت کے لیے بیقرار ---------- 263
- مطلوب مطیع ---------- 264
- محبوب آپ کے قدموں میں ---------- 265
- مطلوب مطیع فرمانبردار ---------- 265
- محبت کے لیے آزمودہ ---------- 266
- لڑکیوں کی شادی کے واسطے ---------- 268
- محبت کے لیے بے تاب ---------- 269
- ہمزاد قابو کرنے کا طریقہ ---------- 275
- تسخیر ہمزاد کا مجرب عمل ---------- 275

- ہمزاد سے کام لینا ---------------------------- 277
- ہمزاد سے ہر ایک کام لیا جا سکتا ہے ---------------- 277
- مریض کا علاج ---------------------------- 277
- تینوں کال کے حالات جاننا ---------------------- 278
- کشف القبور ---------------------------- 278
- گمشدہ چیز کا ملنا ---------------------------- 279
- عمل حاضرات ---------------------------- 279
- امدادِ غیبی ---------------------------- 279
- استخارہ مجرب ---------------------------- 280
- کرشمۂ محبت ---------------------------- 281
- برائے اُمِ صبیان ---------------------------- 281
- قرآن شریف ---------------------------- 282
- منقول از ورق کہنہ دردسر و درد دندان ---------------- 283
- منقول از بیاض خاص اکسیر چشم ---------------------- 284
- آشوب چشم ---------------------------- 285
- کاجل ---------------------------- 287
- مُشکی گولیاں برائے گندہ ذہنی ---------------------- 288
- از مطب قلمی ضیق النفس بلغمی وسعال رطوبی ------------ 289
- برائے خفقان وعطش شربت فرحت افزا ------------------ 290

مشتہی ومقوی ---------- 291
حبوب ہاضم ---------- 293
اکسیر معدہ (پیغام شفا) ---------- 294
مشتہی ومہی ---------- 295
حب ملین ومسہل ---------- 296
اسہال معدی سنگرہنی پیچش ---------- 297
پیچش ---------- 298
اکسیر سنگرہنی ---------- 299
برائے قولنج سُدّی وقبض ---------- 300
استسقاء ---------- 301
یرقان ---------- 302
عرق طحال ---------- 303
بواسیر ---------- 305
دردگردہ ریحی ---------- 308
سنگ گردہ ومثانہ ---------- 309
سنگ گردہ ومثانہ ---------- 310
ذیابیطس شکری ---------- 311
جریان ---------- 312
جریان حار ---------- 313

دوائے جریان ---------- 314
کچھ متعلقہ ادویہ باہیہ ---------- 315
حبوب مقوی خاص ---------- 316
نشاط افزا ---------- 317
اکسیر باہ ---------- 318
حُبوب مقوی مومیائی ---------- 319
برائے تقویت باہ ---------- 320
برائے تغلیظ منی وتقویت ---------- 321
طلامجلوق ---------- 322
طلاء معظم ---------- 326
امساک ---------- 328
طلاملذّ ذ ---------- 332
نشاط خیز ---------- 334
آتشک ---------- 335
سوزاک ---------- 338
برائے سیلان رحم ---------- 341
دوائے دِق ---------- 342
حب بخار ---------- 343
برائے بخار (موسمی) ---------- 344

وجع مفاصل	345
خارش داد چھاجن وغیرہ	347
خارش چنبل دادوغیرہ امراض جلد	348
زنبک	349
برص	350
اکسیر اطفال	351
ڈبہ اطفال	352
دق الاطفال	353
محافظ جنین	354
اکسیر البدن	355
فادزہر نبات گڑہڑہ	357
برائے مہوسین	358
تکلیس الماس۔اکلی وطرحی	359

دیباچہ

تعلیمی مشاغل سے فرصت یاب ہونے کے بعد میری طبیعت کا رجحان قرآن پاک کی روحانی تعلیم کی طرف زیادہ رہا اور اکثر و بیشتر میں کلام ربانی پڑھنے اور سمجھنے میں اپنا وقت صرف کرنے لگا۔ اس کے ساتھ ساتھ قرأت قرآن پاک۔ کتب احادیث و کرامات بزرگانِ دین سے بھرپور کتابوں کا مطالعہ کیا کرتا۔ اسی ذیل میں فن عملیات کی بہت سی کتابیں میری نظر سے گزریں اور مجھے اس فن سے ایک خاص لگاؤ پیدا ہو گیا۔

شروع شروع میں میں نے خود اپنی حاجتوں کو رفع کرنے کے لیے ان عملیات سے کام لیا لیکن مجھے اس میں کبھی کامیابی ہوئی اور کبھی ناکامی۔ جس مرتبہ مجھے ناکامی ہوئی سخت افسوس ہوا مگر میں نے ہمت نہیں ہاری اور اپنے عقائد کو عمل کی تاثیرات سے منحرف نہیں ہونے دیا۔ بہرحال اسی عمل سے خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی۔ اس کامیابی پر بھی غور کیا اور پہلی ناکامی پر بھی۔ اس غور و خوض سے نتیجہ میں مجھے ہمیشہ ہی کوئی خامی یا بداحتیاطی نظر آئی۔ میں ان تمام خامیوں کو اپنے وظائف و عملیات سے دور کر کے ایک مفصل اور مکمل بیاض کر لی اور وقتاً فوقتاً ان تمام عملیات سے کبھی خود مستفید ہوا اور کبھی دوسروں کو اس سے مستفید ہونے کا موقع دیا۔ رفتہ رفتہ یہ بیاض ایک اہم کتاب کی شکل میں تیار ہو گئی۔ خیال ہوا کہ پروردگار عالم کے اس گرامی سے اس کی تمام مخلوق انسانی کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کروں۔

چنانچہ گذشتہ سال اپنے اس جمع شدہ ذخیرہ کا کچھ حصہ ایک مختصر کتاب کی شکل میں ''عملیات تسخیر قلوب'' کے نام سے موسوم کر کے عوام کی خدمت میں پیش کی۔ الحمدللہ کہ میرا

یہ خلوص ابنائے وطن نے قدر و قیمت کے ساتھ قبول کیا اور اس کتاب کا ایڈیشن بہت جلد ختم ہو گیا۔ اور تیسرا ایڈیشن زیرِ طبع ہے۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ میرے بعض احباب اور بعض بالکل ناواقف لوگوں نے مجھے اسی فن کی اور چند کتابیں مرتب کرنے کے لیے بے حد اصرار کے ساتھ خطوط لکھے۔ میں ان تمام اصحاب کا شکر گزار ہوں۔ جنہوں نے میری حوصلہ افزائی کی ہے اور ان کی فرمائش کے مطابق عملیات کی یہ دوسری کتاب ''عملیات تسخیر عالم'' کے نام سے موسوم کر کے اُن کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

اس کتاب میں بہت سے اعمال خود میرے مجرب ہیں اور بہت سے اولیائے کرام و اصفیائے عظام کی مستند اور معتبر کتابوں کے ماخذ ہیں اور مجھے امید ہے کہ ان تمام عملیات کو راسخ عقیدے سے اور مندرجہ شرائط کے ساتھ جو صاحب بھی اپنے کام میں لائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوں گے۔

خیر خواہ

(صوفی) محمد اشفاق حسن قادری چشتی صابری

خادم آستانہ فاروقیہ ریاست رامپور

(یو۔ پی)

دائرۃ البروج فلکی

قرآن پاک سے ثابت ہے کہ خدا کے بنائے ہوئے آسمان پر بروج ہیں اس کے ثبوت میں قرآن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ والسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ یعنی اس آسمان کی قسم جس میں بروج ہیں۔

مفسرین کا بیان ہے کہ بروج سے مراد گھر ہے لیکن بعض اس کی حقیقت یہ بیان فرماتے ہیں کہ گردش آفتاب کے آسمان پر ایک دائرہ نمایاں ہوتا ہے اس دائرہ کو دائرۃ البروج کہتے ہیں۔اور اس دائرہ کو آفتاب ایک سال میں طے کرتا ہے منجمین نے اس کو بارہ حصوں پر تقسیم کیا ہے اور ہر حصہ کو ایک بُرج تسلیم کیا ہے۔چونکہ اس دائرہ میں ستاروں کے اجتماع سے ایک خاص شکل ہویدا ہوتی ہے۔اس لیے اس شکل کی مناسبت سے اس حصہ کو ایک خاص نام سے موسوم کیا ہے۔

اس قسم کی شکلیں اس دائرے میں نمایاں طور پر ظاہر ہوتی ہیں اسی لیے بارہ بروج کے علیحدہ علیحدہ نام مقرر کر دیئے گئے۔منجمین ان کو راس کہتے ہیں اور ان راسوں کا بسلسلہ عملیات انسان اور اس کے کردار سے بہت گہرا تعلق ہوتا ہے۔عملیات کے شائقین بروقت عمل خوانی اس کا خاص طور پر لحاظ رکھیں۔ان بروج کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

پہلا برج: نام اس کا حمل ہے اس کی شکل مینڈھے کی ہے سر پر دو سینگ ہیں۔مؤکل اس کا سراخیل ہے اور حروف اس کے ہ۔م۔ف۔ش۔ذ ہیں۔

دوسرا برج: نام اس کا ثور ہے۔اس کی شکل بیل کی ہے۔مؤکل اس کا عزرائیل ہے اور حروف ب۔و۔ی۔ا۔ن۔ص۔ت۔ہیں۔

تیسرا برج: نام اس کا جوزا ہے اس کی شکل دو جڑے ہوئے بچوں کی ہے مؤکل اس کا اسرافیل ہے۔اور حروف ج۔ر۔ک۔س۔ق۔ث۔ظ۔ ہیں۔

چوتھا برج: نام اس کا سرطان ہے اس کی شکل کیکڑے کی ہے۔اس کا موکل فہفائیل اور حروف د۔ح۔ل۔ع۔ر۔خ۔غ ہیں۔

پانچواں برج: نام اس کا اسد ہے اس کی شکل شیر کی ہے۔اس کا موکل شراطیل اور حروف ا۔ہ۔ط۔م۔ن۔ش۔ذ ہیں۔

چھٹا برج: نام اس کا سنبلہ ہے۔اس کا مؤکل شہکیل ہے۔اور حروف ب۔و۔ی۔ن۔ص۔ت۔ض ہیں۔

ساتواں برج: نام اس کا میزان ہے اس کی شکل ترازو ہے اس کا مؤکل اسرافیل ہے۔ حروف اس کے د۔ح۔ل۔ع۔ر۔خ۔غ ہیں۔

نواں برج: نام اس کا قوس ہے اس کی شکل ایک مرد کی ہے جو تیر کمان ہاتھ میں لیے ہے اس کا موکل سربطائیل ہے اور حروف ب۔و۔م۔ن۔ص۔ف۔ض۔ ہیں۔

دسواں برج: نام اس کا جدی ہے اس کی شکل بکری کی ہے۔اس کا مؤکل شمکائیل ہے اور حروف ج۔د۔ل۔س۔ق۔ت۔ظ۔

گیارھواں برج: نام اس کا دلو ہے اس کی شکل ایک مرد کی جو ڈول ہاتھ میں لیے ہے اور پانی گرا رہا ہے۔اس کا موکل میکائیل ہے اور حروف اس کے د۔ح۔ل۔ر۔خ۔غ ہیں۔

بارھواں برج: نام اس کا حوت ہے اس کی شکل دو ملی سُرئی مچھلیوں کی ہے اس کا مؤکل قصبائیل ہے اور حروف ج۔ز۔ک۔س۔ق۔ث ہیں۔

ان جملہ بروج کی طبیعت مختلف ہے۔منجمین نے اس کی تفصیل اس طرح لکھی ہے۔

حمل۔ اسد۔ قوس:

ثور۔ سنبلہ۔ جدی	خاکی
سلطان۔ عقرب۔ حوت	آبی
جوز۔ میزان۔ دلو	بادی

ان بروج کو تین حصوں پر اس طرح تقسیم کیا ہے کہ ایک حصہ بہتر۔ ایک اوسط اور ایک برتر ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے۔

منقلب:

حمل ۔سرطان ۔میزان ۔جدی ۔یہ چاروں بروج منقلب کہلاتے ہیں ۔یعنی جس وقت چاروں بروج میں آفتاب کا دورہ ہو تو محبت، تسخیر، کشائش رزق کے عملیات ہرگز نہ کرنے چاہئیں بلکہ تباہی دشمن یا ہلاکی وجدانی کے عمل کیے جائیں۔

ثابت:

ثور۔ اسد۔ عقرب۔دلو یہ چاروں بروج ثابت کہلاتے ہیں۔یعنی جس وقت ان بروج میں آفتاب کا ورود ہو تو محنت و تسخیر، کشائش رزق وفتحیابی وغیرہ کا عمل کیا جائے۔ نفرت۔جدائی۔تباہی وہلاکت کے لیے کوئی عمل نہ کیا جائے۔

ذوجسدین:

جوزا۔ سنبلہ۔ قوس۔ حوت یہ چاروں ذوجسدین کہلاتے ہیں۔یعنی جس وقت ان میں آفتاب کا ورود ہو تو اوسط درجہ کے اعمال کئے جاسکتے ہیں۔

سبعہ سیارہ

کتب معتبرہ سے ثابت ہے کہ خداوند تبارک وتعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے آسمان پر بے شمار ستارے پیدا کئے ہیں تمام ستارے آسمان پر اس طرح جڑے ہیں جیسے انگشتری پر ہوتے ہیں۔ ان ستاروں کی تعداد وشمار آج تک کوئی نہیں جان سکا ان ہی ستاروں میں صرف سات ستارے ایسے ہیں جو چلتے پھرتے اور ان کا طلوع وغروب ہوتا ہے۔ اور ان کے اثرات اہل عالم پر پڑتے ہیں ان کو سبعہ ستارہ کہتے ہیں۔

عاملین ان ستاروں کے ماتحت اپنے عملیات میں تاثیروں کا کرتے ہیں اور اس امر کا خیال رکھتے ہیں کہ جس قسم کا کام کرنا ہوتا ہے ستارے کے عمل میں وہ کرتے ہیں اور اس سے وہ کام یقینی طور پر انجام کو پہنچتا ہے۔ یہ ساتوں ستارے اپنے اپنے اثرات میں مختلف ہیں۔ بعض نجس ہیں اس لیے ہر عامل کو ان سیارگان اوقاتِ حکمرانی سے واقف ہونا نہایت ضروری ہے ان ساتوں ستاروں کے مندرجہ ذیل نام ہیں۔

قمر۔ عطارد۔ زہرہ۔ شمس۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل اور ان کے خواص وتاثیرات کی تفصیل یہ ہے۔

قمر: سعد اصغر ہے یہ دوشنبہ کا حاکم ہے اس کی ساعت میں محبت کے لیے شفائے مریض کے لیے کشائش رزق کے لیے عملیات پڑھے جاتے ہیں۔

عطارد: سعادت ونحوست میں مشترک ہیں۔ یہ چہارشنبہ کا حاکم ہے اس کی ساعت میں تیغ بندی وزبان بندی وغیرہ کے عملیات پڑھے جائیں۔

زہرہ: سعد اصغر ہے یہ جمعہ کا حاکم ہے اس کی ساعت میں خواب وزبان بندی وغیرہ

کے عملیات پڑھے جائیں۔

شمس: سعد ہے یہ یکشنبہ کا حاکم ہے۔اس کی ساعت میں محبت اور شفائے مریض کے لیے عمل کئے جائیں۔

مریخ: نجس اصغر ہے یہ سہ شنبہ کا حاکم ہے اس کی ساعت میں عداوت ہلاکئی دشمن کے تعویز لکھے جائیں۔

مشتری: سعد اکبر و مبارک ہے یہ پنجشنبہ کا حاکم ہے اس کی ساعت میں صرف ترقی درجات اور دفع بیماری وغیرہ کے لیے کئے جائیں۔

زحل: نجس اکبر ہے یہ شنبہ کا حاکم ہے اس کی ساعت میں صرف ہلاکئی دشمن ہی کے عملیات پڑھے جائیں۔یا بعض وجدانی کے لیے عمل حب اس کے ورود میں نہ کیا جائے باطل ہوگا۔

عامل کو جب کوئی کام کرنا ہو تو ان سات ستاروں کی تاثیرات کا لحاظ رکھے۔جو دن اس کام کے لیے موزوں ہو اسی دن وہ کام کرے۔واضح رہے کہ جس سے جو ستارہ تعلق رکھتا ہے اس روز آفتاب کے ڈھلتے ہی ایک گھنٹہ تک کی ساعت ہے پھر دوسرے گھنٹہ تک دوسرے ستارہ کا وقت ہے۔تیسرے گھنٹہ تک تیسرے ستارہ کا،اسی طرح دوپہر کا وقت ایک بجے تک ساتوں ستاروں کا وقت ایک ایک گھنٹہ بعد تک پورا ہوتا ہے۔پھر ایک بجے کے بعد وہی ستارہ جو آفتاب نکلتے وقت شروع ہوتا ہے لیکن یہ خیال ضروری ہے کہ کسی موسم میں آفتاب 7 بجے نکلتا ہے اور کسی موسم میں ساڑھے پانچ بجے دوسرے روز آفتاب نکلنے کے وقت سے دوسرا ستارہ کا دورہ شروع ہوتا ہے جو اس دن بھی ایک ایک گھنٹہ بعد اپنا وقت پورا کرتے ہیں اچھی طرح سمجھنے کے لیے مندرجہ ذیل مثال درج ہے۔

مثلاً شنبہ یعنی سینچر کے دن آفتاب نکلنے کے وقت پہلے ساعت زحل کی ہے اور آفتاب چھ بجے نکلتا ہے پس چھ بجے سے سات بجے تک ساعت زحل کہ کہلاتی ہے۔اور سات بجے سے آٹھ بجے تک ساعت مشتری کی اور نو بجے تک عطارد کی،ایک بجے تک قمر

کی۔ایک بجے دن کے بعد پھر زحل کی ساعت شروع ہوتی ہے۔اور دو بجے تک رہتی ہے پھر تین بجے تک مشتری چار بجے تک مریخ پانچ بجے تک شمس چھ بجے زہرہ، سات بجے تک عطارد، آٹھ بجے تک قمر 9 بجے تک پھر زحل، دس بجے تک مشتری 11 بجے تک، مریخ 12 بجے تک، شمس ایک بجے تک، زہرہ دو بجے تک، عطارد تین بجے تک قمر، چار بجے تک اور چار بجے پھر زحل کی باری آجاتی ہے۔روز یکشنبہ یعنی اتوار کے دن آفتاب نکلتے وقت شمس کی ساعت شروع ہوتی ہے۔

عاملین کی سہولت کے لیے نقشہ ساعات درج کیا جاتا ہے اس سے ستاروں کی ساعتیں بخوبی سمجھ میں آسکتی ہیں۔

ہر عامل کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل نقشہ ساعات کا لحاظ عمل پڑھتے وقت ضرور رکھیں تاکہ ہر عمل کامیاب ہو اگر ان جملہ شرائط کی پابندی کر کے عمل پڑھا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر دعا مستجاب ہوگی اور عمل کامیاب ہوگا یہ میرا ذاتی تجربہ ہے۔

شب روز	پہلا پہر			دوسرا پہر			تیسرا پہر			چوتھا پہر		
شب شنبہ	ساعات ۱	ساعات ۲	ساعات ۳	ساعات ۴	ساعات ۵	ساعات ۶	ساعات ۷	ساعات ۸	ساعات ۹	ساعات ۱۰	ساعات ۱۱	ساعات ۱۲
شبعنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
یک شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
یک شنبہ روز	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
دوشنبہ شب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
دوشنبہ روز	مریخ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب سہ شنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شنبہ چہار شب	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر

شنبہ روز چہار	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
پنجشنبہ شب	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
پنجشنبہ روز	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	شمس
جمعہ شب	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
جمعہ روز	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

نقشہ ساعات:

ہر عامل کو چاہیے کہ ہر وقت عمل خوانی اس نقشہ کی رو سے ساعت دیکھیں اور اس عمل کے لیے جو ساعت مناسب ہو اسی رو سے یعنی اسی ساعت میں عمل شروع کریں۔

بخورات

جس طرح سیارگان کی رفتار وخواص واثرات مختلف ہیں۔اسی طرح ان کے لیے بخورات بھی جدا جدا ہیں۔ان بخورات سے اس ستارے کے موکل کی توجہ عامل کی طرف مبذول ہو جاتی ہے۔اور عمل پڑھنے کے لیے ان مؤکلات کی توجہات کی عامل کو سخت ضرورت ہوتی ہے۔اس لیے ضروی ہے کہ عمل پڑھتے وقت یا تعویذ لکھتے وقت اس وقت کا جو ستارہ حاکم ہو اس کو مقررہ بخورات سے اپنی جانب متوجہ کر لیا جائے۔ایسا کرنے سے وہ عمل بہت اپنا اثر پیدا کرتا ہے۔ہر ستارہ کی بخورات کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

زہرہ: عود۔ عنبر۔ مشک۔ صندل سفید۔ کافور۔ اسبند۔

عطارد: عود۔ کافور۔ صندل سرخ۔ قرنفل۔

شمس: عود۔ مشک۔ دارچینی۔

قمر: عود۔ کافور۔ شہد۔

زحل: عود۔ لوبان۔ رال۔

مریخ: عود۔ لوبان۔

مشتری: عود۔ لوبان۔ مشک۔

عمل پڑھنے کا طریقہ

کائنات عالم میں ہر ایک کام کے لیے ایک اصول اور ایک ضابطہ مقرر ہوتا ہے جو

اس کام کے لیے انجام تک پہنچانے کا ضامن ہوتا ہے۔ جولوگ اس اصول اور ضابطے کے قائل ہیں اور مجوزین کے بتائے ہوئے طریقوں پر اس کام کو کرتے ہیں وہ کبھی ناکام نہیں رہتے۔ یہ اصول بہت سے تجربات کے بعد مقرر کئے جاتے ہیں تاکہ آئندہ اس کام کے کرنے والوں کو کوئی الجھن نہ پیش آئے اور وہ کام باسلوکی انجام کو پہنچ جائے۔

عملیات کے سلسلہ میں بھی اس کے واسطے اصول اور ضابطے عاملین اور کاملین نے اپنے تجربات سے اخذ کر کے بنادئے ہیں تاکہ مبتدیوں کو آسانی رہے لیکن عام طور پر شائقین عملیات ان ضوابط ضرور یہ کو طول امل خیال کر کے نظر انداز کر دیتے ہیں اور وقتی طور پر اپنے لیے نئے طریقے اور نئے اصول بنا کر عملیات جیسا وسیع و بلیغ علم آسان بنا لیتے ہیں اور اپنے ہی ضابطوں اور قاعدوں کو کام میں لا کر عملیات کو شروع کر دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ جس عمل کی بنیاد ڈھو کھلے آثار پر غیر مستحکم مادہ سے رکھی گئی ہو وہ محل نہ خوبصورت تعمیر ہوسکتا ہے اور نہ مضبوط اور یہی ہوتا ہے کہ وہ عمل یا تو پایہ تکمیل تک پہنچتا ہی نہیں ہے اگر پہنچ بھی جاتا ہے تو اس میں اثرات نام کو بھی نہیں ہوتے۔ اس وقت نو مشق عامل کلام الٰہی کو بے اثر کر دیتے ہیں ۔حالانکہ غلطی خود اپنی ہی ہوتی ہے لیکن وہ اپنی ان غلطیوں کو مان لے اور جان لے تو پھر دنیا کا کوئی بھی عمل بے اثر نہیں ہوسکتا اس کی بدیہی مثال یوں سمجھ لیجئے کہ کوئی ناواقف عامی شخص اپنے ہاتھ میں شمشیر آب دار لے کر میدان کارزار میں کود پڑے اور دشمن سے نبرد آزما ہو جائے تو اس کا نتیجہ بجز ہلاکت کیا ہوسکتا ہے۔ ہونا یہ چاہیے تھا کہ وہ شخص پہلے شمشیر زنی کے تمام قواعد وضوابط سے واقف ہوتا، مدافعت کے طریقے اور حملہ کرنے کے وہ ضابطے جو اس فن کے ماہروں نے ہزاروں جانیں قربان کرنے کے بعد مرتب کئے ہیں ان کو جاننا اور ان ہی طریقوں کو استعمال کرنے کا قائل ہوتا تو پھر نتیجہ یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ اسے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا۔

اس مثال کی روشنی میں ماننا پڑے گا کہ فن عملیات کے سلسلہ میں عاملین نے جو شرائط اور اصول نہایت جانکا ہی اور عرق ریزی سے مرتب کئے ہیں ان پر ہر عامل کو معتقدانہ حیثیت سے عمل پیرا ہونا چاہیے ورنہ میرا عقیدہ ہے کہ بے اصول کام کبھی پایہ تکمیل

کو نہیں پہنچ سکتا۔

کتب معتبرہ کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ عامل کے لیے مندرجہ ذیل شرائط کو سامنے رکھنا نہایت ضروری ہے۔

(1) شریعت اسلامیہ کا نہایت پابند ہو۔ شکل وصورت مومنین و مسلمین کی رکھتا ہو نماز اور روزے کا پابند ہو۔ (2) جھوٹ بولنے سے قطعی پرہیز رکھتا ہو۔ (3) حلال طریقے سے روزی کما کر کھانے کا عادی ہو۔ (4) حرام چیزوں کو قریب نہ آنے دے۔ (5) زنا و بدکاری سے احتراز کرے۔ (6) غیبت و چغلی، بدزبانی، فحش گوئی وغیرہ تمام بُری باتوں اور خراب خصلتوں سے توبہ کرے۔ (7) فقراء و مساکین کے ساتھ نیک سلوک کرے اور خیرات سے ہاتھ نہ روکے۔ (8) ذوی القربیٰ کے حقوق ادا کرے۔ (9) خیال رکھے کہ ہر عمل عروج ماہ کی پہلی جمعرات کو جسے نوچندی جمعرات کہتے ہیں شروع کرے۔ (10) عمل کرنے کے لیے سب سے بہتر وقت بعد نماز عشاء ہے اگر کسی خاص عمل میں کوئی دوسرا وقت متقدمین نے مقرر کر دیا ہے تو پھر اس کی پابندی کرے۔ (11) عمل شروع کرنے سے پہلے عامل کو چاہیئے کہ غسل کر کے لباس پاکیزہ پہن کر عطر سے معطر ہو۔ (12) عمل پڑھنے کے لیے ایک تنہائی کا ایک گوشہ مقرر کر لیا جائے۔ اور ہمیشہ تا اختتام عمل اسی جگہ عمل پڑھا جائے۔ (13) عمل شروع کرنے سے پہلے خوشبودار بخور مثلاً اگربتی، لوبان، عود یا اسی قسم کی اور کوئی چیز سلگا کر اس جگہ کو معطر کر لیا جائے۔ (14) اکثر عملیات کے لیے ترک حیوانات کی شرط عاملین نے بتلائی ہو پڑھنے کا اتفاق ہو تو بے حد ضروری ہے کہ ترکِ حیوانات کیا جائے۔ یعنی ایام عمل خوانی میں گوشت دودھ گھی انڈا مچھلی لہسن، پیاز ہرگز ہرگز استعمال نہ کی جائے۔ (15) ایام عمل خوانی میں اپنی بیوی سے مباشرت نہ کی جائے۔ (16) چمڑے کا جوتا ایسے عمل کے پڑھنے کے دوران میں جس میں ترکِ حیوانات کی شرط ہو، نہ پہنے بلکہ ہر اس چیز کو ہاتھ نہ لگائے جو چمڑے سے بنائی گئی ہو۔ (17) عمل بلا ناغہ وقت مقررہ پر اسی جگہ پڑھنا چاہیئے جہاں پہلے دن شروع کیا گیا ہے اگر ایک دن بھی مقررہ میعاد کے اندر ترک ہو گیا تو عمل باطل ہو جائے گا۔

اگر ہدایات مذکورہ بالا میں سے کوئی شرط پوری نہ ہو تو پچھلے دنوں کی محنت ضائع ہو جائے گی ایسی صورت میں چاہئے کہ عمل از سرِ نو شروع کیا جائے اور اگر مذکورہ بالا پابندیوں کے ساتھ عمل پڑھ لیا گیا تو انشاءاللہ ضرور کارگر ہوگا۔

بعض اوقات پہلی مرتبہ باوجود تمام شرطوں اور کامل توجہ کے ساتھ عمل ختم ہونے پر بھی اپنا اثر نہیں دکھاتا جس سے عامل بے دل ہو کر مایوس ہو جاتا ہے ایسا ہرگز نہ ہونا چاہئے۔ بلکہ اسی عمل کو دوبارہ کرنا چاہئے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ کیونکہ پروردگار عالم اپنے بندوں میں سے بشرطیکہ وہ حکم خدا اور رسول کی پابندی کرتے ہوں کسی کی محنت ضائع نہیں کرتا۔ اور جو اس کی ذات پر بھروسہ رکھتا ہے اس کی مدد کرتا ہے۔ اس کی دعا مستجاب ہوتی ہے۔

ہاں یہ سمجھا دینا باقی رہ گیا کہ باوجود احتیاط مطابق اصول مقررہ عمل تمام کر لینے پر عمل کے پہلے یا دوسری مرتبہ اثر نہ دکھانے کا باعث کیا ہوتا ہے۔ یہ سمجھ لیجئے کہ اس کی مقررہ شرائط میں ضرور کوئی بداعتدالی ہو جاتی ہے جس کا عامل کو خیال گمان تک نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر یوں سمجھنا چاہئے کہ عامل عمل کر رہا ہے۔ ترکِ حیوانات کی شرط ہے اور عامل اس شرط پر کامل طور سے پابند ہے اور چلہ جو اس عمل کی مدت معین ہے قریب ہے صرف ایک یا دو دن ہی باقی ہیں کہ عین اس وقت عامل اپنے مکان میں بیٹھا ہوا کسی اور کام میں مصروف ہے ایک شخص، مجلد کلام مجید جس کے پشتے پر چمڑا چڑھا ہوا ہے لے کر اس کے پاس آتا ہے اور کہتا ہے کہ آپ فلاں آیت اس کلام مجید میں سے نکال کر مجھے سنایئے عامل اس کو لے کر کھولتا ہے اور آیت تلاش کر کے سائل کو سناتا ہے۔ اب وہ شخص عامل سے اپنا کلام مجید لے کر چلا جاتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی عامل کا سارا عمل بھی تشریف لے جاتا ہے۔ کیونکہ ترک حیوانات کی شرط اسی وقت جاتی رہتی ہے۔ جب وہ کلام مجید کے پشتے پر چمڑا لگا ہوا ہے اس کے ہاتھ میں آیا پس عمل باطل ہو گیا۔ اور ساری محنت بے کار ہو گئی۔ اس لیے کسی عمل سے بے عقیدہ ہونا ہرگز مناسب نہیں۔ عمل کو پوری پابندیوں کے ساتھ برابر جاری رکھا جائے۔ انشاءاللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

عاملین کے لیے حصار کرنے کے عملیات

عاملین کو چاہیے کہ جب وہ کسی جلالی عمل کے لیے زکوٰۃ دینے کا ارادہ کرے تو پہلے ان حصاروں سے کام لیں۔ یہ حصاران کو اُن موکلان کی ایذا رسانی سے محفوظ رکھیں گے جن کو وہ مطیع کرر ہے ہیں۔ ان کے علاوہ دوسری آفاتِ ارضی وسماوی سے بھی عامل محفوظ رہیں گے جو اکثر بار دورانِ عمل میں اچانک طور کسی ہیبت ناک شکلوں میں ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ عاملین اس کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ اوران حصاروں کو جزوعملیات تصور کریں۔

(1) عشاء کی نماز کے بعد آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر ہر بار دم کرے اور دستک دے۔ یہ عمل ہر روز کرنا ہر قسم کی حفاظت کا ضامن ہے۔

(2) مندرجہ ذیل کلمات تین مرتبہ پڑھ کے ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ انشاءاللہ تمام بلیات سے محفوظ رہے گا۔

یَا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ حرز کردم خودرا بہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حصار کردم خودرا بہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

(3) مندرجہ ذیل حصار بھی نہایت موثر ہے بروقت ضرورت کام میں لائے۔ کلمات یہ ہیں۔

گیارہ مرتبہ معوذتین اور دونوں صورتوں کے بیچ میں بِسۡمِ اللّٰہ نہ کہے اور اپنے اوپر دم نہ کرے۔

(4) اس حصار کو عشاء کے بعد پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور تین بار دستک دے۔
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حَوَالَیۡنَا حِصَارًا مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ قُفۡلاً وَمِسۡمَارًا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَشَرٌّ صد ہزار گردمن و یر دوستاں من وحصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہ بر دوستان من یار باد بستم دست و پائے عقل و ہوش و چشم گوش و زبان کسانیکہ ور ہیشر دہ ہزار عالم انداز او میان و دیوان و پریان و ماران و گرابان و خدا نا ترسان و نا حقان و نا شکران و کسانیکہ ما راید خواہندہ بد گو بد اندیشہ بحرمت لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہ مہر کردم بنام مُحَـمَّـدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ قَوۡلاً وَّفعلاً اِنَّ رَبَّکَ لَشَـدِیۡدٌ وَاللّٰـہُ مِنۡ وَّرآئِھِمۡ مُحِیۡطٌ ط بَلۡ ھُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِیۡدٌ ط فِیۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ ط صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَھُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ ط صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَھُمۡ لَا یَعۡقِلُوۡنَ ط صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَھُمۡ لَا یَتَکَلَّمُوۡنَ۔ صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَھُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ ط وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ الطَّیِّبِیۡنَ الطَّاھِرِیۡنَ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ۔

خواص اسمائے الٰہی

اللہ جل شانہٗ کے اسمائے مبارکہ کے خواص علمائے عظام اور اولیائے کرام نے اپنی اپنی تصانیف میں نہایت تشریح اور توجہ سے بے تعداد لکھے ہیں ان کے مطالعہ سے انسان کی عقل حیرت میں آجاتی ہے اور فیصلہ کرنا پڑتا ہے کہ اگر انسان صرف اسمائے الٰہیہ کو ہی پورے اعتقاد اور یقین کے ساتھ تلاوت کرتا رہے دنیا کی کوئی بھی مشکل اس کو مشکل نظر نہ

آئے طالبین کے مطالب صرف ان ہی اسمائے حسنیٰ کی برکت سے پورے ہوتے ہیں۔

علمائے متقدمین نے ان اسمائے الٰہیہ کی تلاوت کے طریقے تعداد اور وقت کا تعین تاثرات وفضائل اپنی اپنی تحقیق کے مطابق کسی قدر مختلف بیان فرمائے ہیں بعض کا قول ہے کہ اسمائے حسنیٰ حرف ندا کے ساتھ پڑھنا چاہئے جیسے یااللہ اور بعض کے نزدیک الف اور لام کے ساتھ پڑھنا چاہیے جیسے الرحمٰن بعض صوفیا کے نزدیک دن کو الف ولام کے ساتھ اور شب کو حرف ندا کے ساتھ

میں نے اُن تمام مختلف اقوال کو مطالعہ کر کے ان میں سے کچھ اقوال کے مطابق آسان طریقہ اخذ کر کے افادۂ عوام کے لیے اس مختصر کتاب میں درج کیا ہے۔

اسمائے الٰہی تین قسم کے ہیں۔ جمالی۔ جلالی۔ مشترک ہر ایک کے ساتھ تعداد قرأت اور جمالی وجلالی کی وضاحت کر دی ہے جس سے طالبین کو کسی قسم کی کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی۔

اللّٰہ	جلالی
عدد	٦٦

یہ اسم ذات جامع جمیع صفات ہے اور قرآن شریف میں دو ہزار تین سو ساٹھ جگہ آیا ہے جمیع اسمائے صفات اسی سے متعلق ہیں اگر کوئی روزانہ ہزار بار پڑھے صاحب یقین ہو اگر کوئی روزانہ ہر نماز کے بعد سو بار پڑھے صاحبِ کشف وصاحب باطن ہو۔
دفع مرض کے لیے 66 بار روزانہ لکھ کے مریض اور آسیب زدہ کو پلائے انشاء اللہ نفع کامل ہوگا۔ اور اگر کسی رکابی میں بلا تعداد بقدر وسعت لکھے اور پانی سے دھوئے اور وہ پانی مرگی کے مریض یا آسیب زدہ پر چھڑ کے تو صحت ہوگی۔ اگر کسی سخت مہم کے لیے سوالاکھ بار چالیس دن میں لکھے یا لکھوالے اور گولیاں بنا کے روزانہ دریا کے اندر ڈالے تو مہم سر ہو جائے گی۔

بعض کے نزدیک اَللّٰہُ اسم اعظم ہے کیونکہ اسم ذات ہے اور بے نقطہ ہے جیسے اللہ کی ذات تمام عیوب سے منزہ ہے اسی طرح اسم ذات بھی نقطہ سے مبرا ہے۔

اگر اللہ سے الف نکال ڈالیں تو لِلّٰہ بھی اپنے معنی پر باقی رہتا ہے۔ جیسے لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰت والْاَرْض اور اگر دونوں لام دور کریں اور آخر کی ہ کو واؤ کے ساتھ ملا دیں تب بھی اصلی معنی باقی رہتے ہیں۔ جیسے ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

حدیث شریف میں ہے جو کوئی خلوت میں تین ہزار بار یا اللّٰہ کہے اللہ اس کے دل کو مخزنِ اسرار کر دیتا ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ	جمالی
عدد	۲۹

غفلت اور نسیان اور دل کی سختی دور کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد سو بار پڑھے اور جو کوئی نماز فجر کے بعد 298 بار پڑھا کرے اللہ رحم کرتا ہے۔

حدیث شریف میں رحمٰن وہ ہے جو بندوں پر ہر حال میں رحم کرتا ہے۔ پیدا ہونے سے جنت میں جانے تک۔

اَلرَّحِیْمُ	جمالی
عدد	۲۵۸

تسخیر خلائق کے لئے بعد نماز فجر سو بار پڑھے اور روزانہ پانچسو بار پڑھنے والا مالدار ہوتا ہے جو کوئی اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کو لوہے کے نگ پر کھدوا کر جمعہ کی نماز کے بعد اپنے ہاتھ میں پہنے مصائب عالم سے محفوظ رہے گا۔ جو کوئی اَلرَّحِیْم کو لکھ کر شب کو اپنے سرہانے رکھ کے سوئے اور خدا سے دعا کرے کہ فلاں کام کے ہونے نہ ہونے یا اس کے

خیر وشر سے مجھے آگاہ کردے تو سات دن میں آگاہ ہوجائے گا۔

اَلْمَلِكُ	مشترک
عدد	۹۰

روزانہ اس کو 90 بار پڑھنے والے کا دل روشن اور تونگر ہوتا ہے۔ اُمراء اس کی عزت کرتے ہیں۔ بعض صوفیا کا قول ہے کہ جو کوئی اسم کو تین روز بحسب دعوت صغیر یا نو روز دعوت کبیر پڑھے صاحبِ جاہ وجلال ہوگا۔ اگر اس کا طالب نہ ہوتو قربِ حضرتِ حق پائے گا۔

اَلْقُدُّوْسُ	مشترک
عدد	۱۷۰

روزانہ زوال کے قریب پڑھنے والے کا دل روشن ہوتا ہے جو کوئی جمعہ کے بکثرت پڑھے فرشتہ صفت ہو دشمن سے پناہ پانے کے لیے جس قدر پڑھ سکے پڑھے۔ مسافر اگر ملاومت کرے گا تو عاجز نہ ہوگا۔ اور تین سو انیس (319) شیرینی پر دم کر کے دشمن کو دیوے تو مہربان ہوجائے۔ اور روزانہ ہزار بار پڑھنے والا درندہ گزندہ اور آفتاب ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گا۔ تسخیر قلوب کے لیے روزانہ 170 بار بعد نماز عشاء پڑھنا چاہیے۔

اَلسَّلَامُ	جمالی
عدد	۱۳۱

جس بیمار پر ایک سو گیارہ (111) بار پڑھ کے کئی دن دم کرے اچھا ہوجائے گا اور اس پر مداومت کرنے والا خوف سے نڈر رہتا ہے اور جو کوئی تین سو انیس (319) بار مٹھائی پر دم کر کے دشمن کو دے تو وہ دوست ہوجائے گا۔ زیادتی علم کے لیے ایک ہزار مرتبہ بعد نماز فجر پڑھا کرے۔

اَلْمُؤْمِنُ	جمالی
عدد	۱۳۶

اس کو بہت پڑھنے والا اثر شیاطین سے محفوظ رہتا ہے اور ظاہر و باطن اس کا امان حق میں رہتا ہے۔اور مخلوق خدا اس کی مطیع ومنقاد ہوتی ہے۔

اَلْمُهَيْمِنُ	جمالی
عدد	۱۴۵

روزانہ غسل کر کے ایک سو پندرہ (۱۱۵) بار پڑھنے والا دلوں کے بھیدوں سے واقف ہوتا ہے اور آفتوں سے امن میں رہتا ہے اور قیامت میں جنت پانے کی بشارت ہے دنیا میں نیک نام اور باعزت رہے گا۔

اَلْعَزِيْزُ	جلالی
عدد	۹۴

بعد نماز فجر دوا اکتالیس بار پڑھنے والا محتاج نہیں رہتا۔ذلت کے بعد اس کی مداومت عزیز بنا دیتی ہے۔سنت و فجر کے بیچ میں اکتالیس بار پڑھے تو دنیا میں مالدار اور عقبیٰ میں جنتی ہوگا۔

اَلْجَبَّارُ	جلالی
عدد	۲۰۶

ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یہ اسم پڑھنے والا ظالموں سے محفوظ رہتا ہے اور مداومت کرنے والے کی لوگ غیبت اور بدگوئی نہیں کرتے اور مالدار ہوتا ہے۔جو شخص اس اسم کو انگوٹھی پر کھدوا کر پہنے باہیبت وشوکت ہو۔سلاطین و امراء کے لیے

اس کی مداومت ضروری ہے اور مقہوری اعداد کے لیے جمعہ کی نماز کے بعد سو بار پڑھے۔

اَلْمُتَكَبِّرُ	جلالی
عدد	۶۶۲

زوجہ سے صحبت کرنے سے پہلے جو شخص اس اسم کو دس بار پڑھے گا اللہ اس کو فرزند نیک اور پرہیزگار دے گا اور ہر کام کی ابتدا میں اِسے پڑھنے والا بامراد رہے گا۔

اَلْخَالِقُ	جمالی
عدد	۷۳۱

اس پر مداومت کرنے والا کثیر ثواب پاتا ہے اور اس کا دل اور منہ نورانی ہوتا ہے اور تمام کام پورے ہوتے ہیں اور جو کوئی لڑائی میں تین سو مرتبہ پڑھ کر دشمن کے مقابلے کو جائے فتح پائے۔

اَلْبَارِئُ	جمالی
عدد	۲۱۳

اس پر مداومت کرنے والا مرتے ہی جنت میں داخل کیا جاتا ہے۔ اگر طبیب یا ڈاکٹر یا وید اس پر مداومت کریں تو دستِ شفا عطا ہو جو کوئی گلاب یا موتیا یا چمبیلی کے پھول پر پچھتر 75 بار دم کر کے سنگھائے اور اپنا اور معشوقہ کا نام لیتا جائے تو معشوقہ اس کی عاشق ہو جائے گی۔

اَلْمُصَوِّرُ	جمالی
عدد	۳۳۶

بانجھ عورت سات روزے رکھے اور افطار کے وقت روزانہ اکیس بار یہ اسم پانی پر دم کر کے پئے اور شوہر سے ہمبستر ہوتی رہے انشاء اللہ اولاد ہوگی اور اس کی مداومت مشکل کاموں کو آسان کرتی ہے جو کوئی وضو کرنے میں اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے یہ اسم لکھ لیا کرے ہر شخص اس کو دوست رکھے گا۔

اَلْغَفَّارُ	جمالی
عدد	۱۲۸

اس کی مداومت دوزخ سے نجات دلاتی ہے جو کوئی بعد نماز جمعہ سو بار کہے۔ یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا۔

اَلْقَهَّارُ	جلالی
عدد	۳۰۶

اس کی مداومت سے خاتمہ بخیر ہوتا ہے۔ دنیا کی محبت دور ہوتی ہے اور حق تعالیٰ کا عشق میسر آتا ہے اگر سنت و فجر کے درمیان بہ نیت مقہوری اعداد سو بار پڑھے تو دشمن مقہور ہوتے ہیں اور ہر مشکل آسان ہوتی ہے۔

اَلْوَهَّابُ	جلالی
عدد	۱۴

اس کی مداومت سے فقر و فاقہ دور ہوتا ہے اور دولتمندی حاصل ہوتی ہے اور جو کوئی نماز چاشت کے بعد آیت سجدہ پڑھ کے سجدے میں سات بار یہ اسم پڑھے خلق سے بے پرواہ ہوگا۔ سخت حاجت والے کو چاہئے کہ آدھی رات کو گھر کے صحن میں یا مسجد میں تین سجدے کرے اور ہاتھ اٹھا کر سو بار یہ اسم پڑھے فوراً حاجت روا ہوگی۔

جمالی	اَلرَّزَّاقُ
۳۰۸	عدد

جو شخص نماز فجر کے بعد ہمیشہ گھر کے چاروں کونوں میں دس دس بار یہ اسم پڑھ کے دم کرے گا تو مفلسی دور ہوگی۔ مگر داہنی طرف سے شروع کرے اور منہ قبلہ کی طرف سے نہ پھیرے اور پانچسو پینتالیس (545) بار روزانہ پڑھنے والے کا رزق کشادہ ہوتا ہے۔ دشواریاں دفع ہوتی ہیں۔ ہزار بار چالیس دن تک پڑھے تو خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوتی ہے۔

جمالی	اَلْفَتَّاحُ
۴۸۹	عدد

صفائی قلب کے لیے نماز فجر کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر ستر بار پڑھا کرے تو آفات ارضی وسماوی اس سے دور رہیں گے اور وہ محفوظ رہے گا۔ دشمنوں کی ایذا رسانی اور بدزبانی سے۔

مشترک	اَلْعَلِیْمُ
۱۵۰	عدد

اس کی مداومت سے کشف حاصل ہوتا ہے اور معرفت الٰہی حاصل ہوتی ہے۔ جو کوئی شب جمعہ میں بعد نماز عشاء سجدے میں سو بار اس اسم کو پڑھ کر اسی طرح سو جائے تو ہونے والے امور سے خواب میں باخبر ہوگا۔ حاجت براری میں دو رکعت نماز ادا کر کے قبلہ رو بیٹھ کے یہ اسم ہزار بار پڑھے۔

اَلْقَابِضُ	جمالی
عدد	۹۰۳

جوکوئی چالیس روز تک روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کے کھالیا کرے دنیا میں بھوک سے اور عقبیٰ میں دوزخ سے امن میں رہے گا اور روز بیس بار پڑھنے والے کے دشمن دفع ہوں اور ہر طرح سے محفوظ رہے۔

اَلْبَاسِطُ	جمالی
عدد	۷۲

صبح کے وقت ہاتھ اٹھا کے پڑھے۔دس بار۔پھر ہاتھوں کو منہ پر پھیرے۔انشاء اللہ تعالیٰ دنیا کے تمام مشکلات سے نجات پائے گا۔

اَلْخَافِضُ	جمالی
عدد	۱۴۸

جوکوئی تین روزے رکھے چوتھے دن ایک مجلس میں یہ اسم ستر 70 بار پڑھے۔ دشمن پر فتح پائے گا۔

اَلرَّافِعُ	جلالی
عدد	۳۵۱

بعد زوال یا نصف شب کے بعد جوکوئی یہ اسم سو بار پڑھے برگزیدہ یائق اور مالدار اور ہر روز بیس بار پڑھنے والے کی حاجت پوری ہوگی۔

اَلْمُعِزُّ	جلالی
عدد	۱۱۷

شب دوشنبہ یا شب جمعہ میں عشاء کے وقت ایک سو چالیس بار پڑھنے والا نظر خلق میں باہیبت اور ماسوی اللہ سے نڈر ہوگا۔

اَلْمُذِلُّ	جلالی
عدد	۷۷۰

دشمن سے ڈرنے والا پچھتر 75 بار یہ اسم پڑھ کے سجدے میں کہے۔ الٰہی شر سے فلاں کے مجھے نجات دے انشاء اللہ نجات پائے گا اور ہر طرح محفوظ رہے گا۔

اَلسَّمِيْعُ	جلالی
عدد	۱۸۰

جو کوئی پنجشنبہ کو چاشت کی نماز کے بعد پانچسو بار پڑھے اور بقول دیگر روزانہ سو بار پڑھے جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔

اَلْبَصِيْرُ	جمالی
عدد	۳۰۲

سنت و فرض فجر کے درمیان ایک سو بار پڑھنے والا مخصوص طور پر بنظر عنایت الٰہی ہوگا اور جو کوئی سات مرتبہ عصر کے پڑھتا رہے مرگِ مفاجات سے محفوظ رہے گا۔

اَلْحَكَمُ	جلالی
عدد	٦٨

جو کوئی شب جمعہ میں اور بقول بعض آدھی رات کو یہ اسم اس قدر پڑھے کے بیہوش ہو جائے کہ اس کا دل معدن اسرار ہوتا ہے اور نماز پنجگانہ کے بعد اسی مرتبہ پڑھنے والا محتاج اور پریشان نہیں رہتا۔

اَلْعَدْلُ	جلالی
عدد	۱۰۴

جو کوئی یہ اسم شب جمعہ میں۔ روٹی کے بیس ٹکڑوں پر لکھ کے کھالے تمام خلق اس کی تابعداری ہوگی اور نماز مغرب کے بعد ہزار بار پڑھنے والا آفاب ارضی وسماوی کے محفوظ رہتا ہے۔

اَللَّطِیفُ	جمالی
عدد	۱۲۹

جس نیت سے اس اسم کو دو رکعت نفل کے بعد سو بار پڑھے کام پورا ہو لڑکیوں کے عقد اور مریض کی صحت کے لیے سو بار مداومت کرے۔

اَلْخَبِیرُ	مشترک
عدد	۸۱۲

اس اسم کی مداومت سے نفس امارہ مطیع ہو جاتا ہے۔ طلب استخارہ کے لیے ایک ہزار بار پڑھ کے چپ سو رہے۔

اَلْحَکِیمُ	جمالی
عدد	۸۸

کاغذ پر لکھ کے دھوئے اور پانی کھیت میں چھڑکے۔ کھیتی زائد ہوگی۔ ایک ہزار

مرتبہ بعد نماز ظہر پڑھنے والا تمام خلائق کی نظروں میں عزیز ہوگا۔

اَلْعَظِیْمُ	جمالی
عدد	۹۲۰

اس کی مداومت عزیز خلائق کرتی ہے۔درد شکم وغیرہ کے لیے سات بار دم کر کے کھلائے درد جاتا رہے گا۔

اَلْغَفُوْرُ	جمالی
عدد	۱۲۰۶

دردسر اور ہر مرض کے لیے حروف مقطعات یاغَفُوْرُ گھول کے پلاوے شفا ہوگی۔ تپ لرزہ، غم واندوہ کے دفع کے لیے روٹی پر لکھ کے کھلائے جو کوئی سجدہ میں یَا رَبِّ اغْفِرْلِیْ روزانہ تین بار پڑھا کرے اللہ اس کے اگلے پچھلے گناہ بخش دے گا۔

اَلشَّکُوْرُ	جمالی
عدد	۵۲۶

دفع تنگی معیشت وتاریکی چشم ودل کے لیے اکتالیس بار پڑھے۔

اَلْعَلِیُّ	جمالی
عدد	۱۱۰

اس کی مداومت کرنے والا نگاہِ خلائق میں بزرگ مرتبہ اور مالدار ہوتا ہے۔

اَلْکَبِیْرُ	جمالی
عدد	۲۳۲

اس کی مداومت ہر مہم کو آسان اور نگاہِ امراء میں معظم کرتی ہے۔

اَلْحَفِیْظُ	جمالی
عدد	۹۹۸

اس کو اپنے پاس رکھنے والا جن بھوت۔ غرق۔ حرق وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔
روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے والا زنا چوری وغیرہ سے باز آتا ہے۔

اَلْمُقِیْبُ	جلالی
عدد	۵۵۰

دفع غربت و بدخوئی و گریہ اطفال کے لیے پانی پر روزانہ دس بار دم کر کے پلائے اگر روزہ سے ہلاکت کا ڈر ہو تو پھول پر دم کر کے سونگھے قوت آجائے گی۔

اَلْحَسِیْبُ	جمالی
عدد	۸۰

حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ ایک ہفتہ تک صبح و شام ستر بار پڑھے چور، حاسد، ظالم، دشمن چشم زخم سے نجات پائے گا۔ اور تمام کام درست ہوں گے۔

اَلْجَلِیْلُ	جمالی
عدد	۷۳

اس کو مشک زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے عزیز خلائق ہوگا۔ جو کوئی دس بار پڑھ کے اپنے اسباب پر دم کرتا رہے تو اسباب چوری سے محفوظ رہے گا۔

اَلْکَرِیْمُ	جمالی
عدد	۲۷۰

اس کو زیادہ پڑھنے والا مکرم ومعزز ہوگا۔

اَلرَّقِیْبُ	جمالی
عدد	۳۱۲

سات بار اہل وعیال واسباب پر دم کر کے دشمن سے حفاظت میں رہے گا۔کوئی گزندنہ اٹھائے گا۔

اَلْمُجِیْبُ	جلالی
عدد	۵۵

قبولیت دعا کے لیے روزانہ ستر بار وِرد کھے۔انشاء اللہ تعالیٰ ہر دعا مستجاب ہوگی۔

اَلْوَاسِعُ	جلالی
عدد	۱۳۷

اس کی مداومت سے قناعت وبرکت ومالداری حاصل ہوتی ہے۔

اَلْحَکِیْمُ	جمالی
عدد	۷۸

اس کی مداومت سے مشکلیں آسان ہوتی ہیں۔دس بار روز پڑھنے والے کی عقل بڑھتی ہے۔

جمالی	اَلْوَدُوْدُ
۲۰	عدد

اگر شوہر ناراض ہو سو بار کھانے پر دم کر کے عورت کھلاتی رہے شوہر راضی ہو جائے گا۔

جمالی	اَلْمَجِیْدُ
۵۷	عدد

جذامی اور برص کی بیماری والا ایام بیض کے روزے رکھے اور افطار کے وقت ایک ہزار بار یہ اسم پانی پر دم کر کے پیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہو گی۔ دوسرے امراض کا مریض ایسا ہی کرے فائدہ مند ہو گا۔

جمالی	اَلْبَاعِثُ
۵۷۳	عدد

جو کوئی سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کے یہ اسم سو بار پڑھا کرے اس کا دل روشن ہو گا اور برکات حاصل ہوں گے۔

جمالی	اَلشَّهِیْدُ
۳۱۹	عدد

غیر صالح اولاد کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کے یہ اسم اکیس بار روزانہ پڑھا کرے اولاد صالح ہو گی۔ گم شدہ مال کے ملنے کے لیے کاغذ کے چاروں کونوں پر یہ اسم اور بیچ میں مال کا نام لکھ کے آدھی رات کو ہاتھ پر رکھے اور منہ آسمان کی طرف کر کے الٰہی میرا یہ گم شدہ مال مل جائے کہے۔ انشاء اللہ جلد مل جائے گا۔ قیدی آدھی رات کو سر برہنہ ایک سو ساٹھ

(160) بار پڑھے رہا ہو جائے گا۔

اَلْوَکِیْلُ	جمالی
عدد	٦٦

اس کی مداومت برق و آتش و باراں و دشمن سے بے خوف کرتی ہے۔

اَلْقَوِیُّ	جلالی
عدد	١١٦

جمعہ کی دوسری ساعت میں سو بار پڑھے دشمن مقہور ہوں گے اور نسیان دفع ہوگا۔

اَلْمَتِیْنُ	جمالی
عدد	٥٠٠

زیادتی شیر کے لیے گلے میں ڈالے منصب و جاگیر پانے کے لیے یکشنبہ کی پہلی ساعت میں تین سو ساٹھ بار پڑھے۔

اَلْوَلِیُّ	جمالی
عدد	٤٦

اس کی مداومت کرنے والا دلوں کی باتوں سے آگاہ ہوتا ہے اور بری عادتیں چھوٹ جاتی ہیں۔

اَلْحَمِیْدُ	جمالی
عدد	٦١

اس کو سو بار پڑھنے والا بدزبانی اور افعال ناپسندیدہ سے محفوظ رہتا ہے۔

اَلْمُحْصِیُ	جلالی
عدد	۱۴۸

شب جمعہ کو ایک ہزار ایک بار پڑھنے والا عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔

اَلْمُبْدِئُ	جلالی
عدد	۵۶

جس کا حمل ساقط ہو جایا کرتی ہے اس کے پیٹ پر روزانہ ستر بار دم کرے زندہ اولاد ہوگی۔ اس کی مداومت بدگوئی اور جھوٹ سے بالکل بچاتی ہے۔

اَلْمُعِیْدُ	جمالی
عدد	۱۲۴

گم شدہ کے لیے آدھی رات کو گھر کے کونوں پر ستر ستر بار دم کر کے کہے یا مُعِیْدُ فلاں واپس آ جائے۔ انشاءاللہ جلد واپس آئے گا۔

اَلْمُحْیِ	جلالی
عدد	۴۹۰

درد اندام و امراض کے دفیعہ کے لیے سات دن تک سات بار پڑھے اچھا ہو جائے گا۔

اَلْمُمِیْتُ	جلالی
عدد	۴۹۰

اس اسم کو پڑھتے پڑھتے سو جانے والے کا نفس اس کا مطیع ہو جاتا ہے۔

اَلْحَیُّ	جلالی
عدد	۱۵۲

اس کی زیادتی اور مداومت تسخیر قلوب کے لیے اور دفع سحر کے لیے مفید ہے۔

اَلْوَاجِدُ	جلالی
عدد	۱۴

خلوت میں اس اسم کو پڑھنے والا جلد مالدار ہوتا ہے۔

خلوت میں اتنا پڑھے کہ بے ہوش ہو جائے تو انوار الٰہی حاصل ہوں گے اور اس کی مداومت کرنے سے مخلوق خدا کی نظروں میں عزت ہوگی۔ مرتبے میں بلندی ہوگی اور رزق میں کشائش اور روزگار میں برکت ہوگی۔

اَلْوَاحِدُ	جلالی
عدد	۱۹

اگر کسی کا دل خلوت سے ہراساں ہو تو ایک ہزار بار یہ اسم پڑھے خوف جاتا رہے گا۔ اور مقرب حضرت حق ہوگا۔ طلب دولت کے لیے بہت پڑھے اور طلب اولاد کے لیے اپنے پاس رکھے۔

اَلْاَحَدُ	جلالی
عدد	۱۳

جو کوئی یہ اسم نو بار پڑھ کے حاکم کے پاس جائے عزت اور سرفرازی پائے گا۔

اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ کو ملا کے ایک سو بار پڑھے اور مار گزیدہ پر دم کرے صحت ہو گی۔

اَلصَّمَدُ	جمالی
عدد	۱۳۴

جو کوئی سحر کے وقت یا آدھی رات کو سجدہ کر کے ایک سو پندرہ بار یہ اسم پڑھے صادق الحال والقال ہو اور ظالم سے چھٹکارا پائے۔ زیادہ پڑھنے والا بھوکا نہ رہے گا۔

اَلْقَادِرُ	جلالی
عدد	۳۰۵

جو کوئی وضو میں ہر عضو دھوتے وقت یہ اسم پڑھے۔ ظالم جابر سے محفوظ رہے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔ مشکل کے حل ہونے کے لیے اکتالیس بار پڑھے۔

اَلْمُقْتَدِرُ	جلالی
عدد	۷۴۴

رجوع خلائق کے لیے سوتے وقت اور صبح کو اٹھتے وقت بیس بیس بار پڑھے اس کی مداومت غفلت اور نسیان دور کرتی ہے۔

اَلْمُقَدِّمُ	جلالی
عدد	۱۸۴

جنگ میں پڑھنے یا پاس رکھنے والا فتحیاب ہوتا ہے اور مداومت سے متبع شریعت ہو جاتا ہے۔

اَلْمُؤَخِّرُ	جلالی
عدد	۸۴۶

سو بار پڑھنے والے کی مشکل حل ہو جاتی ہے اور ماسوی اللہ سے مستغنی ہوتا ہے
اور نفس مطیع ہو جاتا ہے۔

اَلْاَوَّلُ	جلالی
عدد	۳۷

مراد بر آنے کے لیے سو بار چالیس دن پڑھے اولاد ہونے کے لیے چالیس شب
جمعہ ہر شب میں ہزار مرتبہ پڑھے۔

اَلْاٰخِرُ	جلالی
عدد	۸۰۱

نجات عقبیٰ کے لیے اس کی مداومت کرے۔

اَلظَّاهِرُ	-
-	-

نماز اشراق کے بعد پانچ سو بار پڑھنے والے کا دل روشن ہوتا ہے۔ بصارت
زیادہ ہوتی ہے اور برق و باد سے بے خوف ہوتا ہے۔

اَلْبَاطِنُ	مشترک
عدد	۶۲

اس کی مداومت عزیز خلائق کرتی ہے۔ تینتیس بار روزانہ پڑھنے والا واقفِ اسرارِ

الٰہی ہوتا ہے۔

تسخیر کے لیے گیارہ بار روزانہ پڑھے اس کی مداومت سے گھر آفاتِ ارضی و سماوی سے محفوظ رہتا ہے۔

اَلْمُتَعَالِیْ	جلالی
عدد	۵۵

اس کی مداومت مصائب کو دور کرتی ہے اگر یکشنبہ کو بوقت شب غسل کرے اور منہ آسمان کی طرف کر کے دعا مانگے قبول ہوگی۔

زانی اور شراب خور سات بار روزانہ پڑھے تائب ہو جائے گا اس کی مداومت آفات سے بچاتی ہے۔

اَلتَّوَّابُ	جمالی
عدد	۴۰۹

چاشت کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ بار پڑھے توبہ نصوح حاصل ہوگی۔ نفس مطیع ہوگا۔ مشکلیں حل ہوں گی۔

اَلْمُنْتَقِمُ	جمالی
عدد	۶۳۰

جائز محبت میں محبوب کو اپنا والہ و شیدا بنانے کے لیے نہایت بہترین عمل ہے اکثر مرتبہ کا مجرب ہے۔ چاہئے کہ مندرجہ ذیل سات چیزوں کو لائے اور ان پر جُدا جُدا سورۂ فرقان دم کرکے سب کو ایک جگہ کرکے محبوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کھاتے ہی عاشق و فریفتہ ہو جائے گا۔

(1) قند۔ سورہ فاتحہ اکتالیس بار دم کرے (2) مصری سورہ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ اکتالیس بار دم کرے۔ (3) بادام۔ اذا زلزلت الارض اکتالیس بار دم کرے۔ (4) نارجیل سورہ لِاِيْلٰفِ اکتالیس بار سورۂ اخلاص دم کرے (5) شہد اکتالیس بار دم کرے۔ (6) خرما۔ سورۂ وَالتِّيْنِ اکتالیس بار دم کرے۔ (7) کشمش۔ سورہ اَلَمْ

نَشْرَحْ اکتالیس باردم کرے۔

پھر ان سب چیزوں کو ایک جگہ کرے اور محبوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً مقصد حاصل ہوگا۔

محبت کے لیے مجرب عمل

اپنے ہاتھوں کے ناخن تراشنے اور ان کو جلا کر خاکستر کرے پھر اس خاکستر پر مندرجہ ذیل کلمات ستر بار پڑھ کر دم کرے محبوب کو جس طرح بن پڑے کھلائے وہ کھاتے ہی فریفتہ ہو جائے گا کلمات یہ ہیں۔

﴿اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمَانَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ط﴾

محبت کے لیے ایک آسان عمل

مندرجہ ذیل آیت شریفہ کو ایک ہزار مرتبہ روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر میں ڈالے اور بدن اور منہ پر مل کر کے محبوب کے پاس جائے وہ دیکھتے ہی فریفتہ ہوگا۔ آیت یہ ہے۔ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ط ۔

حاضری محبوب کے لیے ایک عمل

عروج ماہ میں شب کے وقت تنہا مکان میں کلمات ذیل معشوق کے مکان کی طرف منہ کر کے ایک ہزار مرتبہ روز پڑھا کرے انیس روز کے اندر انشاء اللہ تعالیٰ افتاں و

خیزاں بیقرار ہوکر محبوب روانہ ہوگا۔ بیحد مجرب ہے۔ کلمات یہ ہیں۔

﴿ یَا عَطُوْفُ وَ لُفُوْفَ اللِسَانِ اَعْطِف علٰی قَلْبِ فلاں ابن فلاں علی حبّ فلاں ابن فلاں بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط ﴾

حاضری محبوب کے لیے ایک اور نادر عمل

عروج ماہ میں شب کے وقت ایک مقام اور آیت وقت مقرر کر کے تنہائی میں بیٹھ کر مندرجہ ذیل آیت شریفہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پڑھتے وقت منہ طرف خانہ محبوب کے ہو اور تصور ہو کہ محبوب ہاتھ باندھے ہوئے سامنے کھڑا ہے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد محبوب حاضر ہوگا مجرب ہے آیت شریفہ یہ ہے۔

﴿ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ لِحُبِّ فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بنت فلاں ﴾

دستِ غیب کے لیے نہایت سریع الاثر عمل

عروج ماہ کی نو چندی جمعرات کو غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہن کر عطر لگا کر گوشہ تنہائی میں بیٹھ کر بعد نماز مغرب باشرائط طریقہ عمل پابندئ وقت و مقام چالیس دن تک اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف اور درمیان درود شریف کے سات سو ستاسی مرتبہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیں۔ جلد ختم ہونے کے بعد دست غیب شروع ہو جائے گی۔ لیکن پہلے چلے میں وقت مقررہ اور مقام معینہ کی قید ہے یعنی بعد از نماز مغرب

جس وقت عمل شروع کیا جائے ہر روز اسی وقت عمل کرنا چاہئے اور بس گوشۂ تنہائی میں اول روز بیٹھ کر پڑھا ہے چالیس روز تک صاف جگہ بیٹھ کر عمل شروع کیا جائے۔ کسی روز ترک نہ کریں مگر جگہ کی پابندی لازم نہیں۔ جہاں چاہیں پڑھیں جو دست غیب ہو اس کا ذکر کسی سے نہ کریں۔ دستِ غیب کس مقدار میں ہو گی اس کا اعلام الغیوب کو ہے۔ ظاہر بظاہر اتنا ضرور ہو گا کہ تمام ضرورتیں ہر طرح دفع رہیں گی اور ایسی جگہ سے کام بنتا رہے گا جس کا علم اور گمان تک نہ ہو گا۔

دستِ غیت کے لیے ایک اور مجرب عمل

ایام بیض میں روزہ رکھ کر صبح و شام ایک ایک بار دعائے سیفی پڑھیں اور آدھی رات کو اٹھ کر دو رکعت نماز اس طریقہ سے پڑھیں کہ ہر رکعت میں الحمد کے بعد گیارہ بار سورۂ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد تین بار دعائے سیفی پڑھیں اور ایک اشرفی اپنے سامنے رکھیں اور اکتالیس بار آیۃ ملک پڑھ کر اشرفی پر دم کریں اور شش جہت میں بھی دم کریں۔ پھر اشرفی سرہانے رکھ دیں تین شب متواتر یہ عمل کرتے رہیں۔ چوتھی شب کو غیب سے دوسری اشرفی اس اشرفی کے پاس آجائے گی۔ اس کو خرچ میں لائیں اور آئندہ ہمیشہ اس عمل کو جاری رکھیں یعنی ہر شب وظیفہ کے طور پر دعائے سیفی ایک بار اور آیت مذکور اکتالیس بار پڑھتے رہیں تاکہ عمل کا سلسلہ ہمیشہ قائم رہے نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

دستِ غیب کے لیے ایک اسراری نقش

نقش اسم ذات یعنی اللہ کی پوری زکوٰۃ ایک لاکھ پچیس ہزار کی تعداد پوری

کرنے سے ہوتی ہے لیکن ایک ہزار نقش لکھنے کے بعد دستِ غیب شروع ہو جاتا ہے۔
طریقہ عمل یہ ہے کہ اسم ذات وشب کے وقت بعد نماز عشا بارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر دس دس بار پڑھنا ضروری ہے نیز نقش اسم ذات لکھتے وقت بھی دس دس مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھنے کا خیال رکھیں۔ نقوش اسم ذات کو آرد گندم میں گولی بنا کر دریا میں ڈالیں۔ جب پوری ہو چکیں تو آئندہ ہمیشہ چھیاسٹھ نقش روزانہ لکھا کریں۔ نقش اسم ذات یہ ہے۔

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک نقش روزانہ لکھ کر آرد گندم میں گولی بنا کر دریا میں ڈالیں یہ عمل ایک سال میں پورا ہو جائے گا۔ لیکن ۱۲ نقش روزانہ لکھ کر دریا میں ڈالا کرے تا کہ عمل ہمیشہ قائم رہے۔ اس کے بعد ہر مقصد کے لیے یہ نقش دیا جا سکتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ہو گی۔ نیت جائز کی شرط ہے۔

دستِ غیب کے لیے ایک اور مجرب عمل

اگر پندرہ کا نقش جو ذیل میں درج ہے ایک لاکھ اسی نقش لکھ کر موافق طریقہ عمل دریا میں ڈالے تو بفضل خدا لایزال و بقدرت رب متعال اسے بارہ روپے ہر روز غیب سے ملا کریں گے چاہئے کہ انہیں صرف کر ڈالے لیکن شرع امور میں اس رقم کا ایک پیسہ بھی خرچ نہ کرے ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔ نقش پندرہ کا یہ ہے۔

۴	۱۰	۱
۳	۵	۸
۹	-	۶

عمل برائے رفع تنگدستی وادائیگی قرض

عروج ماہ کی نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہن کر گوشۂ تنہائی میں بیٹھ کر بشرائط تمام طریقہ عمل چالیس دن تک نماز عشا کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان درود شریف کے دوسو مرتبہ دعائے ذیل پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ اول چلہ میں قرض ادا ہو جانے کی صورت نکلے گی۔ دوسرے چلے میں قرض ادا ہو جائے گا اور تیسرے چلہ میں کبھی قرض لینے کی ضرورت نہ پڑے گی اگر چوتھا چلہ پڑھ لیا تو دوسروں کو قرض دینے کی استطاعت ہو جائے اور ہمیشہ یہ عمل جاری رکھا تو اتنا روپیہ آئے گا کہ اس کے رکھنے کی جگہ نہ رہے گی دعا یہ ہے۔

﴿ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ﴾

عمل رفع تنگدستی وحصول برکت کے لیے

مندرجہ ذیل نقش مکرم یَا بَاسِطُ کا ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اول تہتر نقوش لکھے۔ بہتر نقوش آرد گندم میں لپیٹ کر روزانہ دریا میں ڈال دیا کرے دوسرے دن بہتر نقش لکھے اول روز والا نقش جو ایک زائد لکھا وہ ان میں ملا دے اور تازہ نقش ان میں سے ایک نکال لے اور بہتر کو بطریق بالا دریا میں ڈالا کرے۔ چالیس یوم اسی طرح کرے۔ آخری دن یعنی چالیسویں روز ان بہتر نقوش کو بنا گولی بنائے دریا میں ڈالے بہتر نقوش تو اِدھر اُدھر تیرتے چلتے جائیں گے۔ تہترواں نقش جو چڑھائی کی طرف چڑھے اس کو پکڑ لے اور

لے آئے اس نقوش کو اپنے روپے پیسے خرچ کرنے بٹوے یا صندوقچے میں رکھ لے۔انشاءاللہ وہ بٹوا یا صندوقچہ کبھی خالی نہ رہے گا۔اس کی برکت سے بھرا ہی رہے گا نقش یہ ہے۔

۶	۴۸	۱۸
۳۶	ـ	۱۲
۳۰	یاباسِطُ	۴۲

وسعت رزق کے لیے مجرب ہے

ہر روز بعد نماز عشاء اول وآخر گیارہ بار درود شریف اور درمیان دوسو مرتبہ دعائے ذیل پڑھا کریں۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا غَالِبُ غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَارَازِقُ ذِى الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ط﴾

ترقی روزگار ومراتب کے لیے کارآمد عمل

عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہن کر گوشۂ تنہائی میں بیٹھ کر بعد از نماز مغرب دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اس کے بعد اول وآخر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں موافق اعد الحمد پڑھیں جو ذیل میں درج ہیں لیکن اکیس روز تک وقت کی پابندی کریں۔اور جگہ بھی نہ بدلیں جو طریقہ عمل لکھا جا چکا ہے اس کے پابند رہیں۔ عمل جس وقت اول روز پڑھا ہے۔اکیس یوم تک اسی وقت شروع کیا جائے ختم چاہے۔جس وقت ہو پھر انشاءاللہ ضرور مراد پوری ہو گی۔ بہت مجرب ہے۔عمل کرنے والے اس عمل کی بدولت بالکل ادنیٰ عہدوں سے نہایت اعلیٰ

عہدوں پر پہنچ جاتے ہیں۔

ا ل ح م د ہ ر ب ع ی ن ۱ ۳۰ ۸ ۴۰ ۴ ۵ ۴۰۰ ۲۰۰ ۲

۷۰ ۵۰ ۱۰ ک و س د ت ص ط ن ذ غ ض ۲۰ ۶۰ ۶ ۴۰۰ ۶۰۰

۹۹۰ ۱۰۰ ۷۰۰ ۱۰۰۰ ۸۰۰

اول دن سورہ الحمد ایک مرتبہ دوسرے دن تیس مرتبہ اسی طرح اکیس یوم اعداد متذکرہ بالا کے مطابق پڑھے۔ بعد ختم چلہ ہر روز بطور وظیفہ پینتیس پڑھتا رہے تا کہ عمل باطل نہ ہو بیحد مجرب ہے۔

وسعت رزق کے لیے عجیب وغریب

آیت مبارکہ یعنی قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ سے تا بِغَيْرِ حِسَابٍ ط اس طریقہ سے پڑھے کہ اول حرف میم صورت مندرجہ کا ہ م، ایک کاغذ سفید پر لکھ کر ایک کمرہ یا کوٹھری میں جہاں کوئی دوسرا شخص نہ آئے۔ قبلہ رو لٹکائے اور شروع ماہ نوچندی جمعرات سے بعد نماز صبح عمل شروع کرے یعنی بعد نماز صبح دو رکعت نماز حاجت پڑھے پھر اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے اور ۲۱ مرتبہ آیہ مذکورہ اس طور سے پڑھے کہ نظر حرف میم کے سر میں جو درمیان سے خالی ہے رکھے پڑھتے وقت نظر دوسری جانب نہ کرے۔ چالیس روز تک یہ عمل پڑھے اور جو طریقہ عمل پڑھنے کا ہے اس پر پوری پابندی کرے۔ انشاء اللہ تعالٰی بعد چالیس روز کے کثرت مال و منال سے مالا مال ہو جائے گا۔

برائے وسعت رزق

ہر روز نماز عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں تین سو ساٹھ مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھا کرے یہ اسم اعظم ہے۔

قضائے حاجات کے لیے اکسیری عمل

آیت الکرسی اَللّٰهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ بعد نماز عشاء یہ اعداد کرسی یعنی نوسو نوے مرتبہ اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پابندی وقت مقام وکل شرائط متعلق خوانی چالیس دن تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔ فتوحات کے دروازے اس پر کشادہ ہو جائیں گے کثرت مال و منال سے مالا مال ہوگا۔ عزت و جاہ میں افزونی ہوگی دشمن مقہور ہوں گے اور دوست مہربان ہوں گے۔ محبوب خلائق ہوں گے اگر برائے محبت شرعی اس کو پڑھا جائے گا تو کامیابی ہوگی۔ غرض ہر کام کے لیے مجرب ہے۔

نوع دیگر:

آیت الکرسی اپنے نام کے اعداد کے برابر پابندی وقت و جگہ چالیس دن تک پڑھے تو تنگدستی دور ہو کر فقر و فاقہ سے نجات ملے گی۔ غیب سے روزی ملے گی یہ طریقہ بھی نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

نوع دیگر:

آیت الکرسی کسی سخت مہم کے لیے جو اس کو پیش آئے اس طرح پڑھے کہ اول ایک خط بطور حصار اپنے گرد کھینچ لے اول وآخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر درمیان میں ستر بار آیت الکرسی پڑھے انشاء اللہ ایک ہی روز میں مہم سر ہو جائے گی۔ ورنہ تین روز متواتر پڑھے انشاء اللہ مہم آسان ہو جائے گی۔

تنگدستی وافلاس دور کرنے کے لیے مجرب عمل

نوچندی جمعرات کی شام کو قریب غروب آفتاب غسل کر کے کپڑے صاف پہنے عطر لگائے نماز مغرب اول وقت بخشوع وخضوع ادا کرے پھر دو رکعت پڑھ کر بیٹھ جائے اور پانچ تسبیحیں درود شریف کی پڑھے پھر سورۂ واقعہ کی تلاوت پانچ مرتبہ کرے الا ہر مرتبہ سورہ ختم کرنے کے بعد ایک ایک دفعہ یہ دعا پڑھے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِىْ السَّمَاءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ يَسِيْرًا فَكَثِّرْهُ وَاِنْ كَانَ كَثِيْرًا فَطَيِّبْهُ وَاِنْ كَانَ طَيِّبًا فَبَارِكْ لَنَا فِيْهِ ط بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط ﴾

آئندہ شب جمعہ تک اسی طرح پڑھتے رہیں مگر نماز حاجت اور درود شریف ہر شریف پڑھنے کی کیا ضرورت نہیں آئندہ شب جمعہ میں بجائے پانچ مرتبہ کے چھ مرتبہ سورۂ واقعہ اور چھ ہی مرتبہ یہ دعا پڑھتے کے بعد ایک ہفتہ کے اندر یہ خواب دیکھا کہ نجاست میں

گر گیا۔ اور بھر گیا تو جان لو کہ افلاس دور ہو گیا۔

عمل چشتیہ خاص الخاص برائے جملہ حاجات

مشاہدات معینی میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ نے حضرت خواجہ معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ:

اے معین الدین جو کوئی سورہ فاتحہ کو کسی مہم اور حاجات کے واسطے صدق دل سے پڑھے اگر وہ حاجت بر نہ آئے، حشر میں میرا دامنگیر ہو اور فرمایا کہ آثار مشائخ طباقات میں اس درویش نے لکھا دیکھا ہے کہ سورہ فاتحہ حصول مراد کے واسطے بکثرت پڑھنا چاہیے۔

حضرت رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا ہے کہ جس کو کوئی مہم پیش اس سورۃ کو اس طرح عمل میں لائے کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط کی لام سے کسرہ کے ساتھ ملا دے۔ یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور جب وَلَا الضَّالِين پر پہنچے تین بار آمین کہے اللہ تعالیٰ مشکل آسان کرے گا۔ پھر اسی موقع پر فرمایا کہ نبی کریم علیہ السلام نے فرمایا کہ: اَلْفَاتِحَةُ شِفَاءٌ كُلِّ دَاءٍ سورۃ فاتحہ ہر درد کے واسطے شفا ہے پھر فرمایا کہ ایک دفعہ سلطان ہارون رشید نور اللہ مرقدہٗ دو برس سے کسی مرض میں مبتلا تھے۔ اطباء علاج سے دست بردار ہو گئے تھے۔ سلطان نے وزیر کو خواجہ فضل بن عیاض رحمۃ اللہ کی طرف روزانہ کیا اور کہلا بھیجا کہ آپ یہاں قدم رنجہ فرما کر دعا فرمائیں وزیر نے خدمت میں حاضر ہو کر پیغام عرض کیا۔ حضرت خواجہ اٹھے اور ہارون کے پاس پہنچے اور اس کے سر پر ہاتھ رکھا اور سورہ فاتحہ اکیس بار پڑھ کر دم کی اسی دم صحت پائی۔

اسی مشاہدات معینی میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ غریب نواز قدس سرہٗ فرماتے ہیں ایک مرتبہ میں پیر و مرشد کی خدمت میں بیٹھا تھا اور درویش وہاں موجود تھے اور مقدمین کے

مجاہدہ تھا اس درمیان میں ایک پیر مرد ضعیف ونحیف ہاتھ میں عصا لیے ہوئے آیا اور سلام کیا۔ حضرت شیخ اٹھے اور بخوشی تمام اس کو اپنے پاس بٹھایا اس نے عرض کیا کہ تیس برس ہوئے کہ میرا لڑکا گم ہو گیا ہے۔ اس فراق میں میرے ہوش وحواس جاتے رہے ہیں اور میرا یہ حال ہوا ہے حضور سے فاتحہ واخلاص کی امید رکھتا ہوں ۔ جب اس قبلہ حاجات نے یہ بات سنی مراقبہ فرمایا اور تھوڑی دیر کے بعد سر اٹھایا اور حاضرین کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ سورۂ فاتحہ سورۃ اخلاص پڑھو۔ سبھوں نے پڑھی۔ پھر حضرت شیخ نے اس بڑھے سے کہا کہ تم جاؤ تھوڑی دیر کے بعد لڑکے کو یہاں لانا وہ یہ سنتے ہی وہاں سے چلا ابھی راہ میں تھا کہ ایک شخص نے اس کا ہاتھ پکڑ کر کہا مبارک ہو کہ تیرا لڑکا آگیا۔ پیر مرد بہت خوش ہوا گھر پہنچا اور لڑکے کو جو وہاں پایا خوشی کے مارے جامہ میں پھولا نہ سمایا اور کلمات زبان پر لایا۔

اے خدا قربان احسانت شوم   ایں چہ احسانت قربانت شوم

پھر وہ بڑھا اپنے فرزند کو ساتھ لے کر حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سر قدموں پر رکھا اور لڑکے کو قدمبوس کرایا اللہ اکبر یہ خوبیاں سورۂ فاتحہ میں ہیں کہاں تک کوئی بیان کرے۔

دستِ غیب وکشائش رزق کے لیے

مندرجہ ذیل وظیفہ فلاکت وتنگدستی اور پریشانی لاحق ہو تو اس بااعتقاد راسخ ہر روز بلاناغہ بعد نماز عشاء وقت کی پابندی کے ساتھ دو سو مرتبہ پڑھا کرے اور بارہ عدد یہ نقش ہر روز سفید کاغذ پر لکھ کر فلیتہ بنا کر کوئلوں کی آگ پر جلا کر خاک اس کی دریا میں ڈالا کرے۔ انشاء اللہ بعد چند روز کے خزانہ غیب سے اس کی مدد شروع ہو جائے گی۔ عمل شریف حسب ذیل ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا دَائِمُ العِزِّ وَالْبَقَايَا وَاهِبَ الْحُرْدِوَالْعَطَاءِ يَا وَدُوْدُ ذُوْ الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَـا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدً لِا وَّلِنَا وَاٰخِرِ نا وَ اٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰازِقِيْنَ ط بِحُرْمَةِ تنكفيلُ بِحَقِ يَا صَمَدَ الْغَفَّارُ ذُوالْمَنَنِ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ يَاوَاحد يَا صَمَدُ﴾

نقش معظم یہ ہے۔

حج	ح	لے
لے	لا	ع
۹	۱۱۶۱ لا	٦

کشائش رزق کے لیے ایک نایاب عمل

کہ معاش کی قلت جب حد سے زیادہ مفلسی نے چاروں طرف سے گھیر لیا ہو تو غیبی امداد حاصل کرنے کے لیے ان آیات کریمہ کو با اعتقاد تمام رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بطفیل و تصدق اس عمل پاک کے اپنے جمیع مقاصد میں کامیاب ہوگا۔

ترکیب اس عمل کی یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ و جمعہ غسل کرکے روزہ رکھے اور قبلہ رو بیٹھ کر سورۂ یٰس پڑھے اور آیات مبارکہ کو ہرن کی کھال پر سیاہی سے لکھے اور دوات ایسے آدمی نیک بخت اور متقی کی ہو جو ممنوعات شرعی سے محترز ہو۔ بعدہٗ اس کو کشادہ کرے اور پھر بحفاظت اپنے رکھے جو کچھ چاہے گا انشاء اللہ خدا سے پائے گا۔

آیات ہیں۔

﴿اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِ اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ؕ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ؕ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾

ترقی روزگار کے لیے:

مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کو کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر ہر چہار گوشۂ دوکان یا خانہ باغ میں دفن کرے خیر و برکت ہوگی اور مال تجارت میں کثیر نفع ہوگا۔ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

﴿ الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ
رَّبِّكَ الْحَقُّ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ ؕ اَللّٰهُ
الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰی
عَلَی الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ یَّجْرِیْ
لِاَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّكُمْ
بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ؕ وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ
وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ
جَعَلَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ
فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ؕ ﴾

دوکان یا تجارت میں نفع کثیر ہونے کے لیے

چاہیے کہ ان آیات مقدمہ کو بروز یکشنبہ شاعت پنجم میں ہرن کی کھال پر لکھ کر کپڑے میں پیچید کر کے مکان یا دوکان میں دفن کرے بہت نفع حاصل ہو اور رجوع خلق اس کی طرف ہو۔ آیات مقدمہ یہ ہیں۔

﴿ اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی
عُرُوْشِهَا قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَاَمَاتَهُ
اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا
اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی

طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ
وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ ط كَيْفَ
نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا فَلَمَّا ۔ تَبَيَّنَ لَهٗ قَالَ اَعْلَمُ
اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط ﴾

حصول ملازمت کے لیے نہایت سریع الاثر عمل

ذریعہ معاش سے تنگدست اور پریشان انسان کے لیے مندرجہ ذیل عمل مبارک بیحد سریع التاثیر ہے۔ چاہئے کہ شروع چاند بروز پنجشنبہ و جمعہ روزہ رکھے اور شب جمعہ کو تمام سورۂ یوسف پڑھے اور بروز جمعہ درمیان ظہر وعصر کے ان آیات مقدسہ کو لکھے اور بازو پر باندھے وقت افطار سورہ یوسف کو پڑھے۔ اور یہ سور یہ نماز عشا میں بھی پڑھے غرضہ تین مرتبہ سورہ یوسف پڑھے اور سوتے وقت لا الہ الا اللہ وسبحان اللہ اور درود سو مرتبہ پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ ملازمت حاصل ہوگی اور بیکاری دور ہو جائے گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

﴿وَ قَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ فَلَمَّا
كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ط قَالَ
اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ط
وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ط يَتَبَوَّءُ مِنْهَا
حَيْثُ يَشَآءُ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ
اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ط ﴾

حصول روزگار کے لیے ایک اور مجرب عمل

قرآن پاک کی اس آیت مبارکہ کو عروج ماہ میں مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ فوراً ملازمت حاصل ہوگی۔ یا کسی اور روزگار سے مستفید ہوگا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

﴿اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ط يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ط﴾

کشائش رزق کے لیے:

کتب معتبرہ میں اس عمل کی نسبت لکھا ہے کہ کشائش رزق کے لیے یہ عمل جادو اثر ہے جو شخص تلاش معاش میں سرگرداں وحیراں ہو اس کی روزی کا کوئی سامان نہ ہو تو چاہئے کہ نہایت خشوع وخضوع سے دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے اِنَّـآ اَعْـطَـيْـنَـا تین بار و اخلاص ومعوذتین ہر ایک تین تین بار پڑھ اور بعد سلام یہ دعا پڑھے:

﴿اَللّٰهُمَّ يَارَزَّاقَ الْمَقْلُوْلِيْنَ يَا اَرْحَمَ الْمَسَاكِيْنَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنِ وَغِيَاثَ الْمُسْتَغِيْضَ اِغْفِرْلِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَاءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا لِرَّبِّهٖ وَاِنْ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ

وَاِنْ كَانَ يَسِيرًا فَكَثِّرْهُ وَاِنْ كَانَ كَثِيرًا فَبَارِكْ فِيهِ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ط يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ
اَجْمَعِيْنَ ۔﴾

فراخیٔ رزق کے لیے چند مجرب اعمال

رسول اللہ علیہ التحیۃ والتسلیم نے فرمایا کہ جو کوئی ہر روز سو بار کہے۔ لَاۤ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ط حق تعالیٰ اس کو غنی کرے اور فقر سے بے خوف رہے گا۔

ایضاً:

اور ارشاد فرمایا کہ ہر روز صبح کو اکتالیس بار اس دعا کو پڑھنے والا مفلسی اور فقر سے نجات پائے گا۔ دعائے معظم یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَ اَهْلِيْ وَمَا لِيْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ
لِيْ فِيْ مَا قُدِّرَ وَ اَرْضِنِيْ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ حَتّٰى لَا
اُحِبَّ تَعْجِيْلَ شَيْءٍ اَخَّرْتَ وَتَاْخِيْرَ شَيْءٍ عَجَّلْتَ﴾

ایضاً:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کیا کہ حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی بروز جمعہ ستر مرتبہ کہے۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ انشاءاللہ دو جمعہ بھی نہ

گزریں گے کہ خدا اس کو غنی کر دے گا۔

ایضاً:

اور ارشاد فرمایا کہ اس دعا کو پڑھنے والا فقر و فاقہ سے محفوظ رہتا ہے۔

﴿تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْراً ط﴾

ایضاً:

اور ارشاد فرمایا کہ مفلس و محتاج انسان اس دعا کو ہر روز یا اپنے پاس رکھے انشاء اللہ غنی ہو جائے گا۔

﴿ اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ عَالِمَ السِّرِّوَالْخَفِّتهِ يا مِنَ السَّمٰوٰتِ لعظمَةِ وَيَا مِنَ الْاَرْضِ بِعِزَّةِ جَلَالِهٖ مُكَلِّبَةٌ وَيَا مِنَ الْاَ نْوَارِ مَنْ اَحْسَنُ نُورِ فَيضِيْئَةٌ مِن الرِّياحِ تَمْشِيَّةً ندرَتـه ومن اِرَادتِهٖ نَا سِيَةٌ وَيَامَنْ ابخٰى يُوْسُفَ مِنْ دقِ عَبُورِيَّةٍ كهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ يَا مَنِ اِسْمُهٗ فِى التَّورٰةِ اِهْيا شِراهِيًا وَمَنْ اِسْمُهٗ فِى الْاِنْجيْلِ شَامِلاً وَمَنْ اِسمه فِى الزبُورِ طَالِبًا مِربًا يَاد مَنْ اِسْمـه فِى صُحُفِ اِبْرَاهِيْمَ استرهُم وَيَامَنْ

اِسۡمُہٗ فِی الۡفُرۡوۡنِ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ
اَللّٰھُمَّ یَارَبِّ الۡعَالَمِیۡن یَا خَالِقَ الۡبُحۡرِ لِبَنِیۡ اِسۡرَائِیۡلَ
یَاسَامِعَ الصَّرۡتِ وَیَا سَابِقَ الصَّوۡتِ اَسۡئَلُکَ بِحَقِّ
ھٰذِہٖ الۡاَ مۡمَاء الھام شئی فیھَا وَتَفۡسِیۡرَ ھَا اَنۡ تَفۡتِحَ
عَلٰی اَبۡوابِ الرِّزۡقِ وَالخیر والبرکۃِ وَالسَّعَادَۃِ
وَالسَّلَامَۃِ وَحَیۡثُ مَا کَانَ وَحیث مَا تَوجہ انَّکَ
عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡر ط وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ
مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجۡمَعِیۡن ط ﴾

تنگدستی دور کرنے کے لیے ایک مجرب عمل

مفلسی اور تنگدستی دور کرنے کے لیے اس آیت مبارک کو روزانہ سات بار بعد نماز عشا تلاوت کرنا نہایت سریع الاثر ہے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

﴿ وَمَنۡ یَتَّقِ اللّٰہُ مَخۡرَجًا وَیَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَا
یَحۡتَسِبُ وَمَنۡ یَتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسۡبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ
بَالِغُ اَمۡرِہٖ ط قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا ط ﴾

ادائے قرض کے لیے ایک نہایت کامیاب عمل

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا مجھ کو نماز ایسی اور سکھا دیجئے کہ جس کے پڑھنے سے میرا قرض ادا ہو جائے جو قیاس سے زیادہ ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی بروز پنجشنبہ دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ رکعت اول میں بعد فاتحہ کے اِنَّـا اَ نْزَ لْنَا هُ دس بار اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ ایک بار پھر سلام پھیرے اور یہ دعا پڑھے۔

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ الْخَلْقَ وَ لَمْ یَخْلُقْ هُمْ یَجْلُبُ منْفعَه لَا یَزِیْدُ فِیْ عَلیه طَاعةُ المُطعین وَ یَصَدُّ ﴾

﴿وَ یَسْتَطِیْعُ وَ یُطْلَعُ وَ یَعْتَدِلُ وَ یَخْتَصُّ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَر عَدَدَ عِلْمِهٖ وَ مُنْتَهٰی حَمْلِهٖ فِیْ عَلَیْهِ ﴾

پھر اُٹھے اور دو رکعت نماز پڑھے رکعت اول میں بعد فاتحہ کے وَالْعَادِیَاتِ دس بار اور اخلاص ایک بار اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ایک بار اور رکعت دوم میں بعد فاتحہ کے سورہ قُلْ یَا یُّهَا الْکٰفِرُوْنَ دس بار اور اخلاص اور قل اعوذ برب الناس ایک ایک بار اور بعد سلام کے یہ دعا پڑھے قرض ادا ہو گا۔

﴿سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ط وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَلَهُ

الْكِبْرِيَآءُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْم پھر کہے يَا مَنْ ذِكْرُهٗ وَ شَرَفٌ لِلذَّاكِرِيْنَ وَيَامَنْ شُكْرُهٗ فَوْزٌ لِلشَّاكِرِيْن ط وَ يَا مَنْ صَحَاعُ امطْبِعِيْنَ وَ يَامَنْ وَافِتهُ مَلْجَئًا لِلْعَامِيْن وَمَنْ لَايَخْفٰى عَلَيْهِ نِنَاعُ الْمُحْتَاجِيْنَ وَمَنْ لَا يقطعُ عَنْهُ حَوَائِجُ السَّائِلِينَ اَسْئَلُكَ بِمَقعَدِ العِزِّمِنْ عَرْشِكَ وَ مُنْهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمْ وَ جَدِّكَ الْاَعْلٰى وَكَلِمَاتِكَ وَمناجاتِ اَنْ تصَلِّي علٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى الِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَقْضِىَ دِينى يَا حَيُّ يَا قَيُّوم ﴾

حصول دولت وعزت کے لیے

آیت ذیل کو تنہا مکان میں بیٹھ کر شب کے وقت اکتالیس روز تک بلا ناغہ ہر روز ایک ہزار بار پڑھیں اول و آخر درود شریف ضرور پڑھ لیا کریں۔ دوران تلاوت میں کسی سے بات نہ کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مدت مقررہ ختم نہ ہونے پائے گی۔ کہ غیب سے دروازے روزی کے کھل جائیں گے۔ دولت سے مالا مال ہو جائیں گے مجرب و آزمودہ ہے۔ آیت یہ ہے۔

﴿وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَايَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَحَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ

بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ﴾

قضائے حاجات کے لیے ایک عظیم المنافع دعا

حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حصول مقد کے لیے یہ تمام دعاؤں کا سرتاج ہے اور حضرت امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی اس دعائے منظم کا نام جامع الکلام رکھا اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے جو اس دعا کو اپنا وظیفہ کرے اس کی درماندگی اور پریشانی ہو اس دعائے معظم کی نسبت تمام اصفیہ اور جمیع حاجات دینی و دنیوی کے حصول کے لیے بے خطا اور موثر وظیفہ لکھا ہے افادہ عام کے لیے درج ذیل ہے۔

چاہئے کہ جب کوئی مشکل ایسی پیش آئے جو کسی تدبیر سے حل نہ ہوتی ہو تو اس وقت بعد نماز عشا کم سے کم ایک و ایک بار اور زیادہ جس قدر تلاوت ممکن ہو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیبی امداد حاصل ہو گی۔ اور وہ مشکل آسان ہو جائے گی۔ دعائے معظم یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَحْمَدُكَ عَلٰی كُلِّ نِعْمَةٍ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَاَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ وَاَسْتَعِيْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ وَمَلَاءٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ﴾

قضائے حاجات دینی و دنیوی کے لیے مجرب عمل

اگر کسی کو سخت حاجات پیش آ جائے اور وہ کسی طرح پوری نہ ہوتی ہو اس وقت چاہئے کہ چالیس دن تک روزانہ نمازِ عشاء کے بعد مکان خالی میں یہ اسم گیارہ سو مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔ بہت مجرب ہے۔ بعض علماء نے اس اسم پاک کو اسم اعظم لکھا ہے۔ اسم پاک یہ ہے۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ۔

قضائے حاجات کے لیے تیر بہدف عمل

جو شخص چالیس دن تک کسی مہم سخت کے لیے آدھی رات بیچ دریا میں کھڑا ہو کر روزانہ گیارہ سو مرتبہ ذیل کی آیت پڑھے اور اول و آخر اکیس مرتبہ پڑھے تو ہر مراد بر آئے گی۔ اگر دریا پر جانا ناممکن ہو تو ایسے مکان میں جس کے نیچے تہ خانہ نہ ہو پڑھے اور اپنے سامنے ایک طشت میں پانی بھر کے رکھ لے۔ چہرے اور سینہ پر پانی کا ہاتھ پھیرنا چاہئے لیکن مکان میں چراغ نہ جلائے۔ اگر گرمی زیادہ معلوم ہو تو کسی کوزہ میں پانی لے کر درود پڑھے اور دم لے اور پی لے جو درود یاد ہو وہ جتنا چاہے پڑھے بہت مجرب اور آزمودہ ہے مگر یہ یاد رہے کہ جو شخص پابندی سے نماز پڑھتا ہو اسے اپنی دعا قبول ہونے کی قطعی امید نہ رکھنا چاہئے پابندی نماز بہت ضروری ہے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط﴾

انقضائے حاجات کے لیے نادِ علی کا نادر عمل

صوفیائے کرام اور اولیائے عظام نے اس عمل مبارک نادِ علی کے خواص اور اسناد کتب معتبرہ نہایت طول وطویل تحریر فرماتے ہیں۔ اس مختصر کتاب میں اتنی گنجائش نہیں کہ ان سب کو بیان کیا جائے تاہم افادۂ عوام کی خاطر سے مختصراً تحریر کیے جاتے ہیں۔ عمل مبارک یہ ہے۔

﴿نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلِّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدًا بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ﴾

اسناد اس کی یہ ہے کہ:

اگر کوئی گرفتار اعداد دشمن ہو تو سات بار اس کو پڑھ کر ان دشمنوں کی طرف پھونکے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مقہور ہوں گے۔

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو اس کو سات بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی سے اس کو غسل کرائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو باطل ہوگا۔

اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو تو مشک زعفران سے چینی کے برتن پر لکھے اور دھو کر پلائے۔ انشاء اللہ صحت پائے گا لیکن پہلے بارہ بار پانی پر دم کر کے پلا دے۔

حصول دولت کے لیے ہر روز سولہ بار پڑھے انشاء اللہ جلد از جلد مراد پوری ہوگی۔

ترقی درجات وافزونی مراتب اور تسخیر سلاطین کے لیے ہر روز سو بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

بغض و عداوت کے لیے تین روز ہر روز 35 بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

حصول شجاعت اور دفعِ جن و آسیب کے لیے بیس روز ہر روز پچاس بار پڑھے۔

شفائے بیمار شدید کے لیے ستر بار پانی پر پڑھ کر بیمار کر پلائے دفع اعداء کے لیے اور ان کو ذلت پہنچانے کے لیے چھ روز ہر روز ستر بار پڑھے۔

حاسدوں کو خوار و ذلیل کرنے کے لیے دس روز ہر روز ہزار بار پڑھے کامیابی ہوگی۔ سخت مہم اگر درپیش ہو تو چالیس روز ہر روز چھیاسٹھ بار پڑھے انشاء اللہ وہ مہم ہو جائے گی۔ دفع جن کے لیے پندرہ مرتبہ پانی پر دم کر کے جس پر جن آتا ہوں اس کے منہ پر ڈالے۔ اگر کوئی کسی شدغم میں مبتلا ہو ہزار بار پڑھے۔ وہ غم اسی کا خوشی سے بدل جائے گا۔

اگر کوئی ظالم بادشاہ کے سامنے جانے والا ہو تو تین مرتبہ اس کے کان میں پڑھے غصہ اس کا برطرف ہوگا۔

اگر کسی پر تہمت لگائی گئی ہو تو صبح کے وقت اول ساعت چالیس بار پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے تہمت اس سے دفع ہو۔

اگر کسی کو غنی ہونے کی خواہش ہو ہر صبح کو پہلے کام کرنے سے اکانوے مرتبہ اس کو پڑھے انشاء اللہ غنی ہو جائے گا۔

زیادتی دولت وحشمت کے لیے ہر روز پانچ سو بار پڑھے۔

اگر کوئی دشمن کو مطیع و فرمانبردار کرنا چاہے تو تین روز اٹھارہ بار روزانہ پڑھا کرے۔

سخت مہم کو سر کرنے کے لیے دوگانہ گزار کر ستر بار پڑھے۔ انشاء اللہ خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔

دشمنوں کی زبان بندی کے لیے ہر روز دس بار پڑھے۔ جو کوئی آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم کے دیدارِ پُر انوار کی تمنا رکھے ہزار بار ہر شب کو پڑھ کر سویا کرے۔

وسعتِ رزق کے لیے ستر روز پانچسو بار پڑھے۔قیدی کی رہائی کے لیے ایک ہفتہ ہر روز ایک سو ساٹھ مرتبہ پڑھے قید سے رہا ہو۔

فراخی رزق کے لیے اس طرح کرے کہ بعد نماز عشا بارہ رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھے اور بعد سلام کے ستر بار کلمہ تمجید پڑھے پھر اس اسم کو چالیس بار پڑھ کے سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ روزی بہت ملے گی۔

نمازِ حاجت:

دینی و دنیوی حاجت کے لیے اگر کوئی پریشان ہو تو اس طرح کرے کہ پہلے غسل کرے۔اور پاک وصاف کپڑے پہنے بعد ازاں چار رکعت نماز حاجت اول شب جمعہ میں اس طرح ادا کرے کہ رکعت اول میں بعد فاتحہ کے سو بار اُفَوِّضُ اَمْرِی اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ط اور رکعت دوم میں بعد فاتحہ کے سو بار نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْب اور رکعت سوم میں بعد فاتحہ کے سو بار لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اور رکعت چہارم میں بعد فاتحہ کے سو بار غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَ اِلَیْکَ الْمَصِیْر پڑھ کر دم کرے پھر سجدے میں سر رکھے اور سو بار کہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ انشاء اللہ تعالیٰ دلی مراد بر آئے گی۔

قضائے حاجات کے لیے ایک مجرب عمل

جو کوئی شخص ہر رات کو یہ عمل مبارک جس کو شش قفل کہتے ہیں پڑھے اور لکھ کے اپنے پاس رکھے وہ مرگ ناگہاں سے محفوظ رہے گا ظالم و بادشاہ کے ظلم سے اسے کوئی نقصان نہ پہنچے اور آگ سے جانوروں کی ایذا رسانی سے ساحروں کے جادو سے اور دیو پری

کے اثرات سے محفوظ رہے۔ بھوک و پیاس کی تکلیفوں سے عسرت تنگدستی کی مصیبتوں سے اور سخت امراض سے امن میں رہے جس عورت کے بچہ نہ ہوتا ہو یا ہو کے مرجاتا ہو شرینی پڑھ کر اسے کھلائے اس کے اولاد ہوگی۔ آسانی اولاد کے لیے اگر حاملہ پڑھ کے پھونکے تو جلد خلاصی پائے۔ گمشدہ مال ملنے کے لیے آگ پر پڑھے اور اسے پانی میں ڈال دے مال مل جائے گا۔ جس پر جادو کیا گیا ہو اس کے کان میں پڑھ کے دم کرے جادو کا اثر جاتا رہے گا۔ جو شخص قرآن پاک بھول گیا ہو اس کے کان میں پڑھے۔ انشاء اللہ اس کا حافظہ تیز ہوگا۔ با وضو شب کو پڑھ کر سو رہے تو خواب میں زیارت نبوی ہوگی۔ اور لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کی دعا مقبول ہوگی اور مخلوق اس کو عزیز رکھے گی۔ عمل مبارک یہ ہے۔

قفل اول:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ط وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ط﴾

قفل دوم:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ الْحَكِيْمِ الْبَصِيْرِ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ط﴾

قفل سوم:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ

الْعَلِيْمِ الْحَكِيْمِ الْبَصِيْرِ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ط ﴾

قفل چہارم:

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ
الْبَصِيْرِ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَهُوَ الْغَنِىُّ الْقَدِيْرُ ط ﴾

قفل پنجم:

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَيْسَ
كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ط ﴾

قفل ششم:

﴿ بِسْمِ اللّٰه الرَّحْمٰن الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَيْسَ
كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ الْحَكِيْمُ ط فَاللّٰهُ خَيْرٌ
حَافِظًا وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ط ﴾

نوٹ: اس عمل مبارک کو پڑھتے وقت نیت جائز ہو اور طہارت کا خیال رکھا جائے۔ لباس پاکیزہ اور جگہ پاک صاف ہو۔ ہر مقصد کے لیے اس کی معینہ تعداد کے موافق پڑھا جائے۔ انشاء اللہ ضرور کامیاب ہوگی۔

تکبیر عاشقان

قضائے حاجات کے لیے بے مثال عمل

درمیان نماز مغرب اور نماز عشاء کے بعد پڑھنا اس کا دواماً واسطے جمیع حاجات دنیوی اور دینی کے مفید ہے۔

منقول ہے حضرت شاہ قلندر ثالث قدس سرہٗ بسم اللّٰہ الرحمٰنِ الرحیم ط بسم اللّٰہ خیر الاسماء ط انبیاء را اولیا را اژدہا عابدرا اوتاد رسالکانِ را نامکان رامحبان رامحبوباں رامعلوباں رامجذوباں رامجذوب سالک راسالک مجذوب رااصحاب تمکین را اربابِ ذوق رااہل صحو رانشستگان راہ گنج سلامت راروندگان راہِ ملامت را قلندرانِ سرمست راصوفیان زبردست راسلسلہ حلقۂ حیدریان راغلغلۂ موہبان راشاہان عرب راسردارانِ عجم رابندگانِ زنگیان راامیران خراساں راسلطان ہند راخلفائے سندھ را سرداران غزنویان راطریقان تبت وچین راچابکسواران بدخشان راعاشقان غور رامشاقان ماوراالنہر رااواصلان بحر وبر راشہیدان دشتِ کربلا راکہ حیات ظاہری وباطنی دارز بدرگاہِ خدا شفیع می آرم برائے برآمدن حاجات ومہمات دینی ودنیوی ہر کہ درآید درافتد برافتد ہر کہ دگر کند جگر خود چوں تکبیر عاشقان بگوید اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْد وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم ط بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ جاقدِ یم یَادَائِمُ یَا قَیُّومُ یَا بَاقِیُ یَا مُنْتَقِمُ یَاقَادِرُ یَا اِلٰہُ الْاَوَّلِیْنَ یَا اِلٰہَ الْاٰخِرِیْنَ ط۔

ہر کہ مارا بدخواہ بدگوید ضربت لا الہ الا اللّٰہ برجان او ذوالفقار علی بر گردن او گرز حمزہ بر پشت او عصائے موسیٰ کلیم اللہ بر جگر او آرہ زکریا بر سر او کرم ایوب در بطن او تیغ رجال الغیب و قہر خدا در مقہورہ او بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح ۔

گر دنش با دا شکستہ ہر کہ بد خواہ نست

باز کردہ باد ہر خاریکہ در راہ نست

﴿اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ تَفَرَّدَ بِنَصْرِهِ الضُّعَفَاءِ وَالْخَلْقُ عَجَزَ وَاعَنْ ذَالِكَ اَللّٰهُمَّ سَدِّ لِسَانَ اَعْدَاءِ وَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَاءِ وَاظْفُرْنِي عَلٰى جميع الْاَعْدَاءِ قَالَ قَالَ مُوْسٰى مَاجِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ط وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ط﴾

دیگر

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ شَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ كَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ مَعَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط﴾

بسم اللہ خیر الاسماء انبیا را اولیا را از ہا در اعباد را غوث را قطب را اوتا در شہسواران جبروت را سرہنگان لاہوت را غوث الملکوت را وذرات الغیث را و سالکان را دمحبان را و محبان را و محبوبان را الخلوقان را مجذوب سالک را د سالک مجذوب سالک راہ صاحب تمکین را حاجت طلبی را و اہل سکر را و اہل صحو را و نشستگانِ گنج سلامت را در دندگان راہِ ملامت را و قلندران سرمست را و صُوفیانِ زبردست را و سلسلہ طبقہ حیدریان را و غلغلہ موہبان را و

شاہانِ عرب راو سردارانِ عجم راو بندگانِ زنگیان راں و امیرانِ خراسان روخلفائے سندھ راو خاکساران ہندراو طریقان تبت راو نقاشانِ چین راو چابکسواران بدخشاں و تیراندازانِ غزنی راو عاشقان غور راو مشتاق ماوراء النہر راو واصلانِ بر و بحر و شہیدان دشتِ کربلا بدرگاہ تو شفیع می آرم برائے برآمدن حاجات و مشکلات دینی و دنیوی وحصول محبت و عشق الٰہی ہر کہ درافتد برافتد ہر کہ ذکر کند جگر خورد و چوں تکبیر عاشقان برآید باذن اللہ ورسول اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اکبر اللّٰہُ اکبر وِللّٰہِ الحمدُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اجمعین برحمتك یا ارحم الرحمین ۔

قضائے حاجات کے لیے مجرب عمل

اکثر اولیائے کرام سے منقول ہے کہ جو کوئی اس عمل مبارک کو پڑھے گا کل حاجات دینی و دنیوی برآئیں گے یعنی آٹھ دفعہ سورۃ الحمد اور سو بار درود شریف اور اناسی دفعہ الم نشرح اور ہزار مرتبہ سورۃ قل ھو اللہ احد اور پھر آٹھ بار الحمد اور پھر درود شریف سو بار کہے اس کو ختم خواجگان بھی کہتے ہیں اور بعد درود کے یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ سو بار یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ سو بار یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ سو بار یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ سو بار یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ سو بار یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ سو بار۔ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھنا بھی آیا ہے اس عمل مبارک کو بادام یا تسبیح پر پڑھے۔ اکثر مرتبہ کا مجرب ہے۔ فوراً کامیابی ہوتی ہے۔

قضائے حاجات کے لیے دعائے معظم

سخت سے سخت مشکل کو آسان کرنے کے لیے اس دعائے معظم کو قرآءت سے تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد کامیابی ہوگی مجرب ہے۔

﴿نجاۃٌ منکَ یا سیدَ الکریمِ خلّصنا بِحقِّ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰن ط﴾

قضائے حاجات کے لیے نقش بست در بست

یہ نقش معظم ہر مقصد کے لیے عجیب الاثر ہے۔ چاہئے کہ پہلے اس کو زکوٰۃ ادا کرے۔ اس کے بعد جس مقصد کے لیے چاہے اس کو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ زکوٰۃ اس نقش کو سوالاکھ کی تعداد میں ایک چلہ کے درمیان کاغذ پر لکھ کر آٹے میں گولیاں بنالیں اور دریا میں ڈال دیں۔ زکوٰۃ پوری ہوگی۔



اس کے بعد ہر مقصد کے لیے یہ نقش کامیاب ثابت ہوگا۔ زکوٰۃ کے بعد سوا سیر حلوے کا توشہ پکا کر دریا کے کنارے رکھ آئے۔

انقضائے حاجات کے لیے بسم اللہ شریف کا عمل

بسم اللہ شریف کے مبارک عمل کے خواص مختلف کتب میں بے شمار تحریر ہیں ان میں سے مختصراً ہدیہ ناظرین ہیں۔ موافق تحریر اس پر عمل کر کے فوائد حاصل کئے جائیں۔

اگر کوئی شخص بوقت خواب بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط تین بار بلاناغہ تلاوت کرلیا کرے تو وہ اس رات کو شیطان کے شر اور چور کے نقصان سے اور مرگ ناگہانی سے محفوظ رہے۔

اگر کوئی شخص بسم اللہ شریف کو پچاس مرتبہ اپنے اوپر دم کر کے کسی پر جابر ظالم حاکم کے روبرو جائے وہ نرمی سے پیش آئے گا۔ اور اس کی حاجت پوری کرے گا۔

اگر بسم اللہ شریف کو ایک کاغذ پر ایک سو ایک بار لکھ کر اپنے کھیت میں دفن کر دے تو موجب سرسبزی زراعت کا ہو۔

انقضائے قضا حاجات کے لیے مجرب عمل

ان آیات مقدسہ کے خواص بہت ہیں جس کا مشاہدہ عامل کو ہی ہو سکتا ہے۔ انقضائے حاجات دینی و دنیوی کے لیے ایک تیر بہدف نہ کبھی خطا ہونے والا جادو اثر عمل ہے۔

عروج ماہ میں مبارک ساعت میں سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ عزیز خلائق ہوگا۔ راج دربار میں عزت ہوگی۔ مرتبہ بلند ہوگا۔ دولت کا خواہشمند ہو تو دولت حاصل ہوگی۔ دشمن دوست ہو جائے گا اور دوست عاشق زار ہوں گے۔ تجارت میں کافی منفعت حاصل ہوگی۔ غرض کہ جملہ اموری دینی و دنیوی میں کامرانی نصیب ہوگی۔ اگر ان آیات کو عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ اکیس بار پڑھ کر پانی یا کسی اور چیز پر دم کر کے کسی کو کھلا دے تو اس کے عشق میں مبتلا ہو جائے آیات یہ ہیں۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ط وَزُيِّنَ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ

وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ط
ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ط
قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ
وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ط يُحِبُّوْنَهُمْ
كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط وَلَوْ
يَرَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ
جَمِيْعًا وَ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ط قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا
لَنَرٰهَا فِىْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ ـ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى
اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ـ يُحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗ
اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ط اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ ـ
يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ
بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ط فَقَالَ اِنِّىْ اَ
حْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّىْ حَتّٰى تَوَارَتْ
بِالْحِجَابِ ط رُدُّوْهَا عَلَىَّ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَ
عْنَاقِ ط هُوَ الَّذِىْ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَلَّفَ
بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ط
يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِىْ لِذَنْبِكِ اِنَّكِ
كُنْتِ مِنَ الْخَاطِئِيْنَ ط وَ قَالَ نِسْوَةٌ فِى الْمَدِيْنَةِ
امْرَاَةُ الْعَزِيْزِ ، تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا

حُبًّا اِنَّا لَنَرَاهَا فِیْ ضَلَالٍ مُّبِیْنٍ ط قُلْ لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ
اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی وَمَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَةً
نَّزِدْلَهٗ فِیْهَا حُسْنًا اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَکُوْرٌ ط عَسَی اللّٰهُ
اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَ بَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً
وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ط وَ اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ
لَشَدِیْدٌ ط وَ اُخْرٰی تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ
قَرِیْبٌ وَّبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ط بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ ط یَا حَبِیْبَ الْمُدَبِّرِیْنَ حَبِّبْ مُحِبِّیْ عَلٰی
قَلْبِ فلاں بن فلاں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا
فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ یَا مُفَتِّحُ تین مرتبہ یَا سَمِیْعُ تین مرتبہ یَا اللّٰهُ
بعدہ یَارَبِّ اِسۃ حب دُعَا لِیْ بِحَقِّ صَفِیِّ اللّٰه
وَبِحَقِّ نُوْحِ نَجِی اللّٰهَ وَ بِحَقِّ ابْرَاهِیْمَ خَلِیْلُ اللّٰهَ
زَمُوْسٰی کَلِیْمُ اللّٰهِ وَعِیْسٰی رُوْحِ اللّٰه وَبِحَقِّ محمد
رسول اللّٰهِ وَعَلٰی وَلِیَّ اللّٰه صلوٰاتِ اللّٰهِ تعالیٰ علیه ﴾

۱۱ ۱۹ ۱۸ ۱۳ ۱۱ھ ھ ۲۹ ۹۲ ۹۸۸ ۸۸ء ۸۱۸

قیدی کی رہائی کے لیے مجرب عمل

ناکردہ گناہ کے طور پر اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور اس کی رہائی کی صورت کوئی نہیں بنتی نظر آتی تو مندرجہ ذیل کریمہ کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر اس کی

پگڑی یا ٹوپی میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت جلد از جلد رہائی نصیب ہوگی۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ط وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ط ﴾

یہ عمل صرف ان قیدیوں کے لیے کیا جائے جو صرف ناکردہ گناہ ہوں۔

حاجات دلی کے لیے برلانے میں مجرب عمل

جب کوئی حاجت اور اہم مشکل حاجت پیش آجائے تو اس وقت معبود حقیقی پر کامل بھروسہ کرکے چار رکعت نماز حاجت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حصول مقصد کے لیے اکسیر ثابت ہوگی۔ بالکل بے خطا ہے، آزمودہ اور مجرب ہے۔

ترکیب یہ ہے کہ چار رکعت نماز حاجت کی نیت باندھے اور رکعت اول میں بعد تلاوت سورۃ فاتحہ قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ سے تا بِغَيْرِ حِسَاب ط پندرہ مرتبہ پڑھے رکعت دوم میں بعد تلاوت الحمد شریف سورۃ اِنَّا اَعْطَيْنَا پندرہ مرتبہ پڑھے پھر رکعت چہارم میں بعد تلاوت الحمد شریف کے سورۃ قل ھو اللہ احد پندرہ مرتبہ پڑھے پھر بعد سلام کے دس مرتبہ یہ پڑھے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ط وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ

بِالْعِبَادِ ط یَا مَنْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ انبیاء و اَجْمَعِیْنِ
بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط ﴾

اسی طرح اکیس یوم بلا ناغہ پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ گوہر مراد ہاتھ آئے گا۔
بیحد مجرب و آزمودہ ہے۔

قضائے حاجات کے لیے درود شریف

جب کوئی حاجت دینی یا دنیوی درپیش آئے تو چاہیئے کہ عروج ماہ نو چندی جمعرات کو غسل کر کے لباس پاکیزہ پہنے اور بعد نماز مغرب کے زیر آسمان سر برہنہ ہو کر کھڑا ہو اور ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اور اسی طرح ہر روز پڑھتا رہے کسی دن ترک نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک مہینہ نہ گزرنے پائے گا کہ مراد دلی حاصل ہوگی۔ درود پاک یہ ہے۔

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَالْمَمَاتِ ط ﴾

دعائے معظم:

معتبر روایات سے اس دعائے معظم کے اسناد و خواص کثیر ہیں۔ عامل اس کا مشاہدہ خود کرے گا۔ اختصار۔ کے ساتھ اس کے خواص تحریر ہیں۔ مختلف اصفیا نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا جمیع آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گا۔ اور زہر کے اثرات اس پر کارگر نہ ہوں گے۔ اگر کوئی سخت سے سخت امراض میں مبتلا ہو حکیم ڈاکٹر جواب دے چکے ہوں تیمار دار اُکتا چکے ہوں تو اس دعائے معظم کو کورے برتن پر لکھ کر پانی بھر کر دھوئیں اور مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہوگا اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مر جاتی ہو تو نوچندی جمعرات کو دونوں میاں بیوی بہ نیت سنت روزہ رکھیں۔ اور اس دعا کو لکھ کر کورے برتن میں دھو کر اس پانی سے روزہ افطار کریں۔ خداوند تعالیٰ فرزند نرینہ عطا کرے گا۔ خدائے تعالیٰ کشائش رزق کے لیے بھی اکسیر صفت ہے۔ دفع فساد کے لیے تیر بہدف ہے۔ دفع آسیب، پری و جن کے لیے لاثانی چیز ہے۔ دفع دشمن اور دشمن پر فتح پانے کے لیے حرز جان ہے۔ اگر وضع حمل کے لیے موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھیں تو آسانی ہو۔ دعائے معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط سُبْحَانَكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارِ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْخَفِيَّاتِ يَا قَاضِي الْحَاجَاتِ يَا سَامِعَ الدَّعَوَاتِ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ سَعِيْدًا اَوَامِتْنِيْ سَعِيْدًا اَوَاحْشُرْنِي الزُّمْرَةِ السُّعَدَا فَاَغْفِرْلِيْ سَيِّئَاتِيْ يَا عَظِيْمُ بِعَظْمَتِكَ يَا كَرِيْمُ بِكَرَمِكَ يَا جَوَّادُ بِجُوْدِكَ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا شَكُوْرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَّ رَهْبَةً لَا مَلْجَاَ وَلَا

مَنْجَامِنكَ اِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّتِى اَرْسَلْتَ
اَحْفِظْنِى عن جَمِيْعِ اٰفَاتِ الدُّنْيَا وَ عَذابِ الاٰخِرَةِ
سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ
الْحَكِيْمُ ط وَ ذُوْ النُّوْنِ اِذْ ذَهَبَ مُغْضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَنْ
نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ ط فَاسْتَجَبْنَالَهٗ وَ
نَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ
احْفِظْ صَاحِبُ هٰذَا الدُّعَآءِ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَالْعِلَلِ
وَالْمَرَضِ وَالْوَجْعِ وَمِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَ مِنْ شَرِّ
مَا خَلَقَ بَيْنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ بِحَقِّ اٰدَمِ صفى اللّٰه
وَ بِحَقِّ نُوْحِ نبى اللّٰهِ وَ بِحَقِّ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللّٰهُ وَ
بِحَقِّ محمد رسول اللّٰه صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَ
اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ـ برحمتك يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط ﴾

روحانی علاج

مریض برص وجذام کے لیے ایک کامیاب عمل

جس کسی کو برص یا جذام ہو اس کو چاہیے کہ اس دعائے معظم کو سات بار پانی پر

پڑھے اور اس پانی کو وہ مریض سات روز تک پیے۔ یا چالیس روز تک۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے شفا ہوگی۔ دعا یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ط لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَا الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هوَ الْوَاسِعُ الرَّحِيْمُ ط لا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ محمد رسول اللّٰه لا الٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا لِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ بحق اياك نعبدُ و اياك نستعين ط اَللّٰهُمَّ صلى عَلى النبى الا مى برحمتك ياارحَم الراحمين ۔﴾

دفع اُم الصبیان

ام الصبیان جسے سوکھا مسان کہتے ہیں اور جو اکثر چھوٹے بچوں کو ہو جاتی ہے ایسے مریض بچے دن بدن سوکھتے جاتے ہیں اور چند روز میں راہی ملک بقا ہو جاتے ہیں۔ اس مرض میں یہ عمل نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

چاہیے کہ آیات ذیل کو مشک و زعفران اور گلاب سے قبل طلوع آفتاب لکھ کے لوہے کے تعویذ میں رکھ کر منہ اس کا موم خالص سے بند کر دیں۔ اور اس تعویذ کو بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً صحت ہونا شروع ہو جائے گی اور اس کے علاوہ بچہ تمام آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔ آیات یہ ہیں۔

﴿ الم اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ط نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّ قًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰةَ

وَالْاِ نْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ط ﴾

اُم الصبیان کے لیے ایک مجرب عمل

مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کو سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر تانبے کے تعویذ میں رکھے اور تعویذ کا منہ موم سے بند کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ام الصبیان کا مرض جاتا رہے گا۔ اور دوسری بلیات و آفات سے بھی بچہ محفوظ رہے گا۔ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

﴿ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَ رَبِّکُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ
اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُکُمْ مَا اُرْسِلْتُ بِهٖۤ اِلَیْکُمْ
وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ وَ لَا تَضُرُّوْنَهٗ شَیْئًا
اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ط ﴾

آنکھ کی تمام بیماریوں کے لیے مجرب عمل

اس روحانی سرمہ کو بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔ بیحد کامیاب اور زود اثر پایا ہے۔ آنکھ کی تمام بیماریوں کو دفع کرتا ہے۔ اور درد کو فوراً کھو دیتا ہے۔ چاہئے کہ سرمہ اصفہانی 4 تولہ مرجان یا مروارید خورد 2 تولہ آب باراں پھاگن اگر یہ پانی میں ملے تو انجیر یا انگور یا بید یا خرمہ کا پانی کے لے کر طلوع آفتاب سے پہلے یہ عمل اس طرح کرے کہ پہلے سرمہ وغیرہ کو

پانی میں خوب گھولے اور پیسے پھر سکھائے پھر پیسے اور سکھائے اسی طرح چار مرتبہ پیسے اور سکھائے پانچویں مرتبہ شہد آتش نارسیدہ ملا کے پیسے اور آیات مبارکہ مندرجہ ذیل کو زعفران سے چینی کے برتن میں لکھے اور ہاتھ پانی سے دھوئے اور پھر اس پانی میں وہ سرمہ ڈال کر خوب پیسے اور سکھا کے اپنے پاس احتیاط کے ساتھ رکھ چھوڑے سوتے وقت لگایا کرے جن آنکھوں کے علاج سے اطباء عاجز ہو چکے ہوں یہ سرمہ کثیر فائدہ مند ہوگا۔ آیات یہ ہیں۔

﴿قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ قَالَ لَاتَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ط اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا وَّاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ط﴾

کان کا درد دُور کرنے کے لیے مجرب عمل

کان کا درد خواہ کتنا ہی شدید ہو اس روغن کے استعمال سے فوراً دور ہو جاتا ہے۔ چاہئے کہ نابالغ خواندہ لڑکے سے پاک برتن میں روغن چمبیلی سے آیات مبارکہ مندرجہ ذیل لکھائیے۔ اور آگ پر گرم کر کے کان میں قطرہ قطرہ ٹپکائے بیحد مفید ثابت ہوگا۔

﴿وَاِذَا سَمِعُوْا مَا اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ﴾

یہ عمل ایک مرتبہ تیار کر کے کئی مریضوں پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یکساں فائدہ ہوگا۔

شفائے مریض کے لیے مجرب روحانی علاج

اگر کوئی شخص متعدد امراض میں مبتلا ہو گیا ہو اور مریض کی صحت یابی کی امید جاتی رہتی ہو اور اطباء عاجز آ کر دست بردار ہو چکے ہوں اس وقت روحانی علاج حیرت ناک طریقہ پر کامیاب ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں چاہئے کہ آیات پاک مندرجہ ذیل کو پاک و صاف برتن میں سیاہی سے لکھے اور رات کو کوئیں سے پانی نکال کر اس کو دھوئے۔ اور تین گھونٹ مریض کو پلائے اگر کہیں درد ہو تو مقام درد پر ملنے سے تین دن میں انشاء اللہ فائدہ ہوگا اور وجع والمفاصل (النقھیا) کے لیے مشک اور زعفران و گلاب سے لکھ کر روغن گاؤ سے دھو کے ملے وجع مفاصل دور ہو جائے گا آیات یہ ہیں۔

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰۤى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ لَا یَسْمَعُوْنَ حَسِیْسَهَا وَ هُمْ فِیْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ط لَا یَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَ تَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ هٰذَا یَوْمُكُمُ الَّذِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ط﴾

دفع امراض کے لیے ایک اور روحانی علاج

آیات مندرجہ کو برادہ لوبان پر تین دن پڑھے اور چوتھے مریض کو مکان سے باہر لا کے اور چوب انگور سلگا کے اس پر برادہ ڈالے اور مریض کے سر پاؤں داہنے اور بائیں ہاتھ کو دھونی دے اور پھر مریض کو گھر کے اندر لے آئے انشاء اللہ تعالیٰ تمام درد دکھ دور ہو کر

وہ اچھا ہو جائے گا۔ آیات یہ ہیں۔

﴿فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَ حِیْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَشِیًّا وَّ حِیْنَ تُظْهِرُوْنَ ط یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ یُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَ یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ط﴾

جملہ امراض کے دفعیہ کے لیے مجرب عمل

ہر قسم کے درد اور جملہ امراض کے دفعیہ کے لیے مندرجہ ذیل عمل تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ چاہئے کہ چودھویں رات کو ہرن کی کھال پر سیاہی سے لکھ کر ان آیات کو سیدھے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو گی۔ آیات یہ ہیں۔

﴿مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَی الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ط ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰةِ وَ مَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

مِنھُمْ مَّغْفِرَۃً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ؕ ﴾

دفع اُمّ الصبیان کے لیے مجرب تعویذ

ام الصبیان کے لیے معوذتین کو ہرن کی کھال پر سیاہی سے لکھ کر لوہے یا تانبے کے تعویذ میں رکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ تعالیٰ فوراً صحت ہو جانا شروع ہو جائے گی۔

اسی طرح اگر مریض صرع یعنی مرگی والے مریض کے گلے میں ڈالیں تو اُسے بھی شفا ہو گی۔

قوت مردانگی کی کشادگی کے لیے عمل:

اگر کسی شخص کی قوت مردانگی کسی نے بستہ کر دی ہو تو وہ حسبِ ذیل عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً کشادگی ہو گی۔

آیاتِ ذیل کو سفید کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر کمر میں باندھے مجرب ہے۔ آیات یہ ہیں۔

﴿بسم اللّٰہِ الرحمٰن الرحیم ؕ کٰھٰیٰعٰصٓ وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نزل ؕ ﴾

دانتوں کی حفاظت کے لیے لاجواب عمل:

دانتوں کی حفاظت کے لیے جو کوئی وتر کی نماز ہمیشہ اس طرح پڑھا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اذا جاء اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ کے تَبَّتْ یدا اور تیسری رکعت میں بعد فاتحہ کے قُلْ ھُوَاللّٰہُ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دانت ہمیشہ مضبوط رہیں گے اور مرتے دم تک نہ گریں گے۔

شفائے مریض کے لیے لاثانی عمل

سخت سے سخت مریض کو صحت یابی کے واسطے چاہئے کہ روزانہ نماز فجر کے بعد چالیس مرتبہ دعائے ذیل پڑھ کے اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھ تمام جسم پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ صحت پائے گا دعا یہ ہے۔

﴿الحمد للّٰہ رب العالمین ط حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط﴾

شفائے مریض کے لیے ایک اور مجرب عمل

شدید امراض میں مبتلائے مریض کے لیے یہ عمل تریاق اعظم ہے مگر اس عمل کو قابو میں لانے کے لیے عامل کو چاہئے کہ پہلے مواتر سات روزے رکھے اور جمالی وجلالی پرہیز کر کے ان سات دنوں میں سات ہزار بار روزانہ یہ اسم پڑھتا رہے۔ اس کے بعد ہر کام کے لیے سات مرتبہ یہ اسم پڑھنا کافی ہوگا۔ جس مریض کے اوپر سات بار پڑھ کر عامل دم کرے گا۔ وہ اچھا ہو جائے گا خواہ وہ کتنا ہی سخت مریض ہو اور کتنا ہی شدید مرض میں مبتلا ہو۔ اسم یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرحمٰن الرحیم یَا کَبِیْرًا اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ العقول بو صفِ عَظْمَتِہٖ﴾

دفع درد سر کے لیے مجرب عمل:

درد سر کے لیے مقام درد پر ہاتھ رکھ کے مندرجہ ذیل آیات۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ط﴾.

موذی جانوروں سے محفوظ رہنے کے لیے عمل

جس کو سانپ یا بچھو یا سگ دیوانہ کا کاٹا ہوا ہو تو یہ دعا پڑھ کے داہنے کان میں پھونکے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِىْ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّ تَصْرِيْفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ط﴾

اور یہ دعا پڑھ کے بائیں کان میں پھونکے۔

﴿لَا اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ

فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ
بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ط اَللّٰهُ
وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا اَوْلِيٰٓئُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ
النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ ﴾

شفائے مریض سخت کے لیے اکسیر الاثر عمل:

ابرِ نیساں کی بارش کا پانی لے اس پر ستر بار سورۂ فاتحہ اور ستر بار سورۂ قدر اور ستر بار آیت الکرسی تا خلدون اور قل یا ایھا الکفرون اور قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الناس ستر بار پڑھے اور اول و آخر درود شریف ستر ستر بار پڑھے پھر جس کو کوئی سخت بیماری ہو کہ اطبا اور ڈاکٹر وغیرہ اس کے علاج سے عاجز آ چکے ہوں اس کو سات دن تک یہ پانی روزانہ صبح کے وقت پلائے آٹھویں دن انشاء اللہ تعالیٰ وہ بالکل اچھا ہو جائے گا۔ اگر کسی عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو تو سات دن تک پانی پیے اور شوہر سے ہم بستری ہو انشاء اللہ اولاد ہوگی۔

دفع تپ دق کے لیے مجرب عمل:

جو شخص ایسے بخار میں مبتلا ہو کہ دوا بھی نہ پی سکتا ہو تو سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اکتالیس مرتبہ پڑھ کے اس پر دم کرے اور مریض کو پلاتا رہے اس وقت تک پلائے جب تک بخار نہ اُتر جائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحت ہوگی۔

دفع مرض یرقان کے لیے:

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مرض یرقان دفع ہونے کے مریض پر ایک ہفتہ یہ دعا پڑھ کر روزانہ دم کرے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ محمدٍ وَّاَحمد
وَحامِدٍ وَّمَحْمُوْدٍ وَقَاسِمٍ وَّ عَاقِبٍ وَّخاتِمٍ وَّحَاشِرٍ
وَّدُعَاءٍ وَّسِرَاجٍ مُنِيرٍ وَّ بشيرٍ وَّ نذيرٍ وَّرَسول وَّ نَبِيٍّ
وَّ هَادِيٍ وَّ مَهْدِيٍ وَّ خَلِيْلٍ وَّ صَفِيٍّ وَّ حَبِيْبٍ وَّ
كليمٍ وَّ مصطفىٰ وَطٰهٰ وَّطس ويٰسٓ ومزمّلٍ وَّ مدثرٍ
وَمُرْتضٰى ومختارٍ وَّ نَاصِرٍ وَقَدِيمٍ وَّ حُجَّةٍ وَّ بَيَانٍ وَّ
حَافِظٍ وَّ شَهِيْدٍ وَّ عَادِلٍ وَّ نُوْرٍ وَّ مُبِيْن وَّ بُرْهَانٍ وَّ
مطيعٍ وَّ مُذكر وَ وَاعِظٍ وَّصَاحِبٍ وَّناطِقٍ وَّهَادِقٍ
وَّمَدَنِيٍ وَّهَاشِمِّى وَّ قُرِيشِيٍّ وَّعزيز وَّ ممزٍ وَّ
حَرِيصٍ وَّ رَؤفٍ وَّ رَحِيمٍ وَيتمٍ وَّفَاضلٍ وَّ حوّادٍ وَّ
عَالِمٍ وَّ عَامِلٍ وَ غنِى وَّفَتَّاحٍ وَّ كَرِيمٍ وَّ طَيِّبٍ وَّ
فَصِيْحٍ وَّ رَشِيْدٍ وَّطاهِرٍ وَّ امامٍ وَّ اُمّيٍ وَّلَقيٍ وَ
بادىٔ و مجتبِى وَّ شفاءٍ وَّ سابقٍ وَّ مُتَوَسِّطٍ وَّ حقٍ
وَّمَتين وَّ اَوَّلَ وَ اٰخِر وَطَاهِرٍ ومشفّعٍ وَمحلّلٍ وَ
مُحْرَّمٍ وَّنَاهٍ وَّ حكيمٍ وَّ تخرِيبٍ وَّشَكُوْرٍ وَّرَقِيْبٍ وَّ

مُنِیْبٍ وَّوَالِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلِ نِعْمَ الْمَوْلٰی
وَنِعْمَ النَّصِیْرُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ
اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط ﴾

دفع مرض طحال کے لیے مجرب عمل:

مندرجہ ذیل عمل بڑھی ہوئی تلی کو دفع کرنے کے لیے عجیب وغریب اثر رکھتا ہے فوراً اثر کرتا ہے اور کبھی خطا نہیں ہوتا۔ چاہئے کہ ہفتہ اور اتوار کے دن اکیس برگ آگ اور ایک لکڑی سرکنڈہ کی مریض لا کے صاحبِ عمل کو دے اور صاحبِ عمل ہر پتے پر سورہ مزمل ترکیب مندرجہ ایک ایک بار پڑھے اور پتے پر دم کرے اور مریض ہر پتے کو تلی پر پھیرے پھر سرکنڈے کی لکڑی میں کونچ دے جب اکیسواں پتا تلی پر پھیر کے لکڑی میں کونچ چکے تو اس لکڑی کو مریض اپنے مقابل چھت پر لگا دے جس قدر وہ لکڑی اور پتے سوکھتے جائیں گے تلی کم ہوتی جائے گی۔ یہاں تک لکڑی اور پتوں کے بالکل سوکھ جانے پر تلی بھی غائب ہو جائے گی۔ تین ہفتہ تک زیادہ سے زیادہ یہ عمل کرنا پڑے گا۔ اور بس پھر ضرورت نہ رہے گی۔ سورۂ مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ
النَّاسِ ناس ناس مَلِكِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ
الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ناس ناس الَّذِیْ یُوَسْوِسُ
فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ناس ناس مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ
ناس ناس ناس ط۔

مرض چیچک کے لیے مجرب کنڈا:

مرض چیچک نکلنے سے پہلے نیلے رنگ کے سات تار کا گنڈا بنائے سات بار درود پھر سورۂ رحمٰن پڑھے اور ہر فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن ؕ پر گرہ لگائے پھر اول سے آخر تک ایک بار اور سورہ رحمٰن پڑھے پھر سات بار درود پڑھے اور دم کر کے گنڈا گلے میں ڈالے چیچک اگر نکلے گی بھی تو بہت کم اور بچہ ضائع نہ ہوگا۔ اس عمل شریف کی زکوٰۃ یہ ہے کہ سورۂ رحمٰن یاد کر کے چالیس دن تک عشاء کی نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھا کرے۔

حفاظت اطفال کا مجرب تعویذ:

حفاظت اطفال کے لیے اس دعائے معظم کو سفید کاغذ پر سیاہی یا زعفران سے لکھ کر بچے کے گلے میں بطور تعویذ ڈال دے۔ اللہ تعالیٰ اس بچے کو اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ دعا یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ الْعَاقِبَةِ مِنْ شَرِّ شَیْطَانِ وَهَآمَّةٍ وَّ عَیْنٍ لَآمَّةٍ فصحنت بحصنِ الفِ الفِ لاحول ولا قُوَّةَ اِلَّا باللّٰهِ العلی العظیم ؕ﴾

نظر بد سے محفوظ رہنے کے لیے عمل:

بعض آدمیوں کی آنکھوں میں ایک خاص قسم کا زہر ہوتا ہے جس کو نظر لگنا کہتے ہیں۔ یہ سمجھنا غلط ہے کہ نظر دشمن کی ہی لگتی ہے اور یہ بھی خیال غلط ہے کہ نظر فقط انسان ہی کو لگتی ہے دوسری چیز کو نہیں لگتی ہے ہر چیز کو نظر لگ سکتی ہے انسان ہو یا جانور باغ یا کھیتی دولت ہو یا اسباب ہر چیز کو نظر لگ سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صاحب لولاک کی زبان مبارک سے اس کے مختلف طریق بیان کرا دیئے ہیں چنانچہ حضرت امام حسن بصری

رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص اپنے یا اپنے مال پر نظر لگنے سے ڈرتا ہو اسے چاہئے کہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پر دم کرتا رہے یا اس آیت معظم کو سفید کاغذ پر لکھ کر بطورِ تعویذ گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ آیت مبارک یہ ہے۔

﴿اِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَ یَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ط وَمَاھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعَالَمِیْنَ ط﴾

نظر بد کے اثرات کو دور کرنے کا عمل:

جب کسی کو کسی عورت کی نظر لگ جائے تو اس کو ڈائن کہتے ہیں اس کے لیے ذیل کا عمل بیحد مجرب اور زود اثر ہے۔ چاہئے کہ ایک گول لکیر چھری سے کھینچئے اور آیت الکرسی اور ان آیتوں کو پڑھتا جائے۔

﴿وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَھَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَھُوْقًا۔ وَ یُحِقُّ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَ یَقْطَعَ دَابِرَ الْکٰفِرِیْنَ ط وَ یُحِقُّ الْحَقَّ وَ یُبْطِلُ الْبَاطِلَ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ وَیَمْحُو اللّٰہُ الْبَاطِلَ وَ یحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمَاتِہٖ اِنَّہٗ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ط اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنَ کُلِّ شَرِّ شَیْطَانٍ وَّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یا وَکِیْلُ یَا کَفِیْلُ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ﴾

پھر چھری کو کنڈل ڈال کے اندر گاڑ کر کہے میں نے چھری گاڑی ہے۔ نظر لگانے

والے کے دل میں، پھر اس کو ڈھک دے۔ رکابی کے نیچے خدائے تعالیٰ شفا دے گا۔

گریہ اطفال:

اگر بچہ ہر وقت روتا ہو تو مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ اس کا رونا بند ہو جائے گا۔ کلمات یہ ہیں۔

﴿یا شَیۡحُ مُشَخِّیًا فَشَلاَ مُوۡن﴾

آسانی ولادت کے لیے عمل:

اگر کوئی عورت وضع حمل کے وقت دردِ زہ کی تکلیف میں مبتلا ہو اور ولادت نہ ہو رہی ہو تو اس وقت اِس آیت و دعا کو سفید کاغذ پر لکھ کر عورت کی ران میں باندھنا چاہئے۔
انشاء اللہ بہت جلد آسانی کے ساتھ وضع حمل ہو گا۔ آیت یہ ہے۔

﴿اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ وَ اَذِ نَتۡ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتۡ
وَاِذَالۡاَرۡضُ مُدَّتۡ وَ اَلۡقَتۡ مَا فِيۡهَا وَتَخَلَّتۡ ط خُذۡ
عَنۡ رِحِمِ فلاں بِاَمۡرِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَقُدۡرَتِهٖ یا کَمَا
خَلَّت عَنۡ رِحِمِ الۡاَ نَاتِ یَا قَادِرۡ قَدِیۡرۡ ، یَا مُقۡتَدِرُ یَا
اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ حَسۡبِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی
وَعَلَی اللّٰهِ فَلۡیَتَوَکَّلِ المتوکلُوۡن ط﴾

آسانی ولادت کے لیے ایک اور عمل

دردِ زہ کی تکلیف حد سے زیادہ ہوتی ہے جا رہی ہو اور عورت کی حالت دگرگوں

ہورہی ہوتو ذیل کے کلمات لکھ کراس کی پیشانی پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ فوراً خلاصی ہوگی۔
لیکن بعد وضع حمل کے فوراً اس تعویذ کو کھول دینا چاہیے۔ کلمات یہ ہیں۔

﴿السَّلُوْلُ وَالْیَلُوْلُ لا حَولَ ولا قوۃ الا باللّٰہِ العلی العظیم ط﴾

استقرار حمل کے لیے نہایت مجرب عمل

جس عورت کے حمل نہ رہتا ہو وہ پنجشنبہ و جمعہ کو روزہ رکھے اور نماز مغرب پڑھ کر شکر وتان گندم سے روزہ افطار کرے اور آیات ذیل کو مٹی کی ہانڈی میں شہد سے لکھے۔ آب شیریں سے دھوئے اور بائیس دانے نخود سفید کے لاوے ہر ایک پر ایک ایک دفعہ سورۃ مذکور پڑھے اور اس ہانڈی میں رکھ کر بطریق شربت پکا رکھے اور سوتے وقت مرد اور عورت کھائیں مگر ہر روز بعد نماز عشاء کے سورۃ مریم کو اس پر پڑھ کر آپ ملا کر کھائیں ایک ساعت خواب کریں۔ بعد ازاں مشغول جماع ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے عورت حاملہ ہوگی۔ تیس دن یہ عمل کرے۔ ضرور حمل قرار پائے گا۔ اور اس شب کو بجز شربت کے اور کچھ نہ کھائیں۔ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیر ط ۔

﴿وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَاءِیْ وَكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِراً فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا یَرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ الِ یَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا یَازَكَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامِ نِ اسْمُهٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا قَالَ رَبِّ اَنَّا یَكُوْنَ...... عَلٰی...... قولہٖ یَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا ط﴾

حفاظت حمل کے لیے ایک لاجواب تعویذ

آیات مندرجہ ذیل کو کاغذ پر لکھ کر سوت پر لپیٹ کر حاملہ زیر ناف باندھے اور جب بچہ پیدا ہو تو تعویذ مذکور کو بچہ کے گلے میں ڈال دے جملہ آفات سے وہ بچہ محفوظ رہے گا۔ آیات یہ ہیں۔

﴿وَالَّتِیْ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ط اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ط﴾

شفائے مریض کے لیے بہترین عمل

تمام امراض سخت کے لیے اس عمل کا پڑھنا پیغام شفا ہے نہایت مجرب اور بیحد موثر ہے۔ جب مریض شدید امراض میں مبتلا ہو تو اس عمل کو پڑھے۔ اگر خود نہ پڑھ سکے تو کوئی دوسرا شخص پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو گی۔ عمل یہ ہے۔

سورۂ فاتحہ یعنی الحمد لِلّٰہِ رَبِّ العالمِیْن آخر تک پہلے دن باسٹھ مرتبہ دوسرے دن باون مرتبہ تیسرے دن بیالیس مرتبہ چوتھے دن بیس مرتبہ پانچویں دن بائیس مرتبہ چھٹے دن بارہ مرتبہ ساتویں دن سات مرتبہ پڑھے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط رحیم کی میم کو احمد سے ملا کے پڑھے اور جمعہ کے دن سے شروع کرے اور پہلے دن اور آخر دن خیرات کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

قوت امساک کے لیے طلسمی تعویذ

مندرجہ ذیل طلسم کو سفید کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر کمر میں باندھے جب تک اس تعویذ کو کمر سے علیحدہ نہ کرے گا انزال نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔ اللّٰہ مر ذو تجارات مرہ ۱۱ رہ عہ لانماں مان۔

ناف کے لیے مجرب تعویذ:

اکثر لوگوں کو ناف ٹلنے کی شکایت رہتی ہے اور جب اس تکلیف میں وہ مبتلا ہوتے ہیں تو ان کو سخت دشواری پیش رہتی ہے ایسی صورت میں اس تعویذ کو استعمال کریں اللہ تعالیٰ اپنا فضل کرے گا۔ فوراً تکلیف جاتی رہے گی اور آئندہ پھر کبھی یہ شکایت نہ ہوگی۔ چاہئے کہ یہ تعویذ سفید کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر موم جامہ کریں اور ایک کپڑے میں سی کر کمر میں باندھ لیں مگر تعویذ ناف کے اوپر رہنا چاہئے نقش یہ ہے۔

۱	۲وع	ر۷ع	و
وع	۹ع	و۷ع	روع
و۶ع	۷۷ع	روع	۳
و۵	۴	۵	۹۷ع

آسانی وِلادت کے لیے بیحد مستند تعویذ

مندرجہ ذیل آیات سفید کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ دردزہ میں مبتلا عورت کی سیدھی ران میں باندھے بچہ فوراً پیدا ہو جائے گا۔ اور کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ بعد ولادت فوراً تعویذ کھول

دیا جائے۔ ورنہ انتڑیاں تک باہر نکل آئیں گی۔ سات تار کچے سوت لے کر اس میں باندھے آیات یہ ہیں۔ ان النفس بالنفس والعین بالعین والانف بالانف والاذن بالاذن والسنّ بالسِنّ والجروحَ قِصاصٌ اُخرِجَ النَّفسُ مِن بَطنِ اُمِّہٖ۔

گریہ اطفال کے لیے:

مندرجہ ذیل تعویذ سفید کاغذ پر لکھ کے بچے کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ اس کا رونا بند ہو جائے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

۵ ۱۱ ۵۱ ۱۱ ۱۱ ہ ا مَنْ ھذا الحدیث تعجبون وتَضحَکُونَ وَاَنْتُمْ شاھدون ط

نظرِ بد کے اثر کو دور کرنے کے لیے منتر:

اگر کسی کو کسی کی نظر بد لگ گئی ہو تو مندرجہ ذیل منتر پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اثرات جاتے رہیں گے منتر یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ حَبَسَ حَابِسٍ وَشَجَرَ یَابِسٍ وَّ شِہَابٍ ثَاقِبٍ رَوَدْتُ عَیْنَ ابْعَائنِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اَحَبِّ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ ط﴾

بچوں کی پسلی کے لیے ایک مجرب منتر

اول ایک سرکندہ مع جڑ کے لے اور اس کو ایک بالشت سات انگشت جڑ کی طرف سے کاٹ لے اس مریض کے شکم میں تین غار پڑتے ہیں۔ سرکندہ مذکور ان غار شکم پر لگا کر

زمین پر جھاڑتا رہے۔ بروقت پڑھنے اس منتر کے جبکہ یہ منتر پندرہ بارہ ہو جائے اس سرکنڈے مذکورہ کو پیائش کرے یقین ہے کہ وہ ضرور اول کی پیائش سے زیادہ ہوگا۔ جس قدر کہ وہ ایک بالشت سات انگل سے زیادہ ہو اس کو تراشے ایسا ہی تین بار کرے انشاء اللہ تعالیٰ تین نہ ہونے پائیں گے کہ درمیان میں ہی فضل ہو جائے گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔ زکوٰۃ اس کی یہ ہے کہ دیوالی و دوسہرہ کی شب میں اس منتر کو پانچسو بار پڑھ لیا کرے اور جبکہ بیمار اچھا ہو جایا کرے تو اس بیمار کے وارث سے سو پیسے کی شیرینی منگوا کر اس پر فاتحہ حضرت امیر خلیل اللہ کی دے اور بچوں کو تقسیم کر دیا جائے منتر یہ ہے۔

پربت پر سے اترے سورۂ گاؤ۔ سورۂ گاؤ کے پیٹ میں اور مجھ کے پیٹ میں کچھ اور کچھ میں کلیجا کلیجا گھٹے اور سر بڑھے دوہائی حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی پڑھوں منترالسیر وبا چھاوآویش گرآویش۔

دفع دردزہ کے لیے:

اس اسم کو قند سیاہ پر آٹھ مرتبہ پر پڑھ کے دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بآسانی پیدا ہوگا اور دردزہ میں کمی رہے گی۔ اسم یہ ہے۔

یا خالِصُ یا مُخلِصُ یا خلاص یا حضرت خواجہ خضر یا مہتر الیاس۔

ہر مرض کو دفع کرنے کے لیے:

کلمات چہل قاف ہر مرض کے دفعیہ کے لیے نہایت مجرب اور موثر ہیں۔ چاہیے کہ ان کلمات کو سفید کاغذ پر زعفران کے ساتھ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر سات یا گیارہ یا اکیس روز بلا ناغہ پلائیں۔ کلمات یہ ہیں۔

﴿قادر رب قد رقعناءً قهّرا قوال بقرقارٍ صبح بے

قیقوش بحق قلاش القطب القصقام القنا قن فقر فریدی تقبل بقیولِ قرب قدس انقرام قیاقوم بقو قهھماهانی قیقات تقفققیه قفققتد فقهر قطالمی وقسم فقند یاقیومی ﴾

دردِ سر کے لیے نہایت موثر عمل:

اگر کسی شخص کے سر میں درد عارضی یا قدیمی کسی طرح ہو جاتا ہو تو تین بار یا سات بار ہر روز صبح کے وقت اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر مندرجہ ذیل عمل مبارک پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ تین دن کے اندر جاتا رہے گا۔ نہایت مجرب و آزمودہ ہے عمل یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اعوذ باللّٰہ من الشّیطان الرّجیم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْم ط یا اللّٰہُ یا حافظُ یا حفیظُ یا ناصِرُ یا نصیرُ یا رقیبُ یاوکیلُ صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد وّاٰلہ واصحابہٖ اجمعین ط برحمتکَ یاارحم الراحمین ط﴾

خللِ مسان سے نجات پانے کے لیے ایک گنڈہ

اگر کسی عورت کو مسان کا خلل ہو بچے ضائع ہو جاتے ہوں یا پیدا ہو کر چند دنوں میں فوت ہو جاتے ہوں اس کے لیے یہ گنڈہ نہایت کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ اس کے باندھنے سے حمل میں اولاد کی حفاظت رہتی ہے اور بعد ولادت بحکم خالق وہ بچہ زندہ

سلامت رہتا ہے اور آفات بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ جب آثار حمل نمودار ہو۔ تاگا نابالغ لڑکی سے کتوا کر اس کے اکیس تار عورت کے قد کی برابر ناپ کر ایک جگہ کر لیے جائیں۔ بعد ازاں اس تار پر سورۂ والسَّماءِ والطارق ایک بار پڑھ کر دم کر کے اور ایک گرہ لگا دے اسی طرح اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اکتالیس گرہیں لگائے پھر اس گنڈے کو عورت کے کمر میں بندھوا دے لیکن تا وضع حمل کسی حالت میں اس کو کمر سے جُدا نہ کرے۔

جس وقت بچہ کی ولادت ہو اس کو غسل وغیرہ سے فارغ ہونے کے وہی گنڈہ عورت کی کمر سے کھول کر بچہ کے گلے میں ڈال دے اور جب تک بچہ کا دودھ نہ چھوٹے اس وقت تک اس کے گلے سے جُدا نہ کرے۔ یہ عمل بعد نماز فجر کے کیا جائے مجرب ہے۔

دیگر

اگر کسی عورت کے بچے خلل مسان میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو اس کو چاہئے کہ قریب ایام ولادت ایک وسیع کاغذ لے اور اس کے بیچ میں ایک دروازہ کی شکل کا حلقہ کاٹ کر اس کے گرد سورۂ یٰسٓ تحریر کرا دے۔ اس کاغذ کو محفوظ رکھے اور ایک چاقو لوہے کے دستہ کا نہایت اچھا بنوا کر اس پر سات بار سورۂ یٰسٓ دم کرا کے رکھ لے۔ جب بچہ کی ولادت ہو تو دم شدہ چاقو سے جو پہلے سے تیار رکھا ہے بچہ کا نول نال کاٹ دیا جائے بعد فراغت غسل اس بچہ کو سورۂ یٰسٓ والے کاغذ کے درمیان سے سات بار گزارے اور پھر اس کاغذ کو تہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ بچہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

بغض وعداوت

تباہی دشمن کے لیے

اگر کسی شخص سے امور دینی کے باعث دشمنی ہوگئی ہو اور وہ شخص جان کا خواہاں بنا ہوا ہو یا طرح طرح کی اذیتیں پہنچاتا ہو ایسی اذیتیں جن سے دینی نقصان لاحق ہونے کا اندیشہ ہو تو وقت مندرجہ نقش گدھے کے چمڑے پر لکھ کر اس کی چوکھٹ کے نیچے گاڑ دے۔ نقش ساعت زحل میں لکھنا چاہئے کہ قمر در عقرب ہو دشمن کے نام کے عدد اس نقش کے لکھ دینا چاہئے۔ اگر ہو سکے تو اس کے مکان کی انگنائی میں ورنہ اس کی رہ گزر میں ہی دفن کر



دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس نقش کی برکت سے یا تو دشمن ایذا رسانی سے باز آجائے گا یا اسے بربادی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ یہ نقش بیحد موثر ہے اس لیے بہت قوی ضرورت پر اس کے استعمال کی اجازت ہے۔

درمیان دو شخصوں کے جدائی پیدا کرتا ہے

اگر کہیں دو شخصوں کا باہمی میل شریعت کے خلاف ہو یا ان کی باہمی دوستی فتنہ و فساد کا موجب ہو تو ایسی صورت میں ان کی جدائی جائز ہے۔

چاہئے کہ چاند کی آخری تاریخوں میں جمعرات کے دن طلوع آفتاب سے پہلے

ہی مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اس کو پانی میں ڈال دیا جائے جو وہ دونوں پیتے ہوں۔ نقش یہ ہے۔



جدائی کے لیے ایک اور عمل:

دو شخصوں کے درمیان جدائی کرانے کے لیے کسی مناسب وجہ کی بنا پر مندرجہ ذیل بھی نقش نہایت کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ چاہیئے کہ اس نقش کو جمعرات کے دن طلوع آفتاب سے پہلے کسی کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر اسی وقت اس نقش کو کسی پرانی قبر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ اسی وقت باہمی نفرت پیدا ہو کر دونوں ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں گے۔ اگر چہ سابقہ کتنی ہی زیادہ سے زیادہ محبت کیوں نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔



بربادی دشمن کے لیے:

اگر کوئی شدید ضرورت پیش آ جائے تو اس عمل کو کیا جائے۔ چاہیئے کہ مندرجہ ذیل آیت کو پُرانے ٹھیکرے پر لکھ کر گھر میں ڈال دے وہ مکان ویران ہو جائے گا اور اگر پوست اسپ مردہ پر لکھ کر کسی مکان میں ڈالے عمارت اس مکان کی کُھد جائے گی۔ آیت معظم یہ ہے۔

﴿لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ط لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَ مْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ﴾

بربادیٔ دشمن کے لیے ایک اور لاجواب عمل

تین پتے بیدا بجیر سُرخ کے لائے اور قبل طلوع آفتاب بروز یکشنبہ نام دشمن کا لکھے اور دوسری طرف آیات ذیل کو لکھے جہاں ڈالے گا وہ مکان تباہ ہو جائے گا وہ سرزمین ویران اور دشمن خوار ہوگا۔

﴿وَلَوْ تَرٰىٓ اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَیْدِیْهِمْ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ عَنْ اٰیٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ؕ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِیْكُمْ شُرَكٰٓؤُا لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَیْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ؕ﴾

تباہی دشمن اور ویرانی مکان کے لیے:

دشمن کی خانہ خرابی اور تباہی کے لیے ذیل کا عمل نہایت پُر اثر ہے۔ شدید ضرورت ہو تو اس عمل کو کیا جائے ورنہ نہیں۔

چاہیے کہ روز اول ہفتہ کو اول سال محرم سے ہو اور اگر غرۂ محرم اول ہفتہ ہو تو بہتر ہے۔ طلوع آفتاب سے پہلے سات مٹھی خاک سات جگہ سے یعنی مسجد ویران سے جہاں کوئی نماز نہیں پڑھتا ہو اور خالی گھر سے اور اجاڑ باغ سے اور اس گھر سے جہاں مُردہ یا

جنازہ سے لے اور چوراہے سے لے اور آیت ذیل سات سات مرتبہ پڑھے اور آخر ہر مرتبہ کے یہ کہے فلاں بن فلاں تباہ و برباد ہو۔ پھر سب خاک اس گھر میں ڈال دے آیت یہ ہے۔

﴿وَ يُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ط وَ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ط اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَ اِنَّا لَجَاعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ط﴾

خرابی دشمن و بربادی مکان کے لیے:

سات کنوؤں کا پانی ایک برتن میں لے اور ان آیات قرآنی کو شنبہ سے شنبہ تک سات روز ہر روز بعد طلوع و غروب آفتاب کے سات مرتبہ پڑھے بعدہٗ آئندہ رات گوشہ مکان دشمن میں اس کو ڈالے دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔ آیات مقدسہ یہ ہیں۔

﴿وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اللّٰهَ اِنِّيْ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ قَالُوْا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّا اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ فَلَمَّا رَاَوْهُ

عَارِضًا مُّمْطِرُنَا بَلْ هُوَمَا سْتَعْجَلْتُمْ بِاَمْرِ رَبِّهَا ط فَاَصْبَحُوْالَا يُرٰىٓ اِلَّامَسَاكِنُهُمْ كَذَالِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ط ﴾

تباہی دشمن کے لیے کامیاب عمل:

سترہ عدد سیاہ مرچ لاکر اس پر مندرجہ ذیل کلمات پڑھے اور وقت پڑھنے کے کسی سے بات نہ کرے پھر ان مرچوں کو دشمن کے مکان میں متفرق طور پر چند جگہ دفن کردے کامیابی ہوگی کلمات یہ ہیں۔

﴿ کما خالفت وفرقت بین فرعون وَسحر ته فرق وَخالف فلا ناوفلانا و اجعلهم مبغضین یامفرّق یامفرق ط ﴾

دشمن کی زبان بندی کے لیے مجرب عمل:

اگر کوئی دشمن ایذارسائی بدگوئی اور بدزبانی کرتا ہوتو اس کے لیے مندرجہ ذیل عمل کریں۔

چاہئے کہ ایک دھاگہ نابالغ لڑکی سے کتوا کر اس پر سورۂ یٰسؔ تین بار دم کرے اور ہر ایک یٰسؔ کے ختم پر اس میں ایک گرہ لگائیں اور جس وقت گرہ لگائیں اس وقت زبان اور دانتوں کے نیچے دبائے رکھیں۔ پھر اس دھاگے کو دشمن کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ دشمن ایذارسانی سے باز آئے گا۔

زبان بندی کے لیے ایک اور مجرب عمل:

قرآن پاک کی مندرجہ ذیل آیت شریفہ کو ہر روز رات کو بلاناغہ اکیس دن تک

گیارہ سومرتبہ پڑھیں۔انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہوجائے گی اور وہ کوئی ایذا نہ پہنچا سکے گی۔آیت مبارکہ یہ ہے۔

﴿اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَالْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ط﴾

دشمن کی تباہی کے لیے ایک اور عمل:

آخر ماہ میں دوپہر کے وقت دوقبروں کے درمیان بیٹھ کر گیارہ سومرتبہ روزانہ مندرجہ ذیل آیت شریف تلاوت کرے اکیس دن کے اندر دشمن تباہ و برباد ہوجائے گا۔ آیت یہ ہے۔

﴿وَاَلْقَيْتَ بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ﴾

دشمن کی تباہی کے لیے ایک اور عمل:

زوال ماہ میں بروز منگل دوپہر کے وقت سے یہ عمل شروع کیا جائے۔گیارہ دن میں مقصد حاصل ہوگا۔

چاہئے کہ درمیان دوقبروں کے بیٹھ کر سورۃ تَبَّتْ يَدَاء پانصد مرتبہ روزانہ تلاوت کرے بعد میں دعا مانگے۔درمیان میں فلاں وفلاں بن فلاں کے عداوت قلبی ہو۔

دشمن کی تباہی کے لیے ایک اور عمل:

مندرجہ ذیل کلمات عداوت زوال ماہ میں دوپہر کے وقت درمیان میں دوقبروں کے بیٹھ کر اکیس روز تک ہر روز ایک سوایک مرتبہ پڑھے اور دشمن کے لیے جس بیماری کا تصور کرے اسی بیماری میں مبتلا ہوجائے۔اگر ہلاکت کا تصور کرے ہلاکت ہوجائے۔کلمات یہ ہیں۔

﴿يَاقَاهِرُ الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِىْ لَا يُطَاقُ انتقامهٗ يَا قَاهِرُ ط﴾

عملیات حاضرات

حاضرات اور غیب کا حال جاننا:

یہ نقش معظم نو چندہ جمعہ کو باموکل چونتیس یا چالیس بار لکھے پھر اس اسم کو دو ہزار پانچسو مرتبہ چالیس دن تک پڑھے۔ عَلیقًا ملیقًا تَلیقًا اَنتَ تَعْلَمُ مَا فی قُلُوْبِھم چلے سے زیادہ ہو جانا اچھا ہے۔ جمعہ ہی کے دن بدستور عمل کر کے تمام کرے اور ایک نقش روزانہ لکھتا رہے اور نقش لکھتے وقت یَا اِسْرَافِیْل بِحَقِّ العَجَلْ پڑھتا رہے پھر تراش کر کے گولیاں باندھے اور دریا میں ڈالے ان کاموں میں سے ہر وقت تا واپسی مکان یہ اسم پڑھتا رہے جس مریض کو دے گا شفا ہو گی۔ آخری جمعہ کے دن وقت مقررہ پر نقش کاٹ کے گولیاں بنائے اور یہ عمل پڑھ کے گولیاں ہانڈی بند کر کے ناف دریا میں جا کر ہانڈی کو ڈال دے اور آتے جاتے وقت اسم مذکور پڑھتا جائے اور ایک غلہ اور ایک ساگ کے سوا کچھ نہ کھائے اور اپنے ہی ہاتھ سے پکائے۔ تنہا مکان میں عمل کرے اگر تمام عمر مچھلی نہ کھائے تو عمل پر قادر رہے گا۔ پھر ایک نقش نابالغ لڑکے کے ہاتھ میں دے کر دیکھے کہ جو موئل کی صورت آدمی کی طرف دکھائے وہ اس سے کہے کہ فلاں شہر حاضر کر پھر فلاں محلہ پھر فلاں گھر انشاءاللہ سب حاضر ہو گا پھر اس لڑکے سے جو حال پوچھا جائے اس کے بتانے میں اسے تامل نہ ہو گا۔ صاف صاف بتائے گا۔

اگر عامل تین چلے یہ عمل کرے تو اپنا تمام حال عامل کو معلوم ہو گا۔ ابتدأ شیرینی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور موکل کی نذر دے کر اطفال کو بانٹنے اور ترک حیوانات ترک عمر رکھے۔ نقش معظم یہ ہے۔

اجب یا اسرافیل — اجب یا جبرائیل

۸	۱۱	۱۴	۱
۳	۲	۷	۱۳
۳	-	۷	۶
۱۰	۸	۴	۱۵

دفع جن وآسیب کا مجرب عمل

مندرجہ ذیل عزیمت پانی پر تین بار پڑھ کر دم کرے اور آسیب زدہ کو پلائے اگر نہ پیئے تو منہ پر چھینٹے مارے اگر یہ بھی دشوار ہو تو اس عزیمت کو لکھ کے فلیتہ بنا کے جلائے اور ناک میں دھونی دے۔ نفع کامل ہوگا۔ جن، چڑیل، آسیب سب خاک ہو جائیں گے۔

عزیمت یہ ہے۔

﴿عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ جِبْرَئِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ وَعَزْرَائِیْلَ اَسْخنا الَّذِیْ جَعَلَ الْعَرْشَ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ بِالَّذِیْ اَجَابَ اِذْ هَبْ لَهٗ عِیْسٰی بِنَ مَرْیَمَ وَ اَیَّدْ نَاهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ بَخَاتَمِ سُلَیْمَانُ بِنْ دَاؤدَ عَلَیْهِ السَّلَامِ الَّذِیْ سَخَّرَ لَهٗ الرِّیَاحَ وَالْجِنَّ وَالشَّیْطَانَ سَرِیْعًا ط﴾

لیکن یہ خیال رہے کہ فلیتہ پاک روغن تلخ میں جلایا جائے جادو بھی دفع ہو جائے

گا۔

دفع آسیب کے لیے ایک اور مجرب عمل

اگر کسی پر آسیب آتا ہو تو اس کے بائیں کان میں سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کے پھونکے انشاءاللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔آیت یہ ہے۔

﴿وَ لَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَ اَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ط﴾

عمل حاضرات:

گرفتاری آسیب کے لیے یہ عمل مجرب ہے چاہئے کہ عروج ماہ سے یہ عمل شروع کرے اور بعد نماز عشاء چالیس دن تک چار سو مرتبہ روزانہ یہ عزیمت پڑھے اور گائے کے گوشت اور مچھلی سے پرہیز رکھنا ضروری ہے۔اور وہ عزیمت یہ ہے۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عزمت علیکم یا معشر الجنِ والانس ربطًا ربطًا محلاً محلاً لشراً نشراً محشراً محشراً بِحقِّ سُلَیْمٰنَ پیَمْبَرَ بِنِ داودَ عَلَیْهِ السَّلَامِ ۔حاضر شود، حاضر شود، حاضر شود۔

دفع آسیب کے لیے ایک نہایت سہل عمل

قرآن پاک کی آیت ذیل کو کنویں کے تازہ پانی پر دم کر کے رات کے وقت آسیب زدہ کو اس پانی سے تین شب تک برابر نہلاتا رہے ۔ چوتھے دن انشاءاللہ تعالیٰ وہ

بالکل اچھا ہو جائے گا۔ نہایت مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔

﴿وَمَا لَنَا اَنْ لَا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَا اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ط﴾

دفع آسیب و جن و پری و دیو وغیرہ کے لیے عمل

اگر کسی آدمی یا عورت پر آسیب آتا ہو تو خواہ وہ کوئی ہو تو مندرجہ ذیل عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد رفع ہوگا۔

چاہیے کہ آسیب زدہ کو دریا میں نہلا کے اس کے داہنے کان میں مرتبہ آیات ذیل پڑھ کے دم کرے پھر دریا میں نہلائے اور اس کے بعد پھر آیاتِ ذیل تین بار کان میں دم کرے پھر دریا میں نہلائے اور اس کے بدن پر ہاتھ رکھ کے تین بار آیات مذکور پڑھ کے تمام جسم پر ہاتھ پھیرے اور تین بار پڑھے۔

﴿اُخْرِجَ الْعَارِضَ الْمُتَمَرِّدَ وَالرُّوْحُ الْمُفْسِدُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى﴾

انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی اور اگر کوئی ان آیات کو لکھ کے داہنے ہاتھ کے بازو پر باندھے تو تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔ آیات یہ ہیں۔

﴿يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ط يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ

فَلَا تَنْتَصِرَانِ ﴾

دفع آسیب کے لیے ایک اور سہل عمل:

آیات ذیل کو پانی صاف و پاک پر دم کر کے آسیب زدہ پر چھینٹے مارے جائیں صحت ہوگی اگر آسمانی رنگ کے کمبل کے ٹکڑے پر لکھ کر بازو پر باندھے تو بھی مستفید ہوگا۔ آیات یہ ہیں۔

﴿وَ اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْآنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴾

دفع آسیب کے لیے مجرب نقش:

کیسا ہی سخت آسیب ہو اس تعویذ سے فوراً دور ہو جانا چاہئے کہ باوضو رو بقبلہ ہو کر اول درود گیارہ مرتبہ پڑھے پھر نقش لکھے جس کو آسیب آتا ہو اس کا ایک نقش دھو کر پلائے ایک گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ آسیب فوراً دفع ہو جائے گا۔

نا دِ عَلیاً مِنھا لعجائب تجدہ عو نا لك فی النوائب کلھم

یا مَی ھو الشافی ھو الکافی ھو المعافے

١٦	٧	١	١۴
٢	١٣	١٢	٧
١٦	١۴	٦	٩
۵	١٠	١۵	۴

سینجلی بعظمتك یا اللّٰہ یا اللّٰہ

یا اللّٰہ بنبوتك یا محمد یامحمد بولا بتا حلّایاعلی یاعلی یاعلی

متفرقات

دفع شر شیطان وخوف اعدا کے لیے:

ان آیات مبارکہ بوقت نصف شب شب جمعہ میں پارہٗ کاغذ پر لکھے گرم موم کر کے جامۂ نو پہنے بعد صبح کے مکتوب مذکور کو طلوع آفتاب ہاتھ میں لیے رہے اور کہے سبحان اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ و لَآ الٰہَ اِلاَّ اللّٰہ وَحدہٗ لَاشریك لہٗ اور آفتاب کے نکلنے کے وقت دو رکعت نماز اشراق پڑھے۔ اول رکعت میں بعد فاتحہ آیت الکرسی اور دوم میں امن الرّسول تا آخر پڑھے بعد سلام کے سات مرتبہ استغفر اللّٰہ اور سات مرتبہ حسبی اللّٰہُ لا الہ الا ھو عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡم ط بعدازاں وضوتازہ کرے اور مکتوب مذکورہ کو اٹھا کر اپنے پاس رکھے۔ شر شیطان وخوف ظالم ودیو پری سے محفوظ رہے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

﴿اِذۡ ھَمّت طائفتانِ مِنکم ان تفشلا واللّٰہُ ولیُّھما و عَلَی اللّٰہِ فَلۡیَتَو کلِ المؤ منون ط وَ لَقَدۡ نَصَرَ کُم اللّٰہُ ببدرٍ وَّ انتم اَذِلّۃ ط فاتّقو اللّٰہ لَعَلَّکُمۡ تشکرون ط اذ تقول للمومنین الن یکفیکم ان یمدکم ربکم بثلاثۃ الآفٍ مِّنَ الملٰئِکۃِ منزلین۔ وما جعلہ اللّٰہ الابشری لکم ولتطمئن قلوبکم بہ وما النّصرُ اِلّا من عنداللّٰہِ العزیز الحکیم﴾

دل کا بھید معلوم کرنے کے لیے:

اگر کسی کے دل کا راز معلوم کرنے کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل عمل نہایت مجرب وآزمودہ ہے۔

چاہئے کہ ان آیات مبارکہ کو ہرن کی کھال پر گلاب وزعفران سے لکھے اور وہ شخص جب سوتا ہو اس وقت اس کے سینے پر رکھدے اس لیے جو کچھ بیداری میں کیا ہوگا سب بیان کردے گا۔ مجرب ہے آیات یہ ہیں۔ وان ربّک لیعلم ما تکن صدورھم وما یعلنون وَ قولہ تعالیٰ وھو اللّٰہُ لا الٰہَ اِلاَّ ھُوَ لہ الحمدُ فی الدنیا والاٰخرۃ ط۔

ایضاً مرد یا عورت کے دل راز معلوم کرنے کے لیے مندرجہ ذیل عمل بھی نہایت موثر ہے اور سودمند ثابت ہوا ہے۔

چاہئے کہ سورہ قرآن عظیم کو پاک وصاف کپڑے میں لکھے اور لپیٹ کر پوست مد میں رکھ کے سینہ مرد یا عورت پر رکھے جب کہ وہ سو رہے ہوں اس کلام پاک کی برکت سے انہوں نے جو کچھ بیداری میں کیا ہوگا سب کچھ بیان کردیں گے مگر شرط یہ ہے کہ ان کے رازوں کو فاش نہ کرے۔ سورۂ پاک یہ ہے۔

﴿اذا زلزلت الارض زلزالھا واخرجت الارض اثقالھا وقال الانسان مالھا﴾

چور اور بھاگے ہوئے کو واپس لانے کے لیے

اگر کوئی چور چوری کر کے بھاگا ہو یا کوئی لڑکا گھر سے بھاگ گیا یا کوئی عورت روپوش ہوگئی ہو تو مندرجہ ذیل عمل کرے۔

چاہیے کہ پہلے ایک دائرہ کھینچئے اور اس دائرے میں آیت ذیل لکھے اور چور یا گریختہ کا نام لکھ کے ایسی جگہ دفن کرے جہاں لوگوں کی آمد ورفت نہ ہو۔ چور یا گریختہ گھبرا کر گھر واپس چلا آئے گا۔ قل اندعوا من دون اللّٰہ ما لا ینفعنا ولا یضر ناو نرد علی اعقا بنا بعد اذ ھدٰنا اللّٰہ کالذی استھوتہ الشیطٰین فی الارض حیران لہ اصحٰب یدعونہ الی الھد ائتنا قل انّ ھدی اللّٰہِ ھو الھدی وَ اُمِرْنا لِنسلِمَ لربِّ العٰلمین ط۔

چور کی شناخت کے لیے کامیاب عمل:

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور باوجود بیحد تلاش کرنے پر کسی طرح نہ ملتا ہو تو اس کو چاہئے کہ تھوڑا گیہوں کا آٹا لائے اور اس پر سات مرتبہ آیات الکرسی پڑھ کر دم کرے اور جن پر شبہ ہو اُن کو تھوڑا تھوڑا گیہوں کا آٹا دے اور کہے کہ مُنہ میں رکھ کے تھوک سے اس کی گولی بناؤ جو چور ہو گا اس کا منہ خشک ہو جائے گا اور کسی طرح منہ نہ بنا سکے گا۔

یہ عمل نہایت موثر ہے کئی بار کا مجرب ہے، ضرورت کے وقت اس سے فائدہ اٹھایئے۔

دفینہ معلوم کرنے کا عمل:

اگر دفینہ پوشیدہ ہے اور یہ معلوم نہیں کہ کہاں ہے تو چاہئے آیات ذیل ایک لوح پر لکھ کے تیرہ مرتبہ یہی آیات اس پر پڑھے اور کپڑے میں لپیٹ کر سرہانے رکھے اور جانب پہلوئے چپ جواب کرے اور بعد ازاں جانب راست پہلو کو پھیر کر کہے۔ دعا یہ ہے۔

﴿یَا مُظْھِرَ الْعَجَائِبِ یَا دَلِیْلُ کُلِّ حَائِدٍ عِندَہٗ کُلُّ لِّیْ اَرْشِدُ فِی بِکَرَ مِکَ مَاَا طْلُبُ ط﴾

دفع وبا کے لیے ایک مجرب دعا:

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ط لِیْ خَمْسَۃُ اَطْعِیَ بِھَا ھَرَّالْوَبَاءِ الحَاطِمَۃُ المُصطفیٰ والمرتضیٰ وَ ىبْنَا ھُمَا والفاطمہ الامان یاصاحب الزمان الحفیظ نادِعلی مظہرالعجائب تجدہ عونا لک فی النوائب کلِ ہم وغم نیبوتک یا محمد بولا تیک یاعلی یاعلی یاعلی۔

خواب بندی کے لیے:

اگر کسی دوست یا دشمن کے لیے خواب بندی کرنا ہوتو مندرجہ ذیل عمل مجرب ہے۔چاہئے کہ یہ عمل رات کے وقت کرے ایک چھری لے کر زمین میں گاڑے اور سورۂ قل اعوذ برب الناس پڑھنا شروع کرے اور ہر لفظ میں ناس پر چھری گاڑتا جائے اس وقت یہ آیت پڑھ کر دم کرے۔اِنَّکَ مَیِّتٌ وَاِنَّھُمْ مَیِّتُوْنَ ط اس چھری کو تین دن سے زیادہ گاڑا ہوا نہ رکھے اور جب اس کی خواب کھولنا چاہئے زمین سے نکالے۔انشاءاللہ خواب اس کی کھل جائے گی۔

خواب بندی برائے محبت:

اگر کسی کی محبت میں گرفتار ہو کر اس کو اپنا مطیع بنانا چاہتا ہوتو خواب بندی کا یہ مجرب عمل کرے۔اس سے محبوب اس کی الفت میں بیقرار ہوگا اور خواب وآرام اس کا جاتا رہے گا تاوقتیکہ وہ مطلوب کے پاس نہ پہنچ جائے اس عمل کو اکثر احباب نے کیا ہے اور بالکل بے خطا پایا ہے۔

چاہئے کہ سورۃ فاتحہ بترکیب ذیل ایک سفید کاغذ پر لکھے اور ایک میخ فولادی کو اس کے بیچ میں رکھ کر زمین میں گاڑ دے تاکہ وہ تعویذ زمیں میں دھنس جائے پھر اس سوراخ کو چوراہے کی خاک سے بھر دے انشاءاللہ تعالیٰ مقصود دلی حاصل ہوگا۔عمل یہ ہے۔بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ط عقدت نوم فلاں بن فلاں بحق الحمدللہ رب العالمین عقدت راسہ ۰

بحق الرحمٰن ۔عقدت شعرہ بحق الرحیم ۔عقد عینہ بحق مالک یوالدین عقدت اذنہ بحق ایاک نعبد وعقدت لسانہٗ بحق ایاک نستعین عقدت وجہہ بحق اھدنا الصراط المستقیم عقدت یدیہ بحق صراط الذین عقدت قبلہ بحق انعمت علیہم عقدت ساقہ بحق والا الضالین عقدت رجلیہ بحق آمین عقدت قرارہ وسکونہ ہا اللہ بحکم اللہ عزّ وجل عقدت لنوم فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔

نوٹ: فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام اور طالب اپنا اور اپنی ماں کا نام لکھے۔

حصہ طلسمات:

چونکہ طلسمات کا تعلق میری دانست میں عملیات سے بالکل نہیں ہے۔لیکن بعض لوگ اس کو بھی عملیات کا ہی ایک جزو تصور کرتے ہیں۔اس لیے ان اصحاب کی خاطر اس حصہ کو بھی اس کتاب میں شامل کیا جاتا ہے۔

ان طلسمات میں بعض طلسم میرے تجربہ میں بھی آئے ہیں اور بعض دوسروں کے تجربے کی چیزیں ہیں بہر حال احباب کی خوشنودی مزاج کے لیے چند مخصوص اور قابل قیاس طلسمات درج ہیں:

- ✪ منگل کے روز جو شخص مرا ہو اس شخص کی قبر سے ایک مٹھی بھر کر مٹی لائے اور جس طرح گھر کے آدمی سوتے ہوں اس گھر میں وہ مٹی ڈالے تو وہ آدمی اسی طرح سوتے رہیں گے۔
- ✪ پھر بھنگرہ جو قبر کے اُوپر اُ گا ہوا سے اتوار کے دن اکھاڑے اور جڑ اس کی ازار بند میں باندھے احتلام نہ ہوگا۔
- ✪ اگر با کھر کی دم لے کر اس کو بن کر ازار بند بنائے اور شوال کے مہینہ میں اس کو نیفے میں ڈال کر استعمال کیا کرے تو اس کو احتلام نہ ہوگا۔

- اتوار کے دن سفید آنکھ کی جڑ جب تک کہ چھاؤں اس کی نہ پھرے یعنی صبح کے وقت اسے اُکھاڑے اور ازار بند میں اگر ممکن ہوئے تو اس کی جڑ کا ازار بند بنائے جب تک اس کے ساتھ ہوگا ہرگز ہرگز احتلام نہ ہوگا۔
- اگر نمک سنگ جلتے چراغ کے اندر ڈالے تو اس چراغ کو ہوا نہ بجھا سکے گی۔
- سانپ کی کنچلی کو لا کے اس کی چار بتیاں بنائے اور ہر ایک بتی کو گھر کے ہر چہار کونے میں روشن کر کے رکھے۔ گھر سانپوں سے بھرا نظر آئے گا۔
- اگر چاہیے کہ چراغ آپ ایک دوسرے کے ساتھ لڑائی کریں تو چاہیے کہ چراغ میں چربی بھیڑیئے کی دوسرے چراغ میں چربی بکری کی ڈالے اور دونوں چراغوں کو ایک دوسرے سے گز بھر کے فاصلے پر رکھ کر روشن کرے وہ چراغ آپس میں لڑیں گے۔
- بھیڑیئے کی چربی اور مچھلی کی چربی ایک جگہ ملا کر چراغ جلا دے تمام گھر پانی سے بھرا ہوا نظر آئے گا۔
- ایک کالے رنگ کی کتیا کا دودھ لا کے اس کا دہی بناؤ اور اس میں سے مسکہ نکالے جو کوئی اس مسکہ مذکور کو تلوے پر پاؤں کے اور تمام پاؤں پر ملے اور اونٹ کے چمڑے کی جوتیاں پہنے جس قدر پانی میں جائے گا غرق نہیں ہوگا۔ بلکہ پیرنے والا اس کا تھک جائے گا۔ مجرب ہے۔
- بال اور پوست مادہ گاؤ زمین میں گاڑے اور ہر روز اس کو پانی دے اس جگہ سے کنیر کا جھاڑ اُگے گا۔
- گوبر مادہ گاؤ کہنہ مٹی میں گاڑے اور ہر روز ایک مدت تک پانی دیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس جگہ نیلوفر کا جھاڑ اُگے گا۔
- سینگ مادہ گاؤ زمین میں گاڑے اور پانی دیا کرے اس نیزے کے بانس کا جھاڑ نکلے گا۔

★ ہینگ کو پانی میں پیس کر تھوڑا سا شہد اس میں ملائے اور گیہوں اور چاول اس میں پکائے ایک شب اور ایک دن اسی طرح رکھے۔ بعد اس کے سکھا کر کسی جگہ پر ڈال دے جو پرندہ اس کو کھائے گا بے ہوش ہو جائے گا۔ جب گائے کا گھی اور دودھ ان دونوں کو ایک جگہ ملا کے اسے کھلا دے گا۔ تب اچھا ہو گا۔ اور ہوش میں آئے گا۔

★ اگر چاہے کہ پرندوں کو صید کرے، تو تھوڑے گیہوں لے اور تھوڑی گندھک پیلی اور اس گندھک میں جوش دے اور پھر وہ گیہوں پرندے کے آگے ڈالے جائیں تا کہ اسے وہ اس کے کھانے کے بعد ایک ساعت صبر کرے تا کہ وہ پرندے اسے کھائیں تا کہ وہ پرندے بے ہوش ہو جائیں اور ہاتھوں میں پکڑے جائیں۔

★ کئی دانے جوز الفی کو پیس کر پانی میں ڈالے تمام مچھلیاں پانی پر آ جائیں گی۔ اس طرح کہ ہاتھوں سے پکڑی جاسکیں۔

★ حب لال پیس کر زہر اس کا نکالے اور پانی سے پیس کر کھڑاؤں کہ جس پر کھونٹی یا چمڑا نہ ہو اس پر ملے اور پاؤں کو دھو کر اس کھڑاؤں کو جس پر دوا لگی ہے پہنے اور چلے پاؤں جدا نہ ہوں گے۔

★ خراطین جسے لینڈل بھی کہتے ہیں اس کی چربی نکال کر اس چربی کا دھواں لے کر سیاہی بنائے جو کچھ اس سیاہی سے لکھا جائے گا وہ رات کو بغیر چراغ کے پڑھا جائے گا۔

★ زرنیخ طبقی کو گھس کر باریک تنگ دہن شیشہ میں بھرے اور کسی اندھیری جگہ میں لے جا کے رکھے گا۔ بغیر چراغ کے روشنی ہو گی۔

★ جو پتا کہ ہوا میں بگولے کے ساتھ اڑ کر اوپر جاتا ہے جو کوئی اس کو اسی حالت میں اپنے دانتوں سے پکڑے گا اور ساتھ پشک خوک کے کمر میں باندھے گا تو ڈھائی

من کھانا کھائے گا۔

★ پودوں کے اگنے کے لیے اگر روغن گائے سے تخم انگور وخربزہ وبادرنگ وخیار وغیرہ کوتر کر کے زمین میں بودے فی الحال اُگے اور پھول لائے اور پھل نکلے۔

★ گندھک کو باریک پیس کر سرکہ خالص میں ملا کر شیشے میں رکھے رات کو روشنی ہووے۔

★ اگر مردار سنگ کو پانی میں تر کر کے منہ پر ملے تو منہ سیاہ ہو جائے۔ مجرب ہے۔

★ اگر زہرۂ طاؤس (مور) کا کسی کو کھلائے دیوانہ ہو۔

★ خراطین کو باریک پیس کر سُرخ مصفا کپڑے میں لپیٹ کر فلیتہ بنائے اور چراغ اس سے روشن کرے جو کوئی اس کی روشنی میں آئے برہنہ معلوم ہو۔

★ بیر بہوٹی کو پیس کر روٹی میں لپیٹ کر سرخ گائے روغن میں جلائے اور گھر میں رکھے تمام لباس مخمل سُرخ کا دیکھے گا۔

★ عورت کے دل کا راز معلوم کرنے کے لیے مینڈک کی زبان کتاں کے کپڑے میں لپیٹ کر عورت کے سینہ پر رکھے جو کچھ اس نے اس دن کیا ہوگا کہہ دے گی۔

★ ایک لکڑی بیدا نجیر کی لا کر اس سے ایک کتیا کو مارے۔ بعدہٗ اس لکڑی کو جلائے اور غلولہ بنائے جس کسی عورت کو وہ غلولہ مارے وہ محبت سے مانند کتیا کے اس کے پیچھے پھرے گی۔

★ تخم سن کا نسئہ سیاہ میں بوئے اور پانی پے تا کہ آگے اور پختہ ہوئے بعد ازاں اس کے پوست کی رسی بنائے اگر اس رسی کو بکری کی گردن میں باندھے وہ سب مخلوق کی نظر میں کتیا دکھائی دے۔

★ جس جگہ ہنود کو جلاتے ہیں وہاں کی تھوڑی خاک اتوار کے دن لائے اور لعاب دہن (تھوک) اور آبِ منی تینوں کو ایک جگہ کر کے رکھے اور ایک ذرہ برابر جس

کے دامن پر مل دے وہ عاشق ہو جائے۔

- چوراہے کی تھوڑی سی خاک اور مور کا پتہ اور ہُد ہُد کا تاج ان تینوں کا آبِ منی کے ساتھ یکجا کرے اور نگاہ رکھے اور ایک ذرّہ اس کا اُوپر بدن پارچہ جس عورت کے لگاوے وہ عاشق ہو جاوے۔
- عداوت کے واسطے لائے اس شخص کا کپڑا اور اُلو کا خون اس میں اس کو تر کرے پھر شب یکشنبہ (اتوار) کو جلائے اور جمعہ کے دن اس کے سر پر درمیان دونوں کے عداوت تا قیامت پڑے۔

زبان بندی کے لیے آنکھ اور کھال اُلو کی دونوں کا تعویذ بنائے اور اپنے بازو پر باندھے کوئی ظالم و حاکم اس پر ظلم نہیں کر سکتا۔ نہایت آزمودہ اور مجرب ہے۔

- خواب بندی اور محبت کے واسطے ہُد ہُد کا خون اور ایک خشک ان دونوں کو ایک جگہ مخلوط کر کے فلیتہ بنائے اور آدھی رات کیوقت چراغ میں جلائے اسی وقت مطلوب حاضر ہوگا۔
- عورت بدکارہ کو باندھنے کے لیے ایک دام کا موز اور چھ دانے شلغم کے پیس کر قضیب کے اوپر طلا کر کے عورت سے مقاربت کرے عورت بندھ جائے گی۔
- واسطے کشادہ کرنے مرد بستہ کے بیج بھنگرہ اور یکتا فس لائے اور دونوں کو روغن تلخ میں ملا کر قضیب پر طلا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کشادہ ہو جائے گا۔
- محبت کے واسطے بھونرا سیاہ کہ داغ سفید نہ ہوئے سرمہ کے ساتھ ایک جا پیسے اور حیض کے کپڑے میں لپیٹ کر فلیتہ بنائے اور چراغ روشن کر کے کاجل پارے اور نگاہ رکھے اور آنکھ میں جو کوئی اس کو دیکھے وہ عاشق ہوئے۔
- خرگوش کا زہرہ لا کر روغن زرد میں جوش دے کر پھر اس روغن سے تھوڑا اپنے منہ پر ملے پھر آگے جس کسی کے جائے معزز اور مکرم اور حاجت اس

کی روا ہو۔

☆ اگر کتے کی زبان اپنی جوتی میں رکھے تو کتے اُس پر نہ بھونکیں۔

کثیر المنفعت استخارہ

ہر انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے آنے والے واقعات کو ظہور پذیر ہونے سے پہلے ہی جان لے اور اس کے لیے وہ کوشاں رہتا ہے کہ اپنے سود و زیاں کے بارے میں کسی سے مشورہ لے کر یا خداوند تعالیٰ سے امداد و عانت حاصل کر کے اپنے اعمال اور افعال کو مفید بنائے۔ اور مفید نتائج کا حامل بنائے۔

اس بارے میں خداوند تعالیٰؒ کا بھی قرآن پاک میں کئی جگہ ارشاد ہے مثلاً وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ اے پیغمبر اپنے کاموں میں ان سے (اپنے اصحاب سے مشورہ کر لیا کرو)

نوشادر 3 تولہ۔ کافور دیسی تولہ۔ افیون 4 تولہ۔ دواؤں کو باریک کر کے چھان کر شیشی میں مفید ڈاٹ لگا کر محفوظ رکھیں بوقت ضرورت اس میں سے قدرے لے کر جس جگہ دانتوں میں درد ہو وہاں پر مل دیں اور منہ نیچے کی طرف جھکا لیں تا کہ رطوبت بسہولت بہہ سکے چند منٹ میں اس تدبیر سے درد کافور ہو جاتا ہے۔ دردسر کے موقع پر شیشی کی ڈاٹ کھول کر خوب زور سے سونگھیں چند منٹ میں ناک سے رطوبت بہہ کر درد میں تخفیف ہو جاتی ہے۔ بہتر ہو کہ دردسر کی صورت میں مذکورہ بالا تدابیر کے ساتھ ہی یہ نسخہ بھی استعمال کرائیں۔ فیناسٹین 2 تولہ۔ کیفین سائٹراس تولہ کشنیز 3 تولہ خشک باریک پیس کر اس میں قند سفید 6 تولہ باریک کر کے ملالیں۔ بوقت ضرورت دو ماشہ شیر گاؤ نیم گرم کے ساتھ کھلائیں اور مناسب۔ ہو کہ گھنٹہ گھنٹہ بھر کے فاصلہ دو تین مرتبہ کھلائیں دردسر قطعی جاتا رہے گا۔ (بعض لوگ گیرو 4 سرخ باریک پیس کر ملا دیتے ہیں تا کہ دوا پہچانی نہ جائے)

منقول از بیاض خاص

اکسیر چشم

صاحب نسخہ اس نسخہ کی بیحد تعریف فرماتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ ضعف بصارت قوت بینائی کے نقص دھند آنکھوں کی کمزوری اور دوسری آنکھ کی شکایات کے لیے یہ سرمہ اکسیر صفت ہے اس کے استعمال سے بینائی عمر بھر قائم رہتی ہے اور بڑھاپے کے زمانہ میں عینک کی ضرورت سے نجات مل جاتی ہے۔

نسخہ:

سرمہ اصفہانی 2 تولہ کو نیم کے پتوں کی لگدی میں رکھ کر کپڑ وٹی کر کے پانچ کلو اوپلوں کی آنچ دیں۔ اس طرح تین آنچیں پوری کریں اس کے بعد پھر سرس کے پتوں کی لگدی میں رکھ کر کپڑ وٹی کر کے حسب دستور پانچ کلو اوپلوں کی آنچ دیں اس طرح تین آنچیں پوری کریں اس کے بعد پھر ہری سونف کے پتوں کی لگدی میں (یا سونف کی لگدی میں) رکھ کر کپر وٹی کر کے حسب دستور پانچ کلو کی آنچ دیں اس طرح تین آنچیں پوری کریں جب یہ کل نو آنچیں پوری ہو جائیں تب اس سرمہ کو باریک پیس لیں اور اس سرمہ میں مندرجہ ذیل دوائیں یعنی سفوف بزر نیل 2 تولہ۔ سیماب مصفیٰ تولہ۔ سرو چینی تولہ۔ کشتہ مس تولہ۔ کافور بھیم سینی 6 تولہ شامل کر کے دو تولہ ایک ہفتہ تک ساق کے کھرل میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں بوقت ضرورت دن میں اور خصوصاً رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

آشوب چشم

(حکیم حافظ محمد نبی خان صاحب لوہاری)

حکیم صاحب موصوف نسخہ کی بہت تعریف فرماتے ہیں کہ مجھے ذاتی طور پر اکثر اس نسخہ کا استعمال کرانے کا موقع ملا ہے ہمیشہ مفید اور کامیاب ثابت ہوا ہے آشوب چشم و سرخی کھٹک وغیرہ کے ازالہ کے لیے بہترین چیز ہے۔ مناسب ہو کہ برادران فن اس نسخہ کو تیار کرا کر اپنے مطب و ڈسپنسری میں رکھیں۔

نسخہ:

سفیدہ 5 تولہ (جیپوری دھویا ہوا) پھٹکر بریاں 2 تولہ۔ مصری 1/2 تولہ۔ گوند 2 ماشہ کیکر افیون 4 رتی سے ایک ماشہ۔ افیون کو پانی میں گھس لیں بقیہ دواؤں کو خوب باریک کر لیں اور افیون شامل کر کے پانی کی مدد سے چھوٹی چھوٹی بتیاں بنا لیں۔ بوقت ضرورت پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگائیں۔

نوٹ: (سفیدہ کو پانی سے دھونے کی یہ صورت ہے کہ کسی برتن میں پانی ڈال کر اس میں سفیدہ گھول دیں اور دو تین منٹ میں پانی میں نتھار لیں۔ اس پانی کو کچھ عرصہ تک ٹھرائیں پھر اوپر اوپر سے تمام پانی نتھار کر علیحدہ کر کے برتن کے نیچے سفیدہ تہ نشین ہو۔ اسے لے کر کام میں لائیں۔ یا سفیدہ کو پانی میں گھول کر کچھ عرصہ تک ٹھہرا رہنے دیں پھر پانی کو نتھار کر علیحدہ کر لیں جو سفیدہ تہ نشین ہو اس کا

اوپری حصہ لے لیں اور بالکل نیچے کے ذرات جو ثقیل ہوتے ہیں اُنہیں چھوڑ دیں اس تدبیر سے ثقیل ذرات سفیدہ سے علیحدہ ہوجاتے ہیں یہی سفید نسخہ میں شامل کریں۔

نوٹ: (ب) مہندی کے پتے زیرہ سفید قدرے قدرے نیم کوفتہ کر کے رات کو تھوڑے سے گرم پانی میں بھگودیں۔صبح کو اس کا آب زلال لے کر پھٹکری میں تھوڑا تھوڑا ملا کر صلایہ کرتے رہیں جب سب پانی اس میں جذب ہوجائے تب اس پھٹکری کو مذکورہ نسخہ میں شامل کرلیں۔اس ترکیب سے فائدہ کی اور زیادہ اُمید کی جاسکتی ہے اصل نسخہ میں یہ ترکیب نہیں ہے بغیر اس کے بھی یہ نسخہ مفید ہے

آشوب چشم

(جناب ڈاکٹر محمد علی شاہ صاحب سابق پروفیسر جامعہ ملیہ علی گڑھ)

یہ نسخہ ڈاکٹر صاحب موصوف کے مجربات سے تعلق رکھتا ہے ڈاکٹر صاحب فرماتے تھے کہ اکثر مریضوں کی آنکھیں اس نسخے سے اچھی ہوگئیں اور ایسے مریض جو ہر قسم کی دوائیں کر چکے تھے وہ اس نسخہ کے ایک روزہ استعمال سے شفایاب ہوگئے۔الغرض آنکھ دکھنے کی شکایت کے لیے یہ نسخہ ایک بہترین چیز ہے۔

نسخہ:

زنک کی سلفوکاربولیٹ 2 رتی۔لائکر مارفیا 10 منم۔بورک ایسڈ 3 رتی۔پانی صاف ½2 تولہ۔دواؤں کو ملا کر شیشی میں محفوظ کرلیں۔مریض کو پہلے ہلکا سا کوئی مسہل یا

کوئی تلیئن دیں۔

اس کے بعد دوائے مذکور کے دو دو یا تین تین قطرہ گھنٹہ گھنٹہ بھر کے فاصلہ سے متعدد مرتبہ آنکھ میں ڈالیں اکثر اوقات اس طریق سے ایک روز میں شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

کاجل

(گوشائیں صاحب)

یہ گوشائیں صاحب ضلع سہارنپور و میرٹھ وغیرہ کے علاقوں میں کسی وقت میں گشت لگارہے تھے جہاں پر وہ اس کاجل کو تقسیم کرتے تھے بہت سے ایسے مریض کہ جن کی بینائی کمزور اور آنکھیں ضعیف ہو چکی تھیں اور وہ مریض جن کی آنکھوں میں دھند چھا گئی تھی اس کاجل کے استعمال سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ الغرض ضعف بصر دُھند جالہ وغیرہ آنکھ کی شکایت کے لیے یہ کاجل ایک نہایت مفید چیز ہے۔

نسخہ:

سرمہ کابلی 3 ماشہ۔ تامیران چینی 3 ماشہ۔ سنگ بصری 3 ماشہ (مغسول) فلفل سیاہ۔ فلفلدراز 3 ماشہ۔ کائفل 3 ماشہ۔ نمک سیاہ 3 ماشہ۔ توتیائے سبز 3 ماشہ۔ مغز تخم ہلیلہ زرد 3 ماشہ۔ مغز تخم بلیلہ زرد 3 ماشہ۔ مغز تخم ہلیلہ کابلی 3 ماشہ۔ موسی سر 3 ماشہ۔ آدمی جوان سوختہ 3 ماشہ۔ پارچہ بافتہ سوختہ 3 ماشہ۔ بسد احمر 3 ماشہ۔ سون کھی 3 ماشہ۔ مروارید ناسفتہ 3 ماشہ۔ سیماب مصفیٰ 3 ماشہ تمام چیزوں کو سماق کے کھرل میں خوب اچھی طرح باریک کر کے ایک تولہ کاجل اس میں شامل کر کے خواب اچھی طرح رگڑیں اس کے بعد بھنگرہ سیاہ کا پانی (صاف و مقطر) قدرے اس میں شامل کر کے ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے خشک کر لیں اور پھر آخر میں قدرے عمدہ تازہ شہد اس

میں حل کر کے محفوظ رکھیں۔

ضرورت کے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

مُشکی گولیاں برائے گندہ دہنی

(حکیم مولوی عبدالحمید صاحب بھوپال)

حکیم صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ یہ مشکی گولیاں بہت خوشبودار ہیں جنہیں گندہ دہنی کے موقع پر استعمال کرایا جاتا ہے نیز اس شکایت کے بغیر بھی خوشبو کی غرض سے اسے پان میں ڈال کر کھانے سے بہت لطف آتا ہے۔ طبیعت میں فرحت اور انبساطی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

نسخہ:

کپور کچری 1 رتی۔ زرنب 1 رتی۔ بالچھڑ 1 رتی۔ سعد کوفی 1 رتی۔ دار چینی 1 رتی۔ جائفل 1 رتی۔ جاوتری 1 رتی۔ قرنفل 1 رتی۔ الائچی 1 رتی۔ عودغرقی 1 رتی۔ لوبان خوشبودار 1 رتی۔ زعفران 2 رتی۔ مشک خالص 2 رتی۔ مشکدانہ 3 رتی۔ کتھہ سفید 16 رتی۔ تمام دواؤں کو باریک کر کے کھرل میں ڈالیں اور اس میں عرق کیوڑہ قدرے شامل کر کے کھرل کریں پھر پیپر منٹ شامل کر کے ملا کر بقدر فلفل سیاہ گولیاں تیار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ دو تین گولیاں پان میں ڈال کر کھالیا کریں۔

از مطب قلمی

ضیق النفس بلغمی وسعال رطوبی

دمہ و کھانسی تر:

یہ نسخہ بلغمی کھانسی اور تر دمہ کے لیے تجربہ سے بہت مفید ثابت ہوا ہے اس کے استعمال سے اکثر اوقات مرض میں تخفیف اور اُس کا دفعیہ ہو جاتا ہے بلغمی رطوبات کی تولید کم اور پھیپھڑہ کی تشنجی کیفیت رفع ہو جاتی ہے بہت سے اطبا مذکورہ شکایت کے دفعیہ کے لیے اس نسخہ کو استعمال کر رہے ہیں۔

نسخہ:

سنکھیا سفید 3 رتی۔ نمک طعام 8 تولہ۔ دونوں چیزوں کو باریک پیس کر جنگلی کبوتر کے پیٹ میں (جس کے پیٹ کو چاک کر کے آلائش سے صاف کر لیا گیا ہو) بھر کر پیٹ سی دیں اور اسے ایک چھوٹی ہانڈی (کلیا) میں بند کر کے منہ خام کر دیں اور اسے پانچ سیر اُپلوں کی آنچ میں پھونک دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت بوزن ایک رتی بالائی یا مسکہ میں ملا کر کھلائیں۔ دورے کی شدت کی وقت مندرجہ ذیل دواؤں کے سفوف کی چٹکی اُپلے کی آگ میں ڈال کر مناسب طریق سے اس کا دھواں کشید کریں۔ برگ دھتورہ 6 رتی۔ شورہ قلمی 6 رتی۔ اجوائن دیسی 6 رتی۔ اجوائن خراسانی 6 رتی۔ ہلدی 6 رتی۔ گانجہ 6 رتی۔ افیون 1 رتی۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

برائے خفقان و عطش

شربت فرحت افزا

(حکیم ڈاکٹر فضل مبین احمد صاحب (مبین) ایچ ایم ڈی دہلوی)

حکیم صاحب موصوف اس شربت کے بہت مداح ہیں فرماتے ہیں کہ ترویح روح۔ تسکین عطش، تقویت قلب اور گرمی و وحشت کے ازالہ کے لیے یہ شربت تجربہ سے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ موسم گرما میں عام طور پر جو شربت اغراض بالا کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ان میں یہ شربت سب سے بہتر و افضل ہے۔

نسخہ:

گل گاؤزبان۔ 10 تولہ گل نیلوفر۔ گل سیوتی 5 تولہ۔ ابریشم مصفیٰ 10 تولہ۔ کشنیز خشک 2 تولہ۔ صندل سفید 3 تولہ۔ خس تازہ 2 تولہ۔ الائچی سفید نیم کوفتہ 2 تولہ۔ بائیس بوتل پانی میں چوبیس گھنٹہ تر رکھیں اس کے بعد بطریق معروف پندرہ بوتل عرق کشید کر لیں۔ اس کے بعد بارہ سیر قند سفید ڈال کر شربت کے طریق پر پکائیں اور پکاتے ہوئے اوپر سے میل اُتارتے جائیں جب شربت کا قوام ٹھیک ہو جائے تب اسے چھان کر بوتلوں میں بھر دیں اور ہر بوتل میں روح بید مشک 2 تولہ۔ روح کیوڑہ 2 تولہ شامل کر دیں اور خوش رنگ کرنے کی غرض سے اس میں رنگ رس بھری (بقدر ضرورت) ملا دیں بوقت ضرورت تین چار تولہ ایک گلاس پانی میں ڈال کر برف شامل کر کے پی لیں۔

مشتہی ومقوی

یہ مرکب کشتہ واقعی ایک مفید چیز ہے اس میں اصل چیز فولاد ہے جو معدہ جگر کی تقویت اورخون بڑھانے کے لیے ایک مشہور چیز ہے اس میں پارہ سنکھیا ہڑتال شنگرف کی قوتیں جذب کی گئی ہیں جس سے اس کے اثرات میں کئی گناہ اضافہ ہوگیا ہے۔وہ ضعیف العمر لوگ جو بہ تقاضائے عمر معدہ جگر کی کمزوری رطوبات کی زیادتی عام ضعف وسستی وغیرہ حالات میں مبتلا رہتے ہیں اور وہ لوگ کہ جو بلغمی رطوبات کی زیادتی کی وجہ سے آئے دن رطوبی امراض کا نشانہ بنے رہتے ہیں اس کے استعمال سے بہت کافی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ حاصل یہ کہ اگر عمر فصل ومزاج وغیرہ کا لحاظ رکھتے ہوئے اس نسخہ کا استعمال کرایا جائے تو ہضم قوی ہوجاتا ہے بھوک زیادہ لگتی ہے تمام قوائے جسمانیہ میں طاقت آجاتی ہے اور جسم میں خون کی مقدار زیادہ اور دوران کی حالت اچھی حالت پر آجاتی ہے۔

نسخہ:

برادہ فولاد خالص 5 تولہ۔سیماب مصفی 5 رتی۔دونوں کو ایک روز خشک کھرل کریں اس کے بعد دوسرے روز اس میں گندھک مصفی 3 رتی شامل کر کے لعاب گھیکوار کے ہمراہ دن بھر کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر حسب دستور سکوروں میں بند کر کے سوا سیر کی آنچ دیں۔سرد ہونے پر نکالیں اور پھر بدستور سابق سیماب مصفی شامل کر کے ایک روز خشک کھرل کریں اور ایک روز گندھک مصفی 5 رتی شامل کر کے لعاب گھیکوار کے ہمراہ کھرل کر کے بدستور سابق آنچ دیں۔ (یہ تین آنچیں ہوئیں) اس کے بعد پھر سیماب 5 رتی اضافہ کر کے ایک روز خشک کھرل کریں اور دوسرے روز سم الفار 3 رتی شامل کر کے شیر مدار کے

ہمراہ ایک روز کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر۔ مکورو میں بند کر کے سواسیر کی آگ دیں اسی طرح باضافہ سیماب 5 رتی وسم الفار 5 رتی ایک روز خشک وایک روز شیر مدار میں کھرل کر کے تین آنچیں پوری کریں۔ اس کے بعد بطریق بالا باضافہ سیماب 5 رتی و ہڑتال ورقی 3 رتی ایک روز خشک و دوسرے روز شیر میدار کے ہمراہ کھرل کر کے تین آنچیں پوری کریں اس کے بعد پھر بطریق مذکورہ باضابطہ سیماب 5 رتی وشنگرف 3 رتی ایک روز خشک ایک روز شیر مدار کے ہمراہ کھرل کر کے تین آنچیں پوری کریں۔ اس تدبیر سے سیماب مصفٰی کل آنچوں میں پانچ تولہ صرف ہو جاتا ہے۔ اور گندھک سم الفار۔ ہڑتال وشنگرف نونو ماشہ صرف ہوتے ہیں۔ کل بارہ آنچوں کے بعد (جو سوا سوا سیر کی ہوتی ہیں) کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ اس کشتہ میں چونکہ حدت کافی ہوتی ہے اس لئے اسے تیاری کے بعد بہتر ہو کہ کسی نمناک زمین میں دفن کر دیا جائے چالیس روز گذرنے پر اُسے نکال کر محفوظ رکھا جائے۔

نوٹ:

پارہ کے صاف کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ جس قدر چاہیں پارہ لے کر اُسے کسی چینی کے پیالہ میں ڈال کر اس پر روغن زیتون اتنا ڈالیں کہ وہ پارہ سے خوب اوپر تک رہے۔ اُسے چراغ کی لو پر پکائیں جب روغن کا رنگ سیاہی مائل غلیظ القوام ہو جائے تب اُسے علیحدہ کر کے اور نیا روغن ڈال کر طبخ دیں اور اُس وقت تک یہ عمل کرتے رہیں جس وقت تک کہ روغن میں سیاہی آتی رہے جب سیاہی آنا موقوف ہو جائے تو سمجھ لیں کہ پارہ بالکل صاف ہو گیا۔ گندھک کے صاف کرنے کی یہ ترکیب ہے کہ گندھک کو ہموزن گائے کے گھی کے ساتھ پگھلا کر دودھ میں ڈال دیا کریں۔ سات مرتبہ اس طرح کرنے سے گندھک صاف ہو جاتی ہے۔ ہر مرتبہ گھی اور دودھ تازہ ہونا چاہیے۔

حبوب ہاضم

(حکیم مولوی عبدالواحد صاحب مؤلف کتاب التشخیص)

حکیم صاحب موصوف فرماتے ہیں کہ یہ گولیاں معدہ کی تقویت اور بھوک بڑھانے کے لیے بہت سودمند اور بدہضمی تخمہ ہیضہ درد شکم وغیرہ شکایات کے لیے اکثر مُفید ثابت ہوتی ہیں۔

بارہا تجربہ ہو چکا ہے بہت سُود مند بھروسہ کا نسخہ ہے۔

نسخہ:

گندھک آملہ سار مصفیٰ 3 تولہ۔ نوشادر 3 تولہ۔ زنجبیل 1 تولہ۔ فلفل سیاہ 6 تولہ فلفل دراز 1 تولہ (پیپل) جواکھار 6 رتی۔ گل مدار 6 رتی (سایہ میں خشک کیے ہوئے) سہاگہ بریاں 6 رتی۔ قرنفل 6 رتی۔ ہینگ بریاں 6 رتی۔ نمک سیاہ 8 تولہ۔ ست لیموں 6 تولہ کو پانی میں حل کریں اور بقیہ دواؤں کو باریک کر کے چھان لیں پھر سب کو ملا کر جنگلی بیر کی برابر گولیاں بنالیں تقویت ہضم کے لیے ایک گولی کھانا کھانے کے بعد کھلائیں۔ بد ہضمی متلی ہیضہ وغیرہ شکایات میں منہ میں گولی رکھ کر چوسیں یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلادیں۔

نوٹ:

گندھک کے مصفیٰ کرنے کی صورت یہ ہے کہ گندھک کو گھی میں ملا کر پگھلائیں جب وہ پگھل جائے تب اُسے دودھ میں ڈال کر سرد کرلیں پھر دودھ سے نکال کر اس طرح پھر نیا گھی اور نیا دودھ لے کر پھر یہی عمل کریں اسی طرح تین مرتبہ کرنے سے گندھک صاف ہوجاتی ہے۔

اکسیر معدہ (پیغامِ شفا)

(منقول از بیاضِ خاص)

صاحب نسخہ تحریر فرماتے ہیں کہ معدہ کی اکثر شکایات کے لیے یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔ بھوک بڑھانے۔ متلی اور قے کی شکایت کو دُور کرنے۔ نفخ۔ قراقر۔ سوہضمی۔ پیٹ کے درد کے ازالہ کے لیے اکثر تجربہ میں آچکا ہے۔ مقوی معدہ کاسر ریاح۔ دافع دردِ شکم۔ مشتہی ہونے کے ساتھ ہی ہیضہ کی حالت میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے نیز تتیا بچھو وغیرہ جانوروں کے کاٹے ہوئے مقام پر ملنے سے بہت تسکین پہنچاتا ہے۔

نسخہ:

جوہر نوشادر 3 تولہ۔ جوہر پودینہ 6 رتی۔ مرچ سیاہ تولہ۔ جوا کھارو (ولائتی) تولہ۔ شورہ قلمی 3 تولہ۔ دانہ الائچی کلاں 3 تولہ۔ نمک لاہوری 3 تولہ۔ پیپلی 3 تولہ۔ ہرمزی مصفیٰ 5 تولہ تمام دواؤں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر باہم ملائیں اور کھرل کرتے ہوئے تمام چیزوں کو ایک ذات کرلیں حتیٰ کہ سفوف کا رنگ سرخ ہوجائے۔ شیشی میں محفوظ

رکھیں بوقت ضرورت 4 رتی لے کر پانی یا عرق سونف کے ساتھ یا جوارش جالینوس۔ جوارش کمونی میں ملا کر یا کسی اور مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔

نوٹ:

جوہر نوشادر اس تدبیر سے حاصل کریں۔ نوشادر کو کیلے کی جڑ کے عرق میں کھرل کریں جب خوب عرق جذب ہو جائے تب اسے مٹی کی ایک گہری رکابی میں رکھ کر اوپر والے مٹی کے سرپوش پر ٹھنڈے پانی سے تر کر کے کپڑا رکھتے رہیں تھوڑی دیر میں نوشادر کا جوہر سرپوش کی اندرونی سطح پر لگ جائے گا۔ اتار کر کپروٹی دور کر کے جوہر نکال لیں۔ اس جوہر کو کام میں لائیں۔

مشتہی و مہی

جناب قبلہ مولانا مولوی عمومی محمود حسن صاحب (سہوانی مرحوم)

غالباً 15ء میں مولانا نے یہ نسخہ تحریر فرمایا تھا۔ لکھا تھا کہ اس نسخہ کے استعمال سے بھوک خوب لگنے لگتی ہے غذائیں اچھی طرح ہضم ہوتی ہیں خون کی تولیدی بڑھ جاتی ہے اور تمام جسمانی قوے بالخصوص قوائے مخصوصہ قوی ہو جاتے ہیں جس کا متعدد مرتبہ تجربہ ہو چکا ہے۔ اغراض بالا کے لیے واقعی ایک مُفید چیز ہے۔

نسخہ:

ورق نقرہ تولہ۔ سیماب مصفیٰ 1 رتی۔ سنکھیا سفید 1 رتی (کلونجی) سماق کے کہرل میں آب ادرک (مروق) کے ہمراہ کو قدرے قدرے ڈال کر) گھنٹہ ور گھنٹہ تک خوب اچھی

طرح کھرل کریں اس کے بعد اس کا قرص بنا کر مٹی کے دو سکوروں میں حسب معمول بند کر کے تین چھٹانک کرسی کی آنچ میں رکھ دیں سرد ہونے پر نکالیں پھر اس میں سیماب مصفےٰ 1 رتی سنکھیا 1 رتی شامل کر کے بدستور سابق عرق ادرک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر حسب معمول مٹی کے سکوروں میں بند کر کے تین چھٹانک اوپلوں کی آنچ دیں ایسی پانچ آنچیں سیماب مصفےٰ 1 رتی و سنکھیا 1 رتی کے اضافہ کے ساتھ تین تین چھٹانک کی دیں اس کے بعد پھر بدستور سابق سنکھیا 1 رتی و سیماب 1 رتی کا اضافہ کر کے عرق ادرک میں کھرل کر کے حسب معمول دو مٹی کے سکوروں میں بند کریں اور اس مرتبہ بجائے تین چھٹانک کے پاؤ بھر کرسی کی آنچ دیں۔ اب اسی طرح سیماب 1 رتی و سنکھیا کے اضافہ کے ساتھ سات آنچ دیں۔ یہ کل بارہ آنچیں ہوتی ہیں جس میں ایک تولہ سیماب اور ایک تولہ سنکھیا چاندی کے اوراق میں جذب ہو کر کشتہ ہو جاتا ہے پھر اس مرکب کشتہ کو کھرل میں باریک کر کے شیشی میں محفوظ کر کے دو ہفتہ کے لیے نمناک زمین میں دفن کر دیں اس کے بعد بوقت ضرورت دو چاول بالائی مکھن وغیرہ میں ملا کر استعمال کرائیں۔ اور دوران استعمال میں دودھ کا استعمال زیادہ رکھیں۔ اُمید قوی ہے کہ چند روز میں جسم میں جان اور قوئے میں ہیجان محسوس ہونے لگے گا۔

حب ملین و مسہل

مدیر دیش اُپکارک

یہ ایک ویدک نسخہ ہے جو تلئیین و اسہال کے لیے کثرت سے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ پنڈت جی صاحب اس کی بہت تعریف کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ اغراض بالا کے لیے یہ ایک بہترین اور بھروسہ کی چیز ہے پیٹ کی صفائی و قبض کے ازالہ کے لیے میرے معمولات میں سے ہے۔ جمال گوٹہ کو اچھی طرح مدبر کر کے شامل کرنا چاہیے۔

نسخہ:

پارہ مصفی 6 رتی۔گندھک مصفی 6 رتی۔فلفل سیاہ 6 رتی۔زنجبیل 6 رتی۔فلفلدراز 6 رتی ۔مغز جمالگوٹہ 4 تولہ۔مدبر ۔اول پارہ اور گندھک کو دو پہر تک کھرل کریں اس کے بعد دوسری دوائیں شامل کر کے برگ پان کے رس میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں قبض دور کرنے کے لیے ایک یا دو گولی رات کو سوتے وقت ٹھنڈے پانی کے ساتھ کھلائیں اگر مریض سخت مزاج ہو تو ایک گولی شب کو اور دو صبح کو ٹھنڈے پانی سے دیں۔اسہال لانے کی غرض سے 4-6-8 گولیاں حسب مزاج ٹھنڈے پانی کے ساتھ کھلائیں دستوں سے فارغ ہونے پر دہی مصری ملا کھلائیں۔کھانے کے لیے کھچڑی یا نمکین چاول دیں (ان گولیوں سے اگر دست زیادہ آجائیں تو روکنے کے لیے دہی پلائیں)

ایضاً مغز جمالگوٹہ 3 تولہ مدبر (پرت دور کردہ) کتہ سیاہ 2 تولہ دونوں کی بقدر مونگ گولیاں بنائیں اس کے استعمال سے اکثر فی گولی ایک دست آیا کرتا ہے۔

اسہال معدی سنگرہنی پیچش

(حکیم برکات احمد صاحب ٹونک)

حکیم صاحب ممدوح مندرجہ ذیل نسخہ کی بیحد تعریف فرماتے ہیں اور واقعی مذکورہ امراض کے لیے یہ نسخہ تجربہ سے بہت مفید ثابت ہوتا ہے دہلی و نیز دیگر مقامات میں خاص طور پر اس نسخہ کے ذریعہ سنگرہنی پیچش و اسہال معدی کا علاج کیا جاتا ہے جو اکثر اوقات کامیاب ہوتا ہے اغراض بالا کے لیے بہت بہتر چیز ہے۔

نسخہ:

کچلے نیم کورفتہ رات کو اتنے پانی میں بھگوئیں کہ کچلوں سے دو انگل پانی اوپر رہے صبح کو انہیں اس قدر جوش دیں کہ پانی تمام جل جائے اور کچلے سیاہ ہو جائیں ان کچلوں کو خوب اچھی طرح کوٹ لیں۔

کچلہ مذکور 6 رتی۔ افیون خالص 6 رتی۔ فلفل سیاہ 6 رتی۔ گل ارمنی 6 رتی ان تمام چیزوں کو خوب کوٹ پیس کر بقدر مونگ گولیاں بنالیں بوقت ضرورت دو یا تین گولیاں ٹھنڈے پانی سے نگلوا دیں۔ موصوف کے بیان سے ظاہر ہے کہ اس نسخہ سے مذکورہ بالا شکایت اکثر اوقات رفع ہو جاتی ہے۔

پیچش

(از رفیق صادق)

یہ گولیاں پیچش کے لیے بیحد موثر ثابت ہوئی ہیں اور اس غرض کے لیے بہت کثرت سے استعمال کی جارہی ہیں ان کے استعمال سے بعض اوقات صرف ایک دن میں شکایت جاتی رہتی ہے۔ اگر سُدی پیچش ہو تو اول سدوں کو خارج کرنے کی تدبیر کی جائے سدوں کے نکل جانے کے بعد یہ حبوب استعمال کی جائیں تو چند روز میں قطعی آرام ہو جاتا ہے بھروسہ کی چیز ہے۔

نسخہ:

زعفران 1 تولہ۔ افیون 1 تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ۔ آملہ 1 تولہ۔ کافور 1 تولہ۔ تمام دواؤں کو عرق گلاب میں کھرل کر کے جنگلی بیر کی برابر گولیاں بنا کر محفوظ

رکھیں۔بوقت ضرورت ایک گولی عرق گاؤزبان یا 12 تولہ پانی کے ہمراہ نگل لیں خون کے زیادہ برآمد ہونے کی صورت میں ایک وقت مذکورہ گولی اور ایک وقت روغن تارپین 15 قطرہ۔روغن بادام 2½ تولہ ملا کر استعمال کریں۔اُمید ہے کہ چند خوراکیں ازالہ مرض کے لیے کافی ہوں گی انشاءاللہ تعالیٰ۔

اکسیر سنگرہنی

(جناب حکیم مولوی عبدالواحد صاحب ناظم)

موصوف فرماتے ہیں کہ اس دوا کے استعمال سے پیچش اور دستوں کو بیحد فائدہ پہنچتا ہے۔سنگرہنی کی شکایت جس میں آنتیں ضعیف ہو جاتی ہیں ان میں اندرونی طرف کہیں کہیں خراش وزخم ہو جاتے ہیں اور دستوں کی شکایت ایک مزمن صورت اختیار کر لیتی ہے اس کے ازالہ کے لیے یہ نسخہ اکثر کامیاب ثابت ہوا ہے بہت سے برادران فن اس کی تصدیق فرماتے ہیں الحاصل اسہال معدی معوی اور پیچش کے شکایت کے ازالہ کے لیے نہایت مفید اور بھروسہ کی چیز ہے۔

نسخہ:

سیماب مصفیٰ تولہ۔گندھک آملہ تولہ سار مصفیٰ۔پٹھانی لودھ تولہ۔ناگرموتھ تولہ۔اندر جو شیریں تولہ۔گل دہاوہ تولہ۔موچرس 5 تولہ۔بیلگری تولہ۔افیون 3 تولہ۔اول سیماب و گندھک کو باہم رگڑ کر کجلی بنالیں اس کے بعد افیون کو چھوڑ کر باقی دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر کجلی میں شامل کر لیں۔اب افیون کو تین چھٹانک پانی میں گھول لیں اس پانی میں سے ایک چھٹانک لے کر مذکورہ بالا دواؤں میں شامل کر کے ایک روز کھرل کریں دوسرے روز ایک چھٹانک دہی افیون گھلا ہوا پانی پھر شامل کر کے دن بھر سحق کریں۔

تیسرے روز بقیہ پانچ تولہ پانی کھرل کے ذریعہ دواؤں میں جذب کردیں بس دوا دیتا رہے اُسے کسی شیشی میں محفوظ کرلیں بوقت ضرورت دو رتی سے چار رتی تک لے کر دہی میں ملا کر کھلا دیں یا آب انار دانہ یا چاچھ کے ساتھ دیں۔ اس دوا کے چند روزہ استعمال سے دست بند ہو جاتے ہیں آنتوں اور معدہ میں قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ ہضم اچھا ہو جاتا ہے۔ پیچش کو قطعی آرام ہو جاتا ہے۔

برائے قولنج سُدّی و قبض

(بابو محمدؐ مبین صاحب سرشار دہلوی)

موصوف کی طرف سے یہ نسخہ موصول ہوا ہے اس نسخہ کے استعمال سے اکثر اوقات بہت فائدہ پہنچتا ہے ممدوح خود اِس شکایت میں مبتلا تھے جنہیں اس نسخہ کے استعمال سے بالکل آرام ہو گیا۔

نسخہ:

مغز جمال گوٹہ تولہ مدبر۔ مغز بید انجیر تولہ۔ عصارہ ریوند 6 رتی۔ دواؤں۔ کو باریک پیس کر رکھ لیں۔ قبض رفع کرنے کی غرض سے تین رتی دوا لے کر سونف کے عرق یا پانی کے ساتھ کھلا دیں۔ قولنج کی شکایت کے موقع پر تین یا چار رتی عرق بادیان عرق پان یا کسی اور مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلا دیں اس کے استعمال سے کھل کر اجابت ہو جاتی ہے۔ اور درد کم ہو جاتا ہے دورہ کے رفع ہونے پر مندرجہ ذیل تدبیر کریں۔ ہلدی 2 تولہ باریک پیس کر چھٹانک بھر آٹے میں ملا کر روٹی پکوالیں اس روٹی کا مالیدہ کر کے اس میں گھی 2 تولہ اور شکر حسب ذائقہ ڈال کر کھالیں اور اس طرح دو تین روز تک مالیدہ بنا بنا کر کھاتے رہیں اگر خدانخواستہ پھر دورہ پڑے تب بھی یہی تدابیر اختیار کریں۔ یعنی دورہ کے وقت چار رتی

سفوف کھلائیں تا کہ اس سے دست ہو جائیں اس کے بعد پھر دو ہی دو تین روز تک مالیدہ بنا کر کھائیں۔ دو تین مرتبہ اس تدبیر کے اختیار کرنے سے پھر قولنج کا دورہ نہیں پڑتا اور ہمیشہ کے لیے دورہ کے اندیشہ سے نجات مل جاتی ہے۔

نوٹ:

اگر سفوف بالا کے استعمال کرنے پر بھی اجابت نہ ہو تو پھر حقنہ کے ذریعہ سدہا کھونے کی کوشش کریں اس کے بعد مذکورہ بالا مالیدہ استعمال کرائیں۔ نیز مذکورہ بالا دوائیں ہمیشہ معمولی قولنج میں طبیب کے مشورہ سے استعمال کرائی جائیں لیکن اگر قولنج شدید تو بہتر یہی ہے کہ حقنہ کے ذریعہ آنتوں کو صاف کرنے کی تدبیر کی جائے اس کے بعد مذکورہ مالیدہ استعمال کرا دیا جائے۔

استسقاء

(از رفیق شفیق)

مندرجہ ذیل نسخے استسقاء کی شکایت کے لیے بہت مفید ثابت ہوئے ہیں متعدد مریض جن کے پیٹ پانی سے بھرے اور تنے ہوئے تھے وہ اس تدبیر سے بالکل شفایاب ہو گئے اس خطرناک شکایت کے دفعیہ کے لیے یہ نسخے ایک نعمت غیر مترقبہ ہیں پیشاب و پسینہ کے ذریعہ اور کبھی اسہال کے ذریعہ پیٹ کی تمام غیر طبعئی رطوبات خارج ہو جاتی ہیں اور مریض تھوڑے عرصہ میں بالکل بھلا چنگا ہو جاتا ہے عجیب و غریب چیز ہے۔

نسخہ:

(تمبا کو خوردنی 5 تولہ۔ سنکھیا سفید 1 رتی دونوں کو شیر مدار میں تر کر کے اس قدر کھرل کریں کہ دونوں چیزیں باریک ہو کر سرمہ کی مانند ہو جائیں۔ بس اسے کسی شیشی

میں محفوظ کرلیں۔(ب) نمک سیاہ 5 تولہ۔نمک سنگ 5 تولہ۔نمک سیندہ 5 تولہ۔وار ملد 5 تولہ انگوزہ 2 تولہ سب کو باریک کر کے روغن سرشف 4 تولہ۔وشیر مدار 3 تولہ میں ملا کر برگ مدار 100 عدد پر چپڑ کر کسی مٹی کی ہانڈی میں بند کر کے گل حکمت کر کے دس سیر جنگلی اوپلوں میں پھونک لیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال پہلی دوا صبح کو بقدر نصف رتی سونف 5 تولہ کے عرق کے ساتھ کھالیں چاشت کے وقت ایک جلیبی کھائیں اور سہ پہر تک کچھ نہ کھائیں سہ پہر کو مونگ کی کھچڑی (جس میں گھی کم ہو) کھائیں۔دوسرے روز پھر اسی تدبیر سے دوا کھائیں اس کے بعد دوروز دوا نہ کھائیں پھر دوروز کھا کر دوروز ناغہ کردیا کریں۔اسی تدبیر سے یہ دوا کھاتے رہیں۔دوسری دوا۔بقدر ایک ماشہ سہ پہر یا شام کو کھانا کھانے کے بعد عرق سونف کے گھونٹ سے نگل لیا کریں یعنی روزانہ شام کے کھانے کے بعد کھاتے رہیں اور جن ایام میں پہلی دوا کا استعمال نہ ہو ان ایام میں دوپہر کے کھانے کے بعد بھی کھائیں۔مذکورہ بالا طریق پر دواؤں کے استعمال سے بیشتر اوقات مرض کا دفعیہ ہو جاتا ہے۔

یرقان

(از بیاض مولوی حکیم شمس الدین احمد صاحب کراچی)

حکیم صاحب اس نسخہ کی بہت تعریف فرماتے ہیں کہ مجھے متعدد مریضوں پر اس نسخہ کے استعمال کا اتفاق ہوا بہت مفید ثابت ہوا اگر پرہیز وغیرہ کی احتیاط رکھ کر اس نسخہ کو استعمال کرایا جائے تو فائدہ کی بہت قوی اُمید کی جاسکتی ہے۔

نسخہ:

خارخسک 10 تولہ کو نیم کوفتہ کر کے رات کو گرم پانی میں بھگودیں۔صبح کو آب

زلال اس کالے کراپنے پاس رکھیں اب ایک مٹی کی بڑی رکابی میں پاؤ بھر نوشادر ڈال کر چولہے پر رکھیں اور اس کے نیچے آنچ کریں جب نوشادر پکنے لگے تب اس آب زلال میں سے تھوڑا تھوڑا لے کر نوشادر پر ڈالتے جائیں حتیٰ کہ وہ تمام پانی صرف ہو جائے نوشادر اس ترکیب سے سفید و شگفتہ ہو جاتا ہے۔ اس کو کھرل میں باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت اس میں سے ایک ماشہ لے کر ہمراہ شربت بزوری یا کسی دوسرے بدرقہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ اس کے چند روزہ استعمال سے انشاء اللہ تعالیٰ شکایت رفع ہو جائے گی۔

عرق طحال

(حکیم مولوی عبدالواحد صاحب مؤلف کتاب التکلیس)

حکیم صاحب موصوف نے متعدد مرتبہ اس نسخہ کا تجربہ فرمایا ہے اکثر مریضوں کو اس نسخہ سے فائدہ پہنچا ہے ممدوح اس نسخہ کی تعریف میں رطب اللسان ہیں فرماتے ہیں کہ چار پانچ ہفتہ میں پرانی سی پرانی تلی بھی طبعی حالت پر آجاتی ہے بھروسہ کی چیز ہے۔

نسخہ:

شورہ قلمی تولہ۔ نوشادر خالص 6 رتی۔ پھٹکری خام 6 رتی۔ سوڈا مصفی 6 رتی پوٹاس 3 رتی سہاگہ 3 رتی خام۔ سفوف ریوند چینی 3 رتی۔ سفوف زنجبیل 1 رتی۔ ایلوہ 1 رتی۔ جوا کھار 1 رتی۔ ہیرا کسیس 6 رتی۔ سرکہ جامن 1 تولہ۔ سرکہ خالص نیشکر 3 تولہ سلفیورک ایسڈ 90 قطرہ دائیلوٹ (گندھک کا تیزاب پانی ملا ہوا) آب مقطرہ 6 تولہ قند سفید 12 تولہ خشک داؤں کو باریک کر کے تر دواؤں میں ملا کر بوتل میں رکھ لیں یہ چھ خوراک ہے اس میں سے ایک خوراک (بوتل کو ہلا کر) صبح ایک خوراک شام کو پئیں اس طرح نسخہ کو تیار کر کر کے

استعمال کرتے رہیں اور بہتر ہو کہ ان دواؤں کے استعمال کے ساتھ مندرجہ ذیل دوائیں لیپ کے طور پر استعمال کریں لیپ انجیر 3 رتی۔ مغز املتاس 6 رتی۔ ایلوہ 6 رتی۔ ریوند چینی 6 رتی۔ نمک ہندی 6 رتی۔ عنب الثعلب 6 رتی خشک تمام۔ دواؤں کو سرکہ خالص میں پیس کر تلی کی جگہ پر لیپ کریں اور روزانہ یہی لیپ کرتے رہیں۔ مذکورہ بالا نسخوں کے چالیس روزہ استعمال سے پُرانی تلی تک جاتی رہتی ہے۔

دوائے طحال

(حکیم حافظ علی احمد صاحب کانپور)

یہ نسخہ دہلی کے ایک طبیب صاحب نے عطا فرمایا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی انہوں نے حکیم حافظ علی احمد صاحب کی طرف اُس کا انتساب کیا ہے حکیم صاحب اکثر مریضوں پر اس نسخہ کا تجربہ فرما چکے ہیں۔ اکثر و بیشتر اس دوا کے استعمال سے بڑی ہوئی تلیاں گھسٹ کر اپنی طبعی حالت پر آ گئی ہیں۔ نہایت مفید اور بھروسہ کی چیز ہے۔ حکیم صاحب موصوف زیادہ تر اس نسخہ کو تیزاب گندھک آب آمیختہ کے ذریعہ تیار کرتے ہیں۔

نسخہ:

خرمہرہ زرد تولہ۔ کسیس سبز تولہ۔ نوشادر تولہ باریک پیس کر ایک بوتل میں ڈال کر اس میں عرق لیموں کاغذی مصفےٰ ڈال دیں اس کے اثر سے بوتل میں جھاگ اُٹھنا شروع ہوں گے۔ دوسرے تیسرے روز پھر دو چار تولہ عرق لیموں مصفی بوتل میں ڈالیں اس طرح دو دو تین تین روز کے وقفہ سے دو چار تولہ عرق ڈالتے رہیں حتیٰ کہ جھاگ اُٹھنا موقوف ہو جائیں تب سمجھ لیں کہ عرق تیار ہو گیا۔ بوقت ضرورت اس میں سے تین چار پانچ چھ قطرہ (بوتل ہلا کر) ایک گھونٹ پانی میں ملا کر صبح شام پلائیں۔

نوٹ:

عرق لیموں نکالنے کے موقع پر یہ خیال رکھیں کہ اس میں پانی کی آمیزش نہو ورنہ اس کے سڑنے کا اندیشہ ہوتا ہے بہتر یہ ہے کہ لیموں کا خالص عرق نکال کر اُسے ہلکا سا جوش دے لیں پھر اسے جاذب وغیرہ میں مقطر کر کے بوتل میں شامل کریں۔ اور ایسے مریض جن کو کھانسی کی شکایت ہو استعمال نہ کرائیں اگر اس طریق سے عرق تیار کرنے میں قباحت ہو تو پھر بجائے لیموں کے عرق کے مذکورہ بالا دوا سلفیورک ایسڈ 15 اونس ڈائیلوٹ میں ڈال دیں۔ بوقت ضرورت بوتل ملا کر دو تین قطرہ پانی میں ملا کر صبح شام پلائیں۔

بواسیر

(منقول از ورق بوسیدہ)

صاحب نسخہ اس نسخہ کی بیحد تعریف فرماتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ اس نسخہ کے استعمال سے بواسیری عوارضات خارش جلن، سوزش، مسوں کا زور قبض جریان خون وغیرہ میں بہت بین طریق پر کمی ہو جاتی ہے کچھ عرصہ میں مسے پژمردہ ہو جاتے ہیں اور بواسیری اثرات سب کے سب جاتے رہتے ہیں حکیم مولوی شمس الدین احمد صاحب بھی اس نسخہ کی تعریف فرماتے ہیں اور بھی چند برادران فن اس کے اثرات کے قائل اور اسے بصیغہ راز رکھنے کے خیال کی طرف مائل نظر آتے ہیں۔

نسخہ:

کتھ سفید تولہ۔ پوست ریٹھہ تولہ سوختہ (پوست ریٹھہ کو جلا کر کوئلے بنا لیں ایسا نہ ہو کہ وہ جل کر راکھ بن جائیں) دونوں کو باہم سحق کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت

ضرورت بقدر ایک رتی لے کر مکھن یا بالائی میں ملا کر کھالیں اور روزانہ ایک ہفتہ تک اس طرح کھاتے رہیں اس کے بعد چھ ماہ گذرنے پر پھر ایک ہفتہ اسی طرح استعمال کریں۔ ہر چھٹے مہینے اسی طرح متعدد مرتبہ استعمال کرنے اور درمیان میں پرہیز وغیرہ کرتے رہنے سے تمام بواسیری شکایات قطعی طور پر جاتی رہتی ہیں۔

بواسیر

(منقول از بیاض)

صاحب نسخہ بواسیر کی شکایت کے لیے اسے اپنا مجرب بتلاتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ بارہا اس نسخہ کے استعمال کا اتفاق ہوا ہے اکثر مفید ثابت ہوا ہے قبض خارش مسوں کا زور وغیرہ عوارضات کم ہو جاتے ہیں اور کچھ عرصہ میں شکایت تقریباً بالکل رفع ہو جاتی ہے۔

نسخہ مغز تخم نیم تولہ۔ مغز تخم بکائین تولہ۔ مغز تخم ہارسنگھار تولہ رسوت مصفیٰ 2 تولہ۔ گلسرخ تولہ۔6 رتی ایلوہ۔ عرق گلاب اسیر۔ مغزیات کو پیس کر رکھ لیں۔ رسوت مصفیٰ۔ گلسرخ ایلوہ تینوں کو عرق گلاب میں بوقت شب بھگو دیں صبح کو دواؤں کو مل کر چھان لیں اور پھر اسے ہلکی آنچ پر رکھ کر پکائیں جب قوام گاڑھا ہو جائے تب مغزیات کو اس میں شامل کر کے گھوٹ کر جنگلی بیر کی برابر گولیاں بنالیں صبح کو ایک گولی دہی کی بالائی کے ہمراہ استعمال کریں۔ اور بہتر ہو کہ شام کے وقت یہی ایک گولی مذکورہ بالائی کے ساتھ کھالیا کریں۔ اور حسب دستور گڑ، تیل، مٹھاس وغیرہ سے اجتناب رکھیں۔

بواسیر

(از بیاض مؤلف)

یہ نسخہ ایک سن رسیدہ بزرگ کا عطیہ ہے جو 15ء میں بعض خاص وجوہ سے رامپور چھوڑ کر دہلی کوچہ میر ہاشم میں قیام فرمار ہے وہ اس نسخہ کو ایک درویش کامل کی طرف منسوب کرتے ہوئے اس کی بیحد تعریف فرماتے تھے اور اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر اس نسخہ کو بہت زیادہ اہمیت دیتے تھے۔ متعدد حضرات کی شکایات اس کے استعمال سے جاتی رہیں۔ نسخہ کی اجزا کی نوعیت سے صاف ظاہر ہے کہ بلاشبہ یہ نسخہ اس مرض میں بہت مفید ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

نسخہ:

آب ککرونده 10 تولہ۔ آب برگ گینده 10 تولہ۔ آب شاہترہ 10 تولہ۔ آب ترب 10 تولہ۔ آب برگ بکن 10 تولہ۔ آب برگ بانسہ 10 تولہ۔ آب گلو سبز 10 تولہ آب برگ کنگھی 10 تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی تولہ۔ ہلیلہ سیاہ تولہ۔ نرکچور تولہ۔ پوست کڑ تولہ۔ بلادر مدبر تولہ (کلاه دور کرده) مغز تخم نیب تولہ۔ مغز تخم بکائن تولہ۔ مرچ سیاہ 6 رتی۔ دار فلفل زنجبیل 6 رتی کنجد سیاہ 2 تولہ۔ رسوت 5 تولہ گوگل۔ 5 تولہ آخری دو دواؤں کے علاوہ بقیہ دواؤں کو روغن بادام سے چرب کریں رسوت گوگل کو آبہائے مذکور میں ڈال کر حل کرتے ہوئے پکائیں اور جب قوام کسی قدر غلظت پر آجائے تب بقیہ دواؤں کو باریک کوٹ پیس کر شامل کر کے چنے چنے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

ازبیاض حکیم شمس الدین احمد صاحب (سندھی)

دردگردہ ریحی

(سابق پروفیسر طبیہ کالج دہلی)

حکیم صاحب فرماتے ہیں کہ یہ نسخہ دردگردہ کی شکایت کے لیے عجیب وغریب ہے چند مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے ہر موقع پر مفید وکامیاب ثابت ہوا ہے۔

نسخہ:

کچلہ 5 عدد (پرانا نہ ہو) روغن زرد 6 تولہ۔ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھی جب کچلے سیاہی مائل ہو جائیں انہیں نکال کر باریک کرلیں پھر اسے کھرل میں ڈال کر ایک پٹھہ گھیگوار کا دبیز لے کر اس کا گودہ اس میں شامل کر کے کھرل کریں جب وہ غلیظ ہو جائے تب چنے برابر اُس کی گولیاں بنالیں۔ اب ضرورت کے وقت ایک چوزہ مرغ لے کر ذبح کر کے صاف کرلیں اور سیر سوا سیر پانی میں اُسے جوش دینا شروع کریں اور جوش دیتے وقت اُس میں بادیان 6 رتی۔ فلفل سیاہ 6 رتی کی پوٹلی ڈال دیں جب تین چھٹانک پانی رہ جائے تب اُسے اُتار کر چھان لیں اور ایک گولی حلق میں رکھ کر اوپر سے یہ آبجوش پلادیں تین روز تک بوقت صبح اس طرح ایک ایک گولی کھلائیں اس طریق سے تین ہی روز میں اکثر اوقات مذکورہ بالا شکایت رفع ہو جایا کرتی ہے بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔

سنگ گردہ ومثانہ

(حکیم مہندر ناتھ صاحب میرٹھ)

یہ نسخہ حکیم صاحب موصوف کے مجربات سے ہے۔ فرماتے ہیں کہ پتھری کے بہت سے مریض اس نسخہ سے شفایاب ہو چکے ہیں چند روز میں گردہ مثانہ کی پتھریاں ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہیں بہت مفید اور بھروسہ کا نسخہ ہے۔

نسخہ:

آب تازہ بوٹی دودھک اما یتل زرد پھول (جسے بہا تل اور جنگلی گوبھی بھی کہتے ہیں) میں شورہ قلمی 10 تولہ پھٹکری سرخ 10 تولہ ملا کر مٹی کی ہانڈی میں نرم آنچ پر پکائیں حتیٰ کہ تمام پانی جذب ہو جائے اس کے بعد شورہ وپھٹکری کو باریک پیس کر رکھ لیں۔ اب اس مجموعہ کے ہموزن حجر الیہود اور اُسی قدر مولی کا نمک ملا کر سحق کریں اور پھر اس مجموعہ کو کسی شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت بقدر چار ماشہ لے کر مندرجہ ذیل جوشاندہ کے ساتھ استعمال کرائیں خار خسک تولہ۔ کلھتی 6 رتی۔ پکھان 6 رتی۔ بیدِ بادیان 6 رتی۔ تخم خیارین 6 رتی۔ تخم خربزہ 6 رتی۔ تخم کرفس 6 رتی۔ تخم پیاز 6 رتی۔ تخم ترب 6 رتی۔ دانہ الائچی کلاں 2 رتی۔ دواؤں کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے مذکورہ بالا دوا کے ساتھ پلائیں۔

سنگ گُردہ ومثانہ

جناب حکیم فضل احمد صاحب (بدایوں)

حکیم صاحب موصوف نے اس نسخہ سے مذکورہ بالا شکایات میں بہت کامیابی حاصل کی ہے اس نسخہ کے استعمال سے جو پتھریاں برآمد ہوئیں انہیں حکیم صاحب طبی کانفرنس کے موقع پر متعدد مرتبہ پیش کرتے رہے ہیں اس نسخہ کے صرف چندروزہ استعمال سے گردہ مثانہ کی پتھریاں ٹکڑے ٹکڑے ہوکر خارج ہوجاتی ہیں بارہا تجربہ کیا جاچکا ہے۔ بے نظیر چیز ہے۔

نسخہ:

حجر الیہود 5 تولہ۔ شورہ قلمی 10 تولہ۔ آب ترب 3 کلو (مولی کا پانی) نصف شورہ کوکسی مٹی کے برتن میں بچھا کر اس پر حجر الیہود رکھیں اس پر بقیہ شورہ جما کر اوپر سے آدہ سیر مولی کا پانی ڈال کر برتن کا منہ خام کر کے گل حکمت کر کے دس سیر جنگلی اُپلوں میں پھونک دیں اس کے بعد پھر آدھ سیر مولی کا پانی ڈال کر گل حکمت کر کے پانچ سیر کی آنچ دیں اسی طرح پھر آدھ سیر مولی کا پانی ڈال کر پانچ سیر کی آنچ دیں اسی طرح اتنی بار آنچیں دیں کہ مولی کا پانی ختم ہوجائے بس یہ دوادوائے حجر الیہود کے نام سے موسوم ہے جو نسخہ ذیل کا اہم جزو ہے۔

نسخہ:

دوائے حجر الیہود 4 چاول۔ جوا کھار 1 سرخ۔ کھار ترب 1 سرخ۔ ان تینوں

دواؤں کو باریک کر کے پھانک لیں اوپر سے شربت بزوری 4 تولہ معتدل قدرے پانی میں ڈال کر پی لیں یا دواؤں کو شربت بزوری معتدل میں ملا کر چاٹ لیں۔

ذیابیطس شکری

(از ورق کہنہ)

یہ نسخہ ایک طبیب صاحب نے (جو اپنے فن میں بہترین کمال رکھتے ہیں اور کسی مصلحت سے اپنے نام کا اظہار مناسب نہیں سمجھتے) سرخ بیاض کے لیے بھیجا ہے جس کاغذ پر وہ نوٹ تھا وہ خاصہ بوسیدہ تھا اسی لیے ورق کہنہ کی طرف انتساب جائز رکھا گیا ہے حکیم صاحب ممدوح فرماتے ہیں کہ ذیابیطس شکری کی شکایت کے لیے یہ نسخہ بہت بہتر اور بہت سے عمدہ نسخوں سے افضل ہے اس کے استعمال سے اکثر اچھے نتائج حاصل ہوئے ہیں۔

نسخہ:

گلو خشک 2 تولہ۔ برگ جامن 2 تولہ۔ خستہ جامن 2 تولہ۔ اصل السوس مقشر 2 تولہ۔ صمغ عربی 2 تولہ۔ کتیرا 2 تولہ۔ تخم نیلوفر 2 تولہ۔ گاؤزبان گلسرخ 2 تولہ۔ گلنار فارسی 2 تولہ۔ گل ارمنی 4 تولہ۔ تخم خشخاش 2 تولہ۔ صندل سفید 2 تولہ۔ کشتہ قلعی 2 تولہ۔ خاکستر مرجان 2 تولہ۔ صدف سودہ 2 تولہ۔ مروارید ناسفتہ 2 تولہ۔ افیون 4 رتی۔ تمام دواؤں کو خوب اچھی طرح باریک کر کے بوتل میں محفوظ کر کے رکھ دیں۔ بوقت ضرورت چھ ماشہ لے کر آب انار میخوش یا دہی کے پانی کے ساتھ صبح شام استعمال کرائیں۔

جریان

(مولوی حکیم نورالدین صاحب (مرحوم) قادیانی)

حکیم صاحب اس نسخے کو جریان کی شکایت کے لیے نیز جریان کی وجہ سے جو ضعف پیدا ہو جاتا ہے اُس کے لیے بہت بہتر بتلاتے ہیں اور ان حالات میں اس کے استعمال کی زور سے سفارش کرتے ہیں۔ یہ نسخہ بھی حکیم صاحب کے مجربات میں سے ہے۔

نسخہ:

لبہ بقر 10 تولہ۔ گائے کا کھیس (در سایہ خشک کردہ) ثمر سپستاں خام 5 تولہ۔ ثمر خام مغیل 5 تولہ۔ ثمر گوندنی 5 تولہ خام (کہ خستہ دراں نیفتادہ باشد) کچی آنبی 5 تولہ (کہ مانند نخود باشد) تمام چیزوں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر باہم ملائیں اور تمام دواؤں کے نصف وزن شکر سفید لے کر اس میں شامل کر کے محفوظ رکھیں۔ چھ ماشہ صبح اور چھ ماشہ شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ چند روز کے استعمال سے شکایت رفع ہو جاتی ہے اگر قبض کی شکایت اس دوران میں ہو جائے تو قرص ملین 4 عدد رات کو سوتے وقت پانی سے نگل لیں۔ بہتر ہو کہ ہفتہ میں دو مرتبہ قرص ملین سوتے وقت کھالیا کریں۔

جریان حار

(بیاض شریف)

اس نسخہ کے استعمال سے اکثر اوقات نوجوان حضرات کے جریان کی شکایت جاتی رہتی ہے۔اس مقصد کے لیے اس نسخہ کو اکثر استعمال میں لایا گیا۔گرم مزاج لوگوں کو جو نوجوانی کی حالت میں اس مرض کا شکار ہوتے ہیں اکثر فائدہ پہنچتا ہے۔بھروسہ کی چیز ہے۔

نسخہ:

کشنیز خشک 1 تولہ۔تخم خرفہ 3 تولہ۔اسپغول مسلم 3 تولہ۔

کشنیز و تخم خرفہ کو کوٹ کر باریک کرلیں پھر اس میں اسپغول ملا لیں۔صبح کو بقدر 4 رتی لے کر گائے کے دودھ یا تازہ پانی کے ساتھ یہاں تک لیں کچھ عرصہ کے استعمال سے شکایت رفع ہو جاتی ہے۔(اگر قبض ہو تو ہفتہ میں ایک یا دو بار رات کو سوتے وقت قرص 4 عدد ملین کھائیں)

دوائے جریان

(منقول از بیاض خاص)

صاحب نسخہ نے اس نسخہ کی بہت تعریف لکھی ہے یہ نسخہ آج کل بہت کثرت سے مریضوں پر برتا جارہا ہے اکثر مفید ہی ثابت ہوتا ہے۔ یہ نسخہ اس شکایت میں استعمال ہونے والے نسخوں میں امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔

نسخہ:

قلعی 5 تولہ۔ جست 8 تولہ۔ سیسہ 5 تولہ۔ ان تینوں چیزوں کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ پگھلنے پر پھٹکری کی چٹکی دے دے کر حرکت دیتے رہیں حتیٰ کہ سب خاک ہوجائے اس کے بعد پھٹکری 2 تولہ اس میں شامل کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے دو سیر اوپلوں کی آنچ دیں اس طرح پانچ چھ مرتبہ آنچیں دیں تاکہ وہ راکھ بالکل سفید ہوجائے اس کے بعد اُسے کسی برتن میں ڈال کر اُس پر پانی ڈالیں اور کچھ دیر بعد اس پانی کو احتیاط سے نتھار دیں اس طرح دو تین مرتبہ پانی شامل کر کر کے نتھارنے سے نمکیت جاتی رہتی ہے اس کے بعد دوا کو خشک کر کے باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرلیں۔ بوقت ضرورت 4 چاول مکھن بالائی یا معجون آردخرما وغیرہ میں رکھ کر استعمال کریں۔

کچھ متعلقہ ادویہ باہیہ

یہ ایک نا قابل انکار حقیقت ہے کہ تقویت مخصوصہ کے لیے جتنی دوائیں بھی استعمال کی واحد غرض یہ ہوتی ہے کہ جسمانی نظام میں ایک قسم کی چُستی عصبی نظام میں ایک قسم کی تحریک اور غذاؤں کے ہضم و جذب میں ایک قسم کی جودت پیدا ہو جائے تا کہ غذائیں زیادہ مقدار میں استعمال کی جاسکیں اور وہ بہتر طریق پر ہضم ہو کر حرارت جسمانی کے علاوہ خون وروح کی افزائش کا موجب بن سکیں کیونکہ انہیں چیزوں کی تولید وافزائش ان ہی کی درستی و بہتری سے تمام جسمانی افعال صحیح اور بہتر طریق پر انجام پذیر ہوتے ہیں محض دوائیں خون وروح وحرارت بدنی کی افزائش اور جسمانی افعال کی بہتر طریق پر انجام دہی سے قاصر ہیں اس لیے اس قسم کی شکایت کے دفعیہ کے سلسلہ میں دواؤں کے استعمال کے ساتھ ہی بہتر و نفیس مقوی غذاؤں کا استعمال (علاوہ فرحت وانبساط پیدا کرنے والے سامانوں کے مہیا کرنے کے) نہایت ضروری ہے اس سلسلہ میں جو نسخے لکھے گئے ہیں وہ قوائے بدنیہ و نظام عصبی کی تحریک وہضم وغیرہ کے لیے بہت بہتر اور بار ہا تجربہ سے مفید و مجرب ثابت ہوئے ہیں ان کے استعمال کے ساتھ اگر گھی دودھ مکھن بالائی قورمہ پلاؤ وغیرہ نفیس غذائیں استعمال کرائی گئیں تو کامیابی کی بہت جلد اُمید کی جاسکتی ہے۔ اس غرض مخصوص کے لیے ایک خاص غذا ماضی وحال کے تجربہ سے بہت زیادہ مفید و بہتر ثابت ہوئی ہے اگر (خاص نقائص کی اصلاح کے بعد) مقوی باہ ادویہ کے استعمال کے ساتھ ہی یہ غذا استعمال کرائی جائے تو بجا طور پر یہ اُمید کی جاسکتی ہے کہ جلد سے اُن حضرات میں بھی جو ضعف و کمزوری اور درازی عمر کی وجہ سے فرحت بصری پر اکتفا کرتے ہوئے اس میدان میں بازی ہار چکے

ہیں نوجوانی کی اُمنگوں کے آثار محسوس ہونے لگیں گے۔ وہو ہذا۔

غذائے مخصوصہ:

جوان بکرے کے خصیے جنہیں عام طور پر کپورے کہتے ہیں لے کر دھو کران کا قیمہ بنائیں اور اس قیمہ کرنے میں اتنا مبالغہ کریں کہ وہ بہت باریک باریک اجزاء میں منقسم ہو جائیں تب انہیں بقدر ضرورت شکر ملا کر خوب میٹھا کر کے کھالیں۔ اگر اس طرح کراہت محسوس ہو تو شکر گھی کا قوام کر کے اس میں الائچی وغیرہ خوشبو کی چیزیں شامل کر کے اس میں قیمہ مذکور ملا کر حلوے کی صورت میں تناول فرمائیں اگر اس طرح بھی نہ کھا سکیں تو شامی کباب بنوا کر یا قیمہ بھون کر استعمال کریں بھوننے سے اس کی طاقت کم ہو جاتی ہے اس لیے زیادہ بہتر صورت تو وہی ہے جو پہلے لکھی گئی ہے لیکن اگر قیمہ بھون کر یا کباب بنوا کر بھی کھائے جائیں تو یہی مفید رہتے ہیں۔

خدائے برتر نے انسان کے لیے عجیب عجیب چیزیں پیدا کی ہیں۔

حبوب مقوی خاص

یہ گولیاں تقویت باہ کے لیے نہایت مُفید ثابت ہوئی ہیں۔ ان کے استعمال سے اکثر اوقات استرخائی حالت ضعف وکمزوری جاتی رہتی ہے جسم میں حرارت قوت چستی پھرتی قوائے مخصوصہ میں ہیجان برانگیختگی اور عجیب کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے بہترین نسخہ ہے۔ طبیب کی رائے سے اگر مناسب حالات میں یہ گولیاں استعمال کی جائیں تو یقینی اور بہت معقول فائدہ ہوتا ہے۔

نسخہ یوحم بین (Yohimbin) 6 سرخ گولڈ کلورائڈ 12 سرخ (یا کشتہ طلاء بیقی) ارسنک کونین 6 سرخ (یا جوہر سین) کرومک سلف 25 ماشہ اکسٹرا کٹ نکس وامیکا

6 سرخ ۔ اکسٹرا کٹ ڈامیانہ 50 ماشہ اکسٹرا کٹ کوکا 25 ماشہ ۔ زنک سلفاس 1 تولہ 4 سرخ ۔ اسٹرکنیا 3 رتی ۔ مشک خالص 5 رتی ۔ زعفران 5 رتی ۔ دواؤں کو آب مقطر کے ساتھ کھرل میں ملا کر ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کر کے ان پر سونے کے ورق لپیٹ دیں۔ صبح کو ایک گولی ناشتہ کے بعد مکھن یا بالائی میں ملا کر استعمال کریں۔

نشاط افزا

(خاندان شریفیہ)

یہ ایک معجون ہے جو دہلی کے مرکبات میں ایک خاص امتیاز رکھتی ہے مردانہ قوت میں برانگیختگی پیدا کرنے کے علاوہ خاص طور پر امساک کا فائدہ بخشتی ہے یہ معجون مباشرت کے موقع پر عجیب وغریب دلکش حالات اور بہت پُر لطف جذبات پیدا کر کے غیر معمولی لذت اندوزی میں مصروف بنا دیتی ہے۔

نسخہ:

مروارید ناسفتہ 2 رتی ۔ یاقوت 1 رتی ۔ ورق طلا 1 رتی ۔ ورق نقرہ 1 رتی ۔ زہر مہرہ 2 رتی ۔ زمرد سبز 2 رتی ۔ مغز پستہ تولہ ۔ مغز فندق تولہ ۔ مغز بادام تولہ ۔ چلغوزہ مغز اخروٹ تولہ ۔ تخم خشخاش تولہ ۔ تخم کاہو مقشر تولہ ۔ تخم کدو شیریں تولہ ۔ قضیب گاؤ تولہ ۔ سوہان کردہ ورق الخیال 3 تولہ ثعلب مصری تولہ ۔ شقاقل مصری تولہ ۔ بہمن سفید تولہ ۔ اندر جو شیریں 6 رتی ۔ بزرالبنج 6 رتی ۔ چرس 3 رتی ۔ جوز بوا 3 رتی ۔ بسباسہ 6 رتی ۔ سنبل الطیب 6 رتی ۔ اشنہ 6 رتی ۔ قرنفل 6 رتی ۔ زنجبیل 6 رتی ۔ دار چینی 6 رتی ۔ سعد کوفی 6 رتی ۔ گل گاؤزبان تولہ ۔ ابریشم مقرض 6 رتی ۔ مشک عنبر 3 رتی ۔ زعفران 6 رتی ۔ افیون 6 رتی ۔ آب سیب شیریں 10 تولہ ۔ آب انار شیریں 10 تولہ ۔ عرق گلاب ۔ عرق کیوڑہ عرق بید

مشک۔شہد خالص ادویہ سے 2 گنا۔قند سفید ادویہ سے 3 گنا۔بطریق۔معروف معجون تیار کریں اور اس میں جواہر مہرہ 6 رتی شامل کر کے چینی یا شیشے کے برتن میں محفوظ کر لیں شام کو نصف ماشہ یہ دوا کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں رات کو کھانا کھائیں اگر بھوک زیادہ لگے تو کوئی مٹھائی کھالیں اور وسط شب میں مشغول بکار ہو جائیں۔

قضیب گاؤ کی بجائے اگر خصیہ گاؤ یا بکرے کے کپورے ڈالے جائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

اکسیر باہ

(مؤلف مخزن الکیمیا)

مؤلف ممدوح اس نسخہ کے بہت مداح ہیں۔فرماتے ہیں کہ اس کے استعمال سے جسم میں غیر معمولی طاقت چستی دلیری اور قوائے مخصوصہ میں قابل امتیاز برانگیختگی و ہیجان پیدا ہو جاتا ہے۔اگر چہ نسخہ کا ایک اہم جزو یعنی کشتہ الماس خود ایک نایاب چیز ہے جس کی وجہ سے کم لوگ فائدہ اُٹھا سکیں گے لیکن واقعہ یہ ہے کہ جو صاحب بھی کشتہ الماس اکلی (جو کھانے میں استعمال ہوتا ہے) تیار کر سکیں گے وہ یقینی طور پر اس نسخہ سے عجیب و غریب فوائد حاصل کر سکیں گے۔

نسخہ

جدوار خطائی اصیل 5 رتی۔زہر مہرہ اصیل 5 رتی۔دانہ ہیل خورد 5 رتی۔دانہ ہیل 5 رتی۔کلاں 5 رتی۔زعفران 5 رتی۔مشک 3 رتی۔عنبر مروارید خورد 2 رتی۔ناسفتہ 2 رتی۔ورق نقرہ 4 رتی۔ورق طلا 2 رتی۔سنکھیا سفید مصعد 5 رتی۔کشتہ الماس اکلی 1 رتی۔تمام دواؤں کو سماق کے کھرل میں باریک کرتے ہوئے عرق گلاب سہ آتشہ دواؤں میں دو بوتل جذب کر دیں (عرق تھوڑا تھوڑا ڈالیں) اس کے بعد اس کی مونگ کی برابر گولیاں بنالیں اور اس پر سونے کے ورق چڑھا کر مضبوط شیشی میں مضبوط ڈاٹ لگا کر محفوظ رکھیں ایک گولی صبح کو مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر کھائیں اور دودھ گھی بالائی مکھن بہت زیادہ مقدار میں کھاتے

رہیں ہیجان باہ کے لیے بینظیر گولیاں ہیں اس کے علاوہ اوجاع مفاصل ضیق النفس نیز طاعون وہیضہ وغیرہ میں بھی اکسیر ہے صفت ثابت ہوتی ہیں۔

حُبوب مقوی مومیائی

(مولوی حکیم فرید احمد صاحب عباسی ہوس فزیشن و پروفیسر طبیہ کالج دہلی)

یہ گولیاں ضعف مخصوص کے ازالہ کے لیے بہت مفید ثابت ہوئی ہیں مقوی باہ دواؤں میں اس نسخہ کو خاص امتیاز حاصل ہے ان گولیوں کے استعمال سے اکثر اوقات قوائے مخصوصہ میں ہیجان برانگیختگی جسم میں چستی اور ایک قسم کی برقی رو پیدا ہو جاتی ہے۔ تقویت باہ کے لیے یہ گولیاں بمنزلہ اکسیر کے ہیں۔ اکثر اطباء کے معمولات اور مجربات سے تعلق رکھتی ہیں۔

نسخہ:

مومیائی 6 سرخ۔ مصطگی 6 سرخ۔ عنبر 1 رتی۔ مشک 1 رتی۔ فادزہر معدنی 1 رتی۔ مروارید ناسفتہ 6 سرخ۔ طباشیر 6 سرخ سفید۔ قرنفل 6 سرخ۔ بسباسہ 6 سرخ۔ جوز بوا 6 سرخ۔ بہمن سرخ 6 سرخ۔ بہمن سفید 6 سرخ۔ دارچینی 6 سرخ۔ شقاقل مصری 6 سرخ۔ زنجبیل 6 سرخ۔ درونج عقربی 6 سرخ۔ عود ہندی 6 سرخ۔ عود صلیب 6 سرخ۔ خصیۃ الثعلب 6 سرخ۔ جدوار خطائی 6 سرخ۔ بیر بہوٹی 5 عدد۔ مغز سر کنجشک 3 رتی۔ تر ورق طلا 6 عدد۔ مومیائی عنبر مصطگی کو ایک شیشی میں کر کے اس میں روغن پستہ اتنا ڈالیں کہ وہ دواؤں سے اوپر رہے پھر کسی دیگچی میں پانی ڈال کر آگ پر چڑھائیں اس پانی میں شیشی کو گردن تک ڈبو کر پانی کی

گرمی آہستہ آہستہ پہنچنے دیں جب مومیائی وغیرہ روغن میں پگھل جائیں تب نکال لیں فادرزہر مشک مروارید ورق طلا کو عرق بید مشک میں حل کرلیں۔ اور پھر ان دونوں ملائیں اور بقیہ دوائیں جنہیں پہلی سے باریک کر کے چھان لیا گیا ہو۔ اور مغز کنجشک شامل کر کے بقدر مونگ گولیاں بنا کر شیشی میں محفوظ رکھیں صبح شام ایک ایک گولی دودھ یا بالائی یا مکھن کے ساتھ کھائیں یا دو گولی سوتے وقت استعمال کریں اور حتیٰ الوسع مرغن غذاؤں کا استعمال رکھیں۔

برائے تقویت باہ

(منشی مشتاق حسین صاحب واچ مرچنٹ مرادآباد)

منشی صاحب کو یہ نسخہ کسی طبیب سے پہنچا ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں چند مرتبہ اس نسخہ کو تیار کر کے استعمال کراچکا ہوں اکثر اوقات اس سے بہتر نتیجہ نکلتا ہے لوگ اکثر اس کی تعریف کرتے ہیں تقویت باہ کے لیے یہ نسخہ کم از کم زیادہ بہتر ضرور ہے۔

نسخہ:

شنگرف 1 تولہ کھرل میں ڈال کر ایک زردی بیضہ مرغ کے ساتھ کھرل کریں جب زردی جذب اور قوام غلیظ ہوجائے پھر دوسری زردی ڈال کر کھرل کریں اسی طرح سولہ زردیاں شنگرف کے ساتھ کھرل کرلیں اس کے بعد افیون 4 رتی۔ زعفران 3 رتی۔ مشک 1 رتی۔ عنبر 5 رتی۔ ورق نقرہ 1 رتی۔ ورق طلا 5 رتی۔ اُس میں شامل کر کے صبح سے شام تک (12 گھنٹہ) خوب کھرل کریں جب قوام خوب غلیظ ہوجائے تب اُس کی چھوٹی چھوٹی گولیاں بنالیں۔ اب ایک چڑے کو ذبح کر کے اُس کی اندرونی آلائش علیحدہ کردیں اور وہ گولیاں اس میں بھردیں چڑے کا مغز بھی اس کے پیٹ میں ڈال کر پیٹ کو

اچھی طرح سی دیں پھر اسی چڑے کو گھی میں بھونیں جب وہ بھنتے بھنتے سرخ ہو جائے تب گھی سے نکال کر کوٹ لیں اور خوب باریک ہو جانے پر چنے چنے برابر گولیاں بنالیں۔صبح کو ایک گولی مکھن میں لپیٹ کر کھالیں تھوڑی دیر بعد دودھ میٹھا یا پانی پی لیا کریں۔

برائے تغلیظ منی و تقویت

(مؤلف رموز اعظم)

یہ نسخہ تجربہ سے بہت مفید ثابت ہوا ہے مادہ منویہ اس کے استعمال سے غلیظ ہو جاتا ہے اور رقت کی وجہ سے جو سرعت کی شکایت ہو جاتی ہے وہ بھی رفع ہو جاتی ہے اور ساتھ ہی قوائے مخصوصہ قوی اور اپنے فرائض کو اچھے طریق پر انجام دینے پر قادر ہو جاتے ہیں۔اس غرض کے لیے یہ ایک بھروسہ کی معجون ہے۔

نسخہ:

تالمکھانہ 9 تولہ کو بڑ کے دودھ میں اچھی طرح تر کر کے رکھ دیں خشک ہونے پر بڑ کا دودھ اتنا شامل کریں کہ تالمکھانہ دودھ سے ڈھک جائیں جب یہ خشک ہو جائیں تو پھر اتنا ہی بڑ کا دودھ پھر شامل کر کے خشک کریں۔اب یہ تالمکھانہ ایک ناریل میں بھر دیں اور ناریل کے ٹکڑے سے سوراخ بند کر کے اس پر گندھا ہوا آٹا لپیٹ دیں خشک ہونے پر اسے تیز بھوبل میں دبا دیں جب آٹا سرخ ہو جائے تب آٹا علیحدہ کر کے ناریل میں سے تالمکھانہ نکال کر پیس لیں اور ناریل کو علیحدہ پیس کر اس میں شامل کر دیں اب مندرجہ ذیل دوائیں اس میں شامل کر کے معجون تیار کر لیں۔تودری سرخ 2 تولہ۔تودری سفید 2 تولہ۔گوکھرو خورد 2 تولہ۔گوکھرو کلاں 2 تولہ۔موصلی سیاہ 2 تولہ۔موصلی سفید 2 تولہ۔

گاؤزبان 2 تولہ۔ ثعلب مصری 2 تولہ۔ سمندر سوکھ تولہ۔ لسان العصافیر تولہ۔ موچرس تولہ۔ الائچی خورد تولہ۔ دارچینی تولہ۔ کباب چینی 9 رتی۔ سورنجان شقاقل 9 رتی۔ طباشیر 9 رتی۔ چوب چینی 10 تولہ۔ بہمن سرخ 1 تولہ۔ بہمن سفید 1 تولہ۔ بوزیدان 2 رتی۔ مغز پستہ 5 تولہ۔ مغز چلغوزہ 5 تولہ۔ مغز بادام 5 تولہ۔ ان تمام دواؤں کو کوٹ کر پہلی دواؤں میں شامل کرلیں اور آدھ سیر شکر کا قوام تیار کر کے اس میں تمام دوائیں ملا کر معجون تیار کرلیں۔ بوقت ضرورت ایک تولہ معجون صبح کو دودھ کے ساتھ یوں ہی کھلالیا کریں۔

طلا مجلوق

(رفیق مؤلف)

یہ طلا آج کل کی شکایات مردانہ کے لیے بہترین چیز ہے جلق زدہ عضو کی تمام خرابیاں دور ہو جاتی ہیں عضو مخصوص کا ضعف اور ڈھیلا پن جاتا رہتا ہے تازگی توانائی طاقت برانگیختگی وغیرہ آثار پیدا ہو جاتے ہیں۔ تریاق فاروق جو اس نسخہ کا ایک اہم جز ہے اگر اصلی دستیاب ہو جائے تو پھر واقعی اس سے بہترین نتائج حاصل ہوتے ہیں اور اکثر حالات میں شکایات کا ازالہ ہو جاتا ہے (بہتر ہو کہ تدہین وتکمید کے بعد استعمال کرائیں)

نسخہ:

سنکھیا سفید 3 رتی۔ سنکھیا سیاہ 3 رتی۔ سنکھیا زرد 3 رتی۔ سنکھیا سرخ 3 رتی۔ قرنفل 3 رتی۔ جوز بویہ 3 رتی۔ بسباسہ 3 رتی۔ تریاق فاروق 3 رتی۔ مومیائی 3 رتی۔ عنبر 3 رتی۔ مشک 3 رتی۔ مغز گھونگچی سفید 3 رتی۔ تمام دواؤں کو خون چمگادڑ میں خوب کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے آتشی شیشی میں بند کر کے احتیاط سے روغن کشید کریں بوقت ضرورت بطریق معروف شب کے وقت اُس کے چند قطرہ عضو مخصوص پر مل کر

بنگلہ پان کچے تاگے سے لپیٹ دیا کریں اور صبح کو گرم پانی سے دھوڈالا کریں پھنسیاں اگر نمو دار ہو جائیں تو طلا نہ لگائیں صرف روغن چنبیلی لگاتے رہیں پھنسیوں کے رفع ہونے پر روغن استعمال کریں دو ہفتہ کے استعمال سے شکایات کا بہت کچھ ازالہ ہو جاتا ہے۔

طلاءمجلوق

(منقول از رسالہ نایاب)

صاحب نسخہ، نسخہ کی بیحد تعریف فرماتے ہیں کہ اگر تدہین تکمید کے بعد اس روغن کا چند روز استعمال رکھا جائے تو اکثر شکایات رفع ہو جاتی ہیں استرخائی حالت رفع ہو کر عضو مخصوص میں قوت اور برانگیختگی کے آثار پیدا ہو جاتے ہیں اور مریض فریضہ زوجیت کی ادائیگی کے لیے مستعد بن جاتا ہے۔

نسخہ:

سم الفار سفید 3 رتی۔ سم الفار سُرخ 3 رتی۔ سم الفار زرد 3 رتی۔ سم الفار سیاہ 3 رتی ۔ جائفل تولہ۔ جاوتری تولہ۔ گندھک آملہ سار تولہ۔ سیماب مصفی تولہ قرنفل 6 رتی۔ مشک 3 رتی ۔ بیخ کنیر سفید تولہ۔ ریگ ماہی 3 رتی۔ بیر بہوٹی 2 تولہ۔ خراطین مصفے 2 تولہ کیسر 6 رتی۔ دواؤں کو باریک کر کے بھیڑ کے دودھ میں خوب اچھی طرح کھرل کریں اس کے بعد بقدر مناسب گولیاں بنا کر ایک روز سایہ میں خشک ہونے دیں دوسرے روز آتشی شیشی میں رکھ کر (بطور پتال جنتر) روغن کشید کر لیں بوقت ضرورت عضو مخصوص کو قدرے رگڑ کر اس پر پانچ قطرہ روغن مذکور کے پانچ منٹ تک مل کر پان باندھ دیں۔ صبح کو گرم پانی سے دھوڈالیں ایک ہفتہ کے استعمال سے بین فائدہ محسوس ہونے لگتا ہے اور بیشتر خرابیاں دور ہو جایا کرتی ہیں۔

طلا مجلوق

(علامہ غلام حسین صاحب مرحوم کنشوری)

برائے درستی پس وپیش:

علامہ موصوف مجلوق کی عام شکایات اور بالخصوص پس وپیش کی ناہمواری کے ازالہ کے لیے اس نسخہ کے بہت مداح ہیں چند روزہ استعمال سے ناہمواری جاتی رہتی ہے جڑ مضبوط اور توانا ہو جاتی ہے اور مریض ہر طرح تندرست ہو کر فریضۂ زوجیت کی ادائیگی پر قادر ہو جاتا ہے ممدوح اپنے تجربہ کی بنا پر نسخہ کی بہت زیادہ تعریف فرماتے ہیں۔

نسخہ:

کفچہ مار سیاہ 7 عدد۔ کژدم سیاہ 5 ماشہ۔ مغز گرگٹ 6 تولہ۔ بیر بہوٹی 6 تولہ۔ قرنفل 6 تولہ۔ جائفل 6 تولہ۔ سنکھیا سیاہ 6 رتی۔ بیخ کنیر سفید 5 ماشہ۔ سروالہ 6 رتی۔ مغز جمالگوٹہ 6 تولہ۔ خراطین 6 تولہ۔ برادہ دندان فیل 6 تولہ۔ چربی خنزیر 6 تولہ۔ کوٹنے کی دواؤں کو کوٹ لیں اور تمام دواؤں کو گھوٹ کر مخروطی شکل کی گولیاں بنالیں پھر انہیں ایک آتشی شیشی میں ڈال کر اسے برادہ شاخ گاؤ سے پُر کر کے بطور پتال جنتر روغن کشید کریں اس روغن کو چاندی کے برتن میں احتیاط سے رکھیں بوقت ضرورت شب کے وقت چند قطرہ عضو مخصوص پر مل کر اوپر سے بنگلہ پان نیم گرم رکھ کر کچا ڈورا لپیٹ دیں صبح کو گرم پانی سے دھو ڈالیں ہفتہ عشرہ میں شکایت کا بہت کچھ ازالہ ہو جاتا ہے دو ہفتہ کے استعمال سے اکثر اوقات تمام خرابیاں رفع ہو کر مضبوطی توانائی پیدا ہو جاتی ہے۔

طلاء مجلوق

(جناب مولوی محمد شریف صاحب جیپور)

موصوف فرماتے ہیں کہ میں نے جے پور میں اس نسخہ سے چند مریضوں کو اچھا کیا ہے گو کہ میں طبابت نہیں کرتا لیکن یہ طلا بنا کر ضرور تمند لوگوں کو دیدیتا ہوں مجموعی حیثیت سے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ نسخہ بہت اچھا اور مُفید ہے۔

نسخہ:

پوست بیخ کیر سفید 25 تولہ۔ گھونگچی سفید 25 تولہ۔ قسط تلخ 25 تولہ۔ سنکھیا سفید 25 تولہ۔ شروع کی تین چیزوں کو کوٹ کر باریک کرلیں اور سب کو ایک پوٹلی میں بند کرتے ہوئے دواؤں کے بیچ وسط میں سنکھیا کی ڈلی رکھ دیں اور اس پوٹلی کو (جو ڈھیلی رکھی گئی ہو) ایک دیگچی بھر کے بھینس کے دودھ میں جو وزن میں پانچ سیر ہو معلق لٹکا دیں اور دیگچی کے نیچے آنچ کریں جب دودھ پکتے پکتے نصف رہ جائے تب دیگچی کو چولہے سے اُتار لیں اور پوٹلی کو اُس سے علیحدہ کر دیں اور اس بقیہ دودھ کو جمالیں پھر اُس میں سے بطریق معروف نونی (کچا گھی) نکالیں اور اس نونی کو شیشی میں گرم کر کے کھچڑی میں دبا دیں تاکہ اس میں سے تیل علیحدہ ہو جائے اُسے کسی شیشی میں محفوظ کرلیں بوقت ضرورت اس روغن کے چند قطرہ بطور مالش عضو مخصوص پر جذب کر کے اوپر سے بنگلہ پان باندھ دیں صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں ہفتہ عشرہ کے استعمال سے کافی فائدہ محسوس ہونے لگتا ہے۔ صاحب نسخہ فرماتے تھے کہ اس نسخہ کے استعمال سے مجھے بہت کامیابی ہوئی ہے۔ دوران استعمال میں میں اگر پھنسیاں برآمد ہوں تو دوا ایک روز صرف روغن چنبیلی کی مالش کریں۔ اور بہتر ہو کہ دس

بارہ روز کے استعمال کے بعد جبکہ شکایات میں بین کمی محسوس ہونے لگے تب اس روغن کے چند قطرہ قدرے مچھلی کے تیل میں ملا کر اس کی مالش کر دیا کریں۔ اس کے چند روزہ استعمال سے اُمید ہے کہ خوشگوار آثار نمایاں ہونے لگیں گے۔ بہتر ہو اس کے ساتھ ہی اندرونی طور پر کوئی مناسب دوا استعمال ہوتی رہے صاحب نسخہ چاندی کا کشتہ تیار کر کے استعمال کراتے تھے (فرماتے تھے کہ عرق کیٹلی خورد میں سو بجھاؤ دے کر ترش قندھاری انار میں رکھ کر آنچ دینے سے چاندی پھنک جاتی ہے)

طلاء معظم

(جناب حکیم محمد فیروز الدین صاحب مرحوم سابق مدیر رفیق الاطباء لاہور)

مرحوم نے اس نسخہ کو رموز میں درج فرماتے ہوئے بیحد تعریف فرمائی ہے 1909, 1910ء میں اور ایک مرتبہ اس سے پیشتر مرحوم کو اس کے بنانے کا موقع ملا فرماتے ہیں کہ تجربہ سے عجیب وغریب چیز ثابت ہوئی۔ اس کے استعمال سے عضو مخصوص میں توانائی و بڑھوتری آدھ گھنٹہ بعد شروع ہو جاتی ہے جس کے روکنے کی ضرورت پڑتی ہے (اگر اس کو روکنے کی تدبیر نہ کی جائے تو خدا جانے اس کا کیا نتیجہ برآمد ہو) حکیم ڈاکٹر سید علی اکبر صاحب نے الحکیم میں اس نسخہ کی تصدیق فرمائی ہے اور وہ بھی اس کی مدح سرائی میں رطب اللسان ہیں۔ حاصل یہ کہ عضو مخصوص کی بڑھوتری و توانائی مضبوطی کے لیے یہ نسخہ صحیح طور پر بغیر مبالغہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے عضو مخصوص تینوں اقطار میں بڑھ جاتا ہے (لیکن لمبائی میں نسبتہً کم بڑھتا ہے)

نسخہ:

مسہ ہائے قلب مار 1 حصہ۔ جنگو کتا 8 حصہ۔ جونک تازہ 18 حصہ۔ تینوں

چیزوں کو روغن زیتون (بقدر ضرورت) ملا کر آٹھ روز تک (سماق کے کھرل میں) کھرل کریں اس کے بعد جنوب بنا کر ایک چھوٹی سی آتشی شیشی میں ڈال کر بطریق پتال جنتر نہایت احتیاط کے ساتھ نرم نرم آنچ پہنچا کر روغن کشید کریں اور اُسے نہایت احتیاط کے ساتھ محفوظ رکھیں۔ ترکیب استعمال بوقت ضرورت تین یا چار قطرے لے کر عضو مخصوص میں انتفاخ شروع ہوگا جو بڑھتا رہے گا پس جس اندازہ پر اسے رکھنا چاہئیں اس اندازہ پر جب انتفاخ پہنچ جائے تب فوراً عضو مخصوص پر مرغ جوان کے پتہ کا پانی (جسے پہلے سے پاس رکھ لیا گیا ہو) مل دیں اس کے ملنے سے جلن موقوف ہو جائے گی اور جتنا عضو مخصوص میں پھلاؤ ہوا تھا وہ مضبوط ہو جائے گا۔ آئندہ انتشار کے وقت عضو مخصوص میں اُتنی ہی فربہی ہوتی رہے گی۔

نوٹ:

مسہ ہائے قلب مار۔ کالے سانپ کے نرپھٹے کے دلپر ایک قسم کا چھوٹا سا مسہ ہوتا ہے جو ایک بار مباشرت کرنے پر معدوم ہو جاتا ہے۔ جنگو کتا۔ یہ ایک چھوٹا سا کیڑا ہے جو برسات کے موسم میں بہت کثرت سے جنگلوں میں رینگتا ہوا پایا جاتا ہے۔ رنگ اس کیڑے کا بھوسلا ہوتا ہے اُس کی پشت پر باریک باریک پشم ہوتی ہے جب وہ جسم سے چھل جاتا ہے تب اس کے چھل جانے سے جسم پر سخت خارش سی ہو جاتی ہے۔ چرواہے اسے خوب اچھی طرح جانتے ہیں زیادہ تر نمدار زمین پر ہوتا ہے اور پنچھی کے درختوں پر اکثر پایا جاتا ہے۔

امساک

(جناب اکبر شاہ صاحب امروہی)

ایک تحریر سے یہ معلوم ہوا کہ یہ نسخہ شاہ صاحب نے کیمیا گروں کی ایک جماعت میں مراد آباد میں پیش کیا تھا اور اسے پیش کرتے ہوئے بہت کچھ اس کی تعریف کی تھی یہ نسخہ چونکہ ایک مہوس کا بتلایا ہوا ہے اس لیے تجربہ کرنے کے بعد ہی اُس کی تعریف کا یقین کیا جاسکتا ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ اس نسخہ میں بھی ایک آنچ کی کسر رہ جائے۔

نسخہ:

گودہ سینگ ہرن تولہ۔ تخم بنگ تولہ۔ کچلہ مدبر تولہ۔ افیون خالص تولہ۔ شنگرف تولہ۔ زردی بیضہ مرغ 3 عدد۔ شیر گاؤ ماشروع کی پانچ دواؤں کو باریک کر کے زردی میں کھرل کریں اس کے بعد دودھ میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں تیار کر کے کسی شیشی میں محفوظ کرلیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی دودھ کے ساتھ کھا کر گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد مصروف بکار ہو جائیں۔

دیگر:

فلفل دراز تولہ۔ فلفل گرد تولہ۔ عاقر قرحا تولہ۔ جاوتری تولہ۔ عود تولہ۔ زعفران تولہ۔ کنجد سیاہ 10 تولہ۔ دواؤں کو باریک کر کے شہد کے ساتھ بقدر کنار دشتی حبوب تیار کر لیں بوقت ضرورت مباشرت سے ایک گھنٹہ قبل دودھ کے ساتھ ایک گولی نگل لیں۔

حبوب امساک

(مولوی محمدؒ شریف صاحب جے پور)

موصوف نے غالباً 13ء میں یہ نسخہ مراد آباد میں جناب قبلہ مولانا محمود حسن مرحوم صدر مدرس مدرسہ شاہی مسجد کے سامنے بیان فرمایا تھا۔ فرماتے تھے کہ یہ نسخہ بالکل صحیح اور میرے تجربہ میں آچکا ہے بہت سے نسخوں سے بہتر ہے۔

نسخہ:

ایک چڑے کو ذبح کر کے اُس کے پیٹ کو آلائش سے صاف کر کے اُس میں افیون خالص بھر کر پیٹ سی دیں اور اس پر کپر وٹی کر کے خشک کرلیں اس کے بعد اُسے کسی کلیا میں بند کر کے گل حکمت کر کے دس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ میں پھونک دیں۔ کلیا کو نکال کر احتیاط سے جلی ہوئی افیون اور چڑے کی خاکستر کو علیحدہ کرلیں اور اس میں بوزن مساوی لوبان کوڑیہ کی سفیدی شامل کر کے شہد کے ہمراہ جنگلی بیر کی برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں شام کے کھانے کے چار گھنٹہ بعد اور مباشرت سے ایک گھنٹہ پیشتر دودھ کے ساتھ ایک گولی نگل جائیں اور گھنٹہ بھر گزر جانے پر مشغول بکار ہو جائیں اُمید قوی ہے کہ اس صورت سے مشغلہ زیادہ دیر تک قائم رہے گا۔

برائے امساک

(حکیم اعظم خان صاحب مرحوم)

مرحوم اس نسخہ کی بہت تعریف کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ میں بہت مرتبہ اسے تجربہ میں لا چکا ہوں۔ یہ نسخہ میرے معمولات و مجربات میں سے ہے۔

نسخہ:

جوز بویہ 1 رتی۔ بسباسہ 1 رتی۔ افیون خالص 1 رتی۔ مازو 1 رتی۔ اسبند 1 رتی۔ مصطگی 1 رتی۔ زعفران 1 رتی۔ ناگ کیسر 1 رتی۔ موچرس 1 رتی۔ تج 1 رتی۔ گوگل 1 رتی۔ سپاری چھالیہ 1 رتی۔ دانہ الائچی خورد 1 رتی۔ طباشیر 1 رتی۔ اجوائن 1 رتی۔ خراسانی 1 رتی۔ تمام دواؤں کو باریک کر کے اسپغول و بہدانہ کے لعاب (بقدر ضرورت) میں ملا کر جنگلی بیر کی برابر گولیاں تیار کر کے محفوظ کر لیں بوقت ضرورت ایک گولی تازہ پانی کے ساتھ نگل لیں اور چار گھڑی بعد میٹھا دودھ پاؤ ڈیرہ پاؤ پی لیں اس کے بعد مشغول بکار ہو جائیں بہت ممکن ہے کہ ہم آغوشی کا زمانہ دراز ہو جائے۔

تقویت وامساک

(از بیاض خاص)

یہ حبوب تقویت باہ کے لیے اور خاص طور پر امساک کی غرض سے آج کل بہت کثرت سے استعمال میں لائی جاتی ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ اس غرض کے لیے یہ گولیاں خاصی مُفید ثابت ہوتی ہیں۔ جریان کی شکایت بھی ان کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ بہت مفید اور بھروسہ کی چیز ہے۔

نسخہ:

زہر مہرہ اصلی 1 تولہ۔ زعفران 1 تولہ۔ جوز بویہ 1 تولہ۔ جاوتری 1 تولہ۔ ریگ ماہی 1 تولہ۔ سمندر سوکھ 6 رتی۔ کشتہ نقرہ 3 رتی۔ مشک خالص 3 رتی۔ تمام چیزوں کو ایک سو بنگلہ پان کے عرق میں کھرل کر کے بقدر نخود کلاں گولیاں تیار کر لیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی مباشرت سے ایک گھنٹہ قبل دودھ کے ساتھ کھالیں گھنٹہ بھر گذرنے پر مشغول بکار ہو جائیں اور تقویت کی غرض سے ایک گولی روزانہ صبح کو دودھ کے ساتھ کھاتے رہیں چند روز کے استعمال سے جسم میں طاقت وتوانائی اور قوائے مخصوصہ میں برانگیختگی و ہیجان کے آثار رونما ہونے لگیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ

طلاملذّذ

(از بیاض حکیم مولوی شمس الدین احب صاحب کراچی)

(عطیۂ مولوی محمد عثمان صاحب پٹرا)

محمد عثمان صاحب (پٹرا) نے یہ نسخہ حکیم صاحب کو تحفتہً پیش کرتے ہوئے بہت کچھ تعریف فرمائی ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے اکثر اس نسخہ کے تجربہ کا اتفاق ہوا ہے بہتر چیز ہے۔

نسخہ:

ٹنکچر اوپیم 30 قطرہ۔ ٹنکچر کیمفر 30 قطرہ۔ لائیکوار ارگٹ ایکیڈم 60 قطرہ مارفیا ہیڈ روکلوراس 5 گرین۔ کلو رو فارم 10 قطرہ۔ عطر گلاب 10 قطرہ۔ شہد 3 تولہ تمام دواؤں کو باہم آمیز کرلیں اور بوقت ضرورت قدرے لے کر بطور طلاء لگائیں اور تھوڑی دیر بعد مشغول بکار ہوجائیں۔ حکیم صاحب موصوف مندرجہ ذیل دواؤں کا اضافہ زیادہ بہتر تصور کرتے ہیں۔

گلیسرین 6 قطرہ۔ روغن دارچینی 5 قطرہ۔ روغن قرنفل۔ 10 قطرہ

ملذّذ

(منقول از بیاض)

صاحب نسخہ نسخہ کی تعریف میں رطب اللسان ہیں تحریر فرماتے ہیں کہ یہ نسخہ لذت جماعیہ اور لطف مباشرت کے لیے سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔ بہت بہتر چیز ہے۔

نسخہ:

گائے کے گھی میں 2 تولہ۔ بیر بہوٹیاں 3 عدد ڈال کر آنچ پر رکھیں جب بیر بہوٹی سوختہ اور گھی خوب سُرخ ہو جائے اُتار لیں اور گھی کو نتھار کر اس میں عطر گلاب 6 رتی ٹنگچر آف سنمن 15 قطرے شامل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت (قبل از مباشرت) چند قطرہ بطور طلا استعمال کر کے کچھ دیر بعد ہم آغوش ہو جائیں۔

بہت زیادہ اُمید ہے کہ یہ ہم آغوشی غیر معمولی لطف کے ساتھ گذرے۔ کالا دانہ لوہے کے چمچے میں کر کے اتنا بھونیں کہ آسانی سے پس سکے۔ پھر پیس کر شہد میں ملا کر سحق کریں خوب سحق کرنے کے بعد اسے محفوظ کر لیں۔ ضرورت کے وقت قدرے عضو مخصوص پر مل کر گھنٹہ بھر کے بعد مصروف ہو جائیں۔

نشاط خیز

(حکیم زبیری صاحب)

حکیم صاحب نے یہ نسخہ بیاض میں درج کرنے کے لیے عطا فرمایا ہے وہ نسخہ کی تعریف میں رطب اللسان میں فرماتے ہیں کہ اس روغن کے استعمال سے مباشرت ایک عجیب چیز بن جاتی ہے اور ساتھ ہی لطف اندوزی کا زمانہ بھی خاصہ طویل ہو جاتا ہے۔ اس غرض کے لیے یہ نسخہ بہترین چیز ہے۔ ملاحظہ ہو:

نسخہ:

چوبہ لوبان 3 رتی۔ روغن دار چینی 3 رتی۔ روغن قرنفل 3 رتی۔ روغن بلسان 3 رتی۔ روغن بیر بہوٹی 3 رتی۔ عطر اگر 2 رتی۔ عطر گلاب 2 رتی۔ کوکین 4 رتی۔ اول کوکین کو چودہ گنے روغن تارپین میں حل کر لیں پھر تمام چیز دن کو باہم ملا کر شیشی میں محفوظ کر لیں بوقت ضرورت مباشرت سے قبل چند قطرہ لے کر عضو خاص پر (بالخصوص نیچے کی سیون پر) مالش کر کے کچھ دیر بعد مشغول بکار ہو جائیں۔ اُمید ہے کہ اوقات مباشرت زیادہ دراز ہو کر زیادہ لطف کے ساتھ گزریں گے۔

نوٹ:

چوبہ لوبان اس طرح تیار کریں۔ عاقر قرحا تولہ۔ دار چینی تولہ۔ قرنفل تولہ۔ جوز بویہ تولہ۔ بسباسہ تولہ۔ لوبان کوڑیہ 5 تولہ۔ تمام چیزوں کو اول باریک کر لیں پھر انہیں

گلاب میں حل کر کے قدرے لانبی گولیاں بنالیں اور انہیں ایک آتشی شیشی میں ڈال کر شیشی کوگل حکمت کر کے بالوجنتر کے طریق پر چویہ کشید کرلیں۔

آتشک

(علامہ حکیم محمد یوسف صاحب نیر حیدرآباد دکن)

حکیم صاحب ممدوح اس نسخہ کی بہت تعریف فرماتے ہیں۔فرماتے ہیں کہ سخت سے سخت مریضوں کو جن کے زخم بہت گہرے اور تمام جسم قریب قریب سڑا ہوا محسوس ہوتا تھا اس نسخہ کے استعمال سے فائدہ پہنچا ہے دو ہفتہ کے استعمال سے مریض شفایاب ہوئے ہیں۔اگر نقوع شاہترہ پلا کر مطبوخ ہفت روزہ سے تنقیہ کرایا جائے اور اس کے بعد یہ دوا استعمال کرائی جائے تو مرض کا قطعی دفعیہ ہوجاتا ہے سلورسان سے یہ دوا بہتر ہے۔

نسخہ:

رسکپور 2 تولہ میں۔برانڈی یا تیز شراب (قدرے قدرے ڈال کر) آہستہ آہستہ 2 تولہ کھرل کریں یہاں تک کہ ایک شیشہ شراب جذب ہوجائے پھر اسے ایک مٹی کی چھوٹی سی ہانڈی یا آبخورہ میں رکھ کر اُس کے منہ پر چینی جما کر اچھی طرح مُنہ خام کردیں پھر اس کے نیچے نہایت دھیما شعلہ چراغ کی موٹی بتی سے قائم کر کے جوہر اُڑائیں اوپر کی چینی پر سرد پانی سے کپڑا تر کر کے رکھتے ہیں۔اس طریق سے تین گھنٹہ میں جوہر اُڑ کر اوپر کی چینی پر لگ جاتا ہے۔تین چار گھنٹہ بعد شعلہ موقوف کریں اور آہستہ سے کھول کر چینی میں سے جوہر کاغذ وغیرہ سے چھٹا کر محفوظ رکھیں۔بوقت ضرورت بالائی کے بیچ میں رکھ کر یا منقے کے بیج علیحدہ کر کے اُس کے اندر رکھ کر پانی کے گھونٹ سے حلق سے اُتار لیں یہ احتیاط رکھیں کہ دوا دانتوں کو نہ لگے اس کے دوران استعمال میں گھی کا زیادہ استعمال رکھیں اور پھیکی روٹی کھائیں۔

آتشک

(حکیم دلبر حسن خان صاحب پٹیالہ)

حکیم صاحب موصوف اس نسخہ کی بہت تعریف کرتے ہیں متعدد مواقع پر اپنا خیال اس کے متعلق ظاہر فرما چکے ہیں صدیوں سے اُن کے خاندان میں یہ نسخہ برتا جارہا ہے۔فرماتے ہیں کہ فائدہ آہستہ آہستہ ہوتا ہے لیکن کچھ عرصہ میں مرض کا قطعی استیصال ہوجاتا ہے۔آتشک کے لیے یہ ایک بہترین نسخہ ہے۔تنقیہ کے بعد یقینی مرض کو قطعی طور پر دفع کردیتا ہے۔

نسخہ رسکپور 1 تولہ۔دار چکنا تولہ۔قرنفل تولہ۔دواؤں کو لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستے سے گھوٹیں اور اس گھوٹنے کے سلسلہ میں بکری کا دودھ جذب کرتے رہیں یہاں تک کہ تین سیر دودھ جذب ہوجائے اس کے بعد جنگلی بیر کی برابر یا اس سے کچھ چھوٹی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔ضرورت کے وقت ایک گولی صبح ایک شام حلوے میں لپیٹ کر نگلوادیں۔اور دوران استعمال میں گوشت بینگن تیل گڑ سے قطعی پرہیز رکھیں۔

آتشک

(از مشفق من)

یہ نسخہ میرے ایک کرمفرما کا عطیہ جو اپنے نام کے اظہار کو کسی مصلحت سے موزوں نہیں سمجھتے وہ فرماتے ہیں کہ یہ نسخہ آتشک کی شکایت کے لیے بہت مفید ثابت ہوا ہے ذاتی تجربہ کے بھروسہ پر کہا جا سکتا ہے کہ یہ بہت سے اچھے نسخوں سے بہتر وافضل ہے اکثر اوقات اس کے استعمال سے شکایت رفع ہو جاتی ہے بھروسہ کی چیز ہے۔

نسخہ:

توتیاء خام تولہ۔ عاقرقرحا تولہ۔ سپاری نہری بریاں تولہ اوران دواؤں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر سب کو ملالیں پھر انہیں ایک روز تک متواتر آب تلسی میں کھرل کر کے بقدر دانہ مسور گولیاں بنالیں۔

بوقت ضرورت ایک گولی صبح ایک شام گڑ میں لپیٹ کر نگل جائیں اور زخموں پر بھی یہ گولیاں آب تلسی میں گھس کر لگادیں چند روزہ استعمال سے فائدہ محسوس ہونے لگے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

سوزاک

(مؤلف کیمیاءِ باسلیقا)

مرض سوزاک کی شکایت کے لیے یہ نسخہ بہت عجیب و غریب بتلایا گیا ہے صاحب نسخہ دوسرے نسخوں پر اسے ترجیح دیتے ہیں فرماتے ہیں کہ اس کے استعمال سے چند روز میں قطعی شکایت کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ بہت مُفید اور بھروسہ کی چیز ہے۔

نسخہ:

روغن صندل تولہ۔ روغن بلسان اصلی تولہ۔ روغن بہرزہ تولہ۔ روغن کباب چینی تولہ۔ تمام روغنوں کو ملا کر ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔

(ب): جوا کھار ولایتی تولہ۔ کات سُرخ تولہ۔ مغز کشنیز تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی تولہ طباشیر تولہ۔ پھٹکری بریاں تولہ۔ شورہ قلمی تولہ شکر سرخ 5 تولہ۔ یہ تمام دوائیں باریک کر کے سفوف کر لی جائیں۔ اب اس سفوف میں سے 9 تولہ تک لے کر اس میں بارہ قطرہ روغن مذکور کے ملا کر کھائیں اوپر سے پاؤ بھر بکری کے دودھ میں ایک سیر پانی ملا کر پی لیں۔

پھٹکری کو بہتر ہو کہ اس طریق پر بریاں کریں۔ پھٹکری کا چار پانچ تولہ کا ایک ڈلا چینی کے پیالہ میں رکھیں اُس پر آک کا دودھ اتنا ڈالیں کہ ڈلا چھپ جائے۔ ایک رات بھیگا رہنے دیں صبح کو ڈلا نکال کر دھولیں اور اُسے ایک ٹلیا میں بند کر کے گل حکمت کر کے چار پانچ سیر اُپلوں کی آگ میں پھونک لیں یہ پھٹکری بقدر ایک ماشہ تنہا بھی مناسب بدرقہ خصوصاً گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ سوزاک کے لیے نافع ثابت ہوتی ہے پچکاری۔ توتیا بریاں۔ پھٹکری بریاں (مذکورہ پھٹکری زیادہ بہتر ہے) کیتہ باریک کر کے دہی کے توڑا میں ملا کر پچکاری کرائیں۔ توتیائے مصفّٰی بریاں۔

سوزاک

(از رفیق مطب)

یہ دوا جو کہ عرق کی صورت میں ہے سوزاک کی شکایت کے لیے بہت بہتر ثابت ہوئی ہے نیا سوزاک تو اس کی چند خوراکوں میں کافور ہو جاتا ہے آج کل بہت کثرت سے استعمال ہو رہا ہے واقعہ یہ ہے کہ یہ دوا شکایت بالا کے لیے نہایت مُفید اور بھروسہ کی چیز ہے۔ البتہ اس کا ایک جزو (برانڈی) کا استعمال چونکہ بعض مذاہب میں ناجائز ہے اس لیے اس کا لحاظ رکھنے کی ضرورت ہے۔

نسخہ:

ہرے دھنیا 10 تولہ کے پتوں کا پانی مصفّٰے مقطر برانڈی خالص 2 تولہ۔ روغن صندل 6 رتی۔ ان تینوں چیزوں کو باہم ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت ایک تولہ صبح ایک تولہ دوپہر ایک تولہ شام پی لیا کریں۔ اگر ہرا دھنیا نہ مل سکے تو پھر خشک دھنیا 5 تولہ نیم کوفتہ کو رات کو پانی میں بھگو دیں صبح کو اسے جوش دیں جب آدھ پاؤ پانی باقی رہے تب چھان کر کام میں لائیں۔

نوٹ:

بہتر ہو کہ اس دوا کو تازہ تیار کرا کر استعمال کرائیں۔

سوزاک

(از رفیق صادق)

مندرجہ ذیل نسخہ اکثر اوقات سوزاک کے لیے بہتر ثابت ہوتا ہے۔ناظم صاحب اکثر اسی نسخہ کو استعمال کراتے ہیں۔ نئے سوزاک میں تو اس کے استعمال سے بہت جلد آرام ہو جاتا ہے البتہ پُرانے مرض میں زیادہ روز تک استعمال کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

نسخہ:

روغن صندل 1½ تولہ (صرف) مندرجہ ذیل سفوف میں شامل کر کے چار چار ماشہ کے وزن سے شربت بزوری 4 تولہ کے ساتھ کھلائیں یا روغن صندل تولہ۔روغن بہروزہ تولہ۔روغن بلساں تولہ۔روغن کباب چینی تولہ۔ان تمام روغنوں کو ملالیں اور اس میں سے 12 یا 15 قطرے لے کر مندرجہ ذیل سفوف میں سے چار ماشہ لے کر اس میں شامل کر کے مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔(بکری کے دودھ کی لسی بہتر بدرقہ ہے)

نسخہ سفوف ۔ ست بہروزہ 6 رتی ۔ طباشیر 6 رتی ۔ دانہ الائچی کلاں 6 رتی ۔ کباب چینی 6 رتی ۔ نبات سفید 2 تولہ۔ تمام دواؤں کو باریک کر کے سفوف بنالیں ۔ مندرجہ ذیل بالا دونوں ترکیبوں سے شکایت کے جلد دفعیہ کی اُمید کی جاسکتی ہے۔

برائے سیلان رحم

(مولوی حکیم سید فصیح الحسن صاحب (زیدی) انگینوی)

یہ نسخہ موصوف کے معمولات و مجربات سے ہے۔ اکثر اوقات اس نسخہ کے استعمال سے مذکورہ شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ نسخہ مختصر اور زیادہ سودمند ہونے کی وجہ سے قابل قدر ہے۔

نسخہ:

کاکڑا سینگی 10 تولہ۔ گوکھرو 10 تولہ۔ گائے کے دودھ 2 ثا میں پکائیں۔

جب دودھ کھویا سا ہو جائے۔ تب قند سفید (بقدر ضرورت) شامل کر کے محفوظ کر لیں۔

بمقدار ایک تولہ صبح کے وقت روزانہ کھلائیں اگر ضرورت محسوس ہو تو صبح شام دونوں وقت استعمال کرا سکتے ہیں۔

دوائے دِق

(جناب حکیم فرید احمد صاحب عباسی ہاؤس فزیشن و پروفیسر طبیہ کالج دہلی)

حکیم صاحب موصوف ایک عرصہ دراز سے اس دوا کو پُرانے بخاروں اور مرض دق کی ابتدائی حالت میں استعمال کراتے ہیں۔فرماتے ہیں کہ اس کے استعمال سے اکثر اوقات بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔اس خطرناک مرض کے لیے (بشرطیکہ شروع ہی میں اس کا استعمال شروع کر دیا جائے) بیحد مفید رہتی ہے۔حمیٰ مزمنہ کے لیے بہت مفید ثابت ہوتی ہے حکیم صاحب ممدوح کے مجربات میں سے یہ دوا سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔

نسخہ۔فلفل سیاہ مدبر طباشیر۔چھوٹی الائچی۔ست گلو خانہ ساز۔بلادر مدبر ہموزن تمام دواؤں کو باریک پیس کر سفوف بنالیں بوقت ضرورت اس میں سے ایک سُرخ لیکر بکری کے دودھ کے ساتھ شروع کرائیں اور ہر روز دو تولہ دودھ بڑھاتے رہیں حتیٰ کہ ایک سیر دودھ تک تو نوبت پہنچ جائے اس مدت میں اکثر اوقات شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

فلفل سیاہ اور بلادر کو بایں ترکیب مدبر کریں۔ان دونوں چیزوں کو کوئیں کی پرانی اینٹوں کے سفوف میں نم جگہ دبا دیں دو ہفتہ بعد اُسے نکال کر ایک چینی کے برتن میں رکھ کر اس پر بکری کا دودھ اتنا ڈالیں کہ دودھ دواؤں سے دو انگشت اوپر رہے چالیس روز تک دودھ میں بھیگا رہنے دیں لیکن ہر روز پہلا دودھ علیحدہ کر کے تازہ دودھ ڈالتے رہا کریں چالیس روز بعد یہ دونوں چیزیں مدبر ہو جائیں گی۔خشک کر کے پیس کر کام میں لائیں۔

حب بخار

(غلام محمد صاحب جگرانوی سابق سرجنٹ پولیس حصار)

سارجنٹ صاحب سی آئی ڈی کے ایک افسر کی حیثیت سے بلباس فقیری جرائم پیشہ حضرات کی تحقیقات میں ایک عرصہ تک مصروف رہے وہ فرماتے ہیں کہ جب کبھی اِس قسم کے لوگوں کی تحقیقات کے سلسلہ مین اُن کے یہاں مجھے فقیر بن کر رہنا پڑتا تھا تو اس گروہ کے لوگ مجھے سچا فقیر سمجھ کر اپنے دکھ درد کو لے کر میرے پاس آتے تھے میں اس کی تدبیر کیا کرتا تھا بخار کی شکایت کے مریضوں کو میں یہ گولیاں تیار کرا کر استعمال کراتا تھا جس سے جلد آرام ہو جاتا تھا اور میرے ساتھ اُن کی عقیدت زیادہ ہو جایا کرتی تھی۔

نسخہ:

نیم کے پتے تھوڑے سے لے کر خوب اچھی طرح اُنہیں کوٹ کر رگڑ لیں پھر اس کا ایک گولا سا بنا کر اس پر خوب اچھی طرح گل حکمت کر دیں۔ جب وہ خشک ہو جائے تب آگ میں رکھ دیں جب وہ جل کر خوب سُرخ ہو جائے تب اُسے وہاں سے نکال کر ٹھنڈا کر لیں۔ پھر اوپر سے مٹی وغیرہ کو علیحدہ کر کے وہ غلولہ نکال لیں جو خوب سُرخ ہوتا ہے۔ غلولہ برگ نیم مذکور 2 تولہ۔ کونین سلفاس تولہ۔ فلفل سیاہ 3 رتی۔ باہم ملا کر کہرل میں خوب باریک کر لیں پھر اس میں شہد خالص 6 رتی ڈال کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں اور دن میں تین مرتبہ بخار آنے سے قبل پانی کے ساتھ نگلوا دیں۔

برائے بخار (موسمی)

(جناب ڈاکٹر مولانا محمد علی شاہ صاحب سابق پروفیسر جامعہ ملیہ اسلامیہ علی گڑھ)

ڈاکٹر صاحب ممدوح اس نسخہ کی بہت تعریف فرماتے ہوئے کہتے تھے کہ میں اپنے مطب میں ملیریا کے زمانہ میں انہیں گولیوں کو استعمال کراتا ہوں خدا کے فضل سے بہت کامیابی ہوتی ہے۔موصوف نے ایک موقع پر ازراہِ کرم خود فرمایا کہ اس نسخہ کو نوٹ کر لیا جائے بہت بہتر اور بھروسہ کی چیز ہے۔

نسخہ:

سفوف برگ نیم تولہ (در سایہ خشک کردہ) سفوف فلفل سیاہ تولہ ست گلو تولہ (یا سفوف برگ گلو تولہ در سایہ خشک کردہ) کونین تولہ۔لائکر آرسنک کیلس 1 رتی۔تمام چیزوں کو کھرل میں ایک ذات کر کے شہد کے ہمراہ بقدر نخود حبوب تیار کر لیں۔اور بوقت ضرورت باری سے قبل کونین کے طریق پر دو دو گھنٹہ کے فاصلہ سے ایک ایک گولی استعمال کرائیں۔

کشتہ گؤ دنتی 2 رتی۔ست گلو 2 رتی۔بسباسہ 3 رتی۔باریک پیس کر شیشی میں رکھ لیں بخار کی باری سے پیشتر 4 رتی لے کر تازہ پانی سے نگلوادیں۔باری کے بخاروں کے لیے بیحد مفید ہے۔

وجع مفاصل

(از جناب ضیاء الدین صاحب کارخانہ دار دہلوی)

یہ نسخہ گھٹیا نیز سردی کے اثر سے جو درد کی شکایت ہو جاتی ہے اُس کے ازالہ کے لیے بہترین چیز ہے۔ جس قدر اس کی تعریف کی جائے کم ہے بہت سے لوگ اس نسخہ سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ نیز استرخاء عضو مخصوص اور تقویت باہ کے لیے بھی طلایہ نسخہ بہت مفید ثابت ہوا ہے اس روغن کی (تلچھٹ گاد) طلاء ملذذ ثابت ہوئی ہے۔ الغرض یہ نسخہ بہت سے اوصاف کے لیے جامع ہے۔

نسخہ:

شاہ قرنفل (لونگا) 2 تولہ گرہ برگ ڈہاک 2 تولہ کڑتولہ۔ لوبان کوڑیہ تولہ۔ دواؤں کو علیحدہ علیحدہ باریک سفوف کر کے ڈیڑھ پاؤ آدہ سیر سرسوں کے تیل میں کسی صاف لوہے کی کڑاہی میں شامل کر کے آگ پر رکھیں اور لوہے کے دستے سے جلاتے جائیں حتیٰ کہ دوائیں جل جائیں اور گھٹتے گھٹتے تیل میں مل کر ایک ذات ہو جائیں بس اُتار کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔ بوقت ضرورت قدرے لے کر مقام ماؤف پر نیم گرم مالش کریں۔ اور بغرض تقویت عضو مخصوص بطور طلاء بطریق معروف) استعمال میں لائیں۔

نوٹ:

شاہ قرنفل جسے لونگا کہتے ہیں جس جگہ پر لونگیں کثرت سے ہوتی ہیں وہاں تلاش

سے دستیاب ہو جاتا ہے اکثر اوقات لونگوں کی بوریوں کے کھولنے اُن کے بھرنے پر جو لوگ ملازم ہوتے ہیں اُن کے ذریعہ سے لونگ مل جاتا ہے جو قرنفل سے خاصہ بڑا قریب قریب چھوٹی ہڑ کے برابر ہوتا ہے یہی نسخہ کا جزو اعظم ہے۔

گرہ برگ ڈھاک سے مراد وہ گانٹھیں ہیں جس میں بالعموم ڈھاک کے تین پتوں کی تین ڈنڈیاں لگی ہوتی ہیں پتوں کی ڈنڈیاں علیحدہ کر کے صرف وہ گانٹھیں (جو قریب قریب چھوٹی ہڑ کے برابر ہوتی ہیں) لے لی جائیں اور انہیں اچھی طرح سکھا کر ہاون دستہ میں باریک کر کے کوٹ چھان لیا جائے۔

اگر صرف وجع مفاصل کی شکایت کے لیے تیار کرنا ہو تو چھ ماشہ افیون خالص بھی اگر اُس میں حل کر لی جائے تو زیادہ فائدہ کی اُمید ہے۔اس نسخہ میں افیون نہیں ہے اس نسخہ کے ساتھ اندرونی طور پر مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں جو جناب قاضی مسیح الدین صاحب دہلوی کے مجربات سے ہے۔

سورنجان شیریں تولہ۔ سنا مکی تولہ۔ صبر زرد تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد تولہ۔ زنجبیل تولہ۔ مصطگی رومی تولہ۔ کوٹ پیس کر روغن بادام شیریں تولہ میں چرب کرلیں اور بقدر کنار دشتی پانی کی مدد سے گولیاں تیار کرلیں۔

دو گولیاں صبح شام استعمال کرتے رہیں۔

خارش داد چھاجن وغیرہ

(ازمولوی محمد حسین صاحب سہسوانی)

یہ نسخہ 17ء میں محمد ابراہیم صاحب جفت فروش بلیماراں دہلی کی دوکان پر غربا کے لیے مُفت تقسیم کیا جاتا تھا بہت سے لوگ لے جا کر اس سے صحت یاب ہوتے تھے۔ خارش کے لیے خاص طور پر مُفید ہے نیز داد چھاجن کلف وغیرہ جلدی امراض نیز آگ سے جلے ہوئے کے لیے سود مند ہے اکثر حالات میں اس سے بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں شکایات مذکورہ بالا کے لیے بہت بہتر نسخہ ہے۔

نسخہ:

پارہ مصفیٰ 6 رتی۔ مروارسنگ 6 رتی۔ نیلاتھوتھہ 6 رتی۔ رال 5 تولہ۔ سرسوں کا تیل ما۔ پارہ کے علاوہ دوسری دواؤں کو پیس کر خوب باریک کر کے تیل میں شامل کر لیں پھر پارہ شامل کر کے بقدر مناسب پانی ملا کر کسی چوڑی لکڑی سے پھینٹیں۔ چھ گھنٹہ تک متواتر پھینٹتے رہیں حتیٰ کہ دوائیں دہی جیسی بن جائیں۔

یہ عمل کسی مٹی یا چینی کے برتن میں کریں اور تیار ہو جانے پر اسے محفوظ رکھیں۔

بوقت ضرورت قدرے جائے ماؤف پر مل کر کچھ عرصہ گذرنے پر گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

خارش چنبل داد وغیرہ امراض جلد

(مؤلف کیمیاء باسلیقا)

مؤلف ممدوح اس نسخہ کی بہت تعریف فرماتے ہیں۔ بہت سے مریض اسی نسخہ سے شفایاب ہوئے ہیں۔ ایسے مریض جو چاندنی راتوں میں جسم کو کھجاتے کھجاتے تنگ آجاتے تھے وہ اس روغن سے بالکل اچھے ہو گئے ہیں۔ الحاصل جلدی امراض کے لیے یہ نسخہ مختصر ہونے کے ساتھ ہی بہت مفید ہے۔

نسخہ:

برادہ شیشم (یا درخت شیشم کی چھال) اونٹ کی مینگنیاں دونوں هموزن لے کر آتشی شیشی میں ڈال کر بطور تپال جنتر روغن کشید کریں (بعض حضرات اس نسخہ میں افتیمون کا اضافہ بہتر سمجھتے ہیں) اس روغن میں سے قدرے لے کر مقام ماؤف پر ملیں اور کچھ عرصہ بعد گرم پانی سے دھوڈالیں۔ دور حاضر میں اس نسخہ میں بہت کچھ دواؤں کا اضافہ کر کے نسخہ کو ایک نئی صورت میں لے آیا گیا ہے جو تجربہ سے بہت مفید ثابت ہوا ہے اب اس نسخہ کی موجودہ صورت یہ ہے مار شیشم کی چھال 2 تولہ۔ اونٹ کی مینگنیاں 2 تولہ۔ پوست ناریل 2 تولہ۔ گیہوں 2 تولہ۔ سہاگہ 2 تولہ۔ نیلہ تھوتھہ 2 تولہ۔ باوچی 2 تولہ۔ مردار سنگ 2 تولہ۔ گندھک آملہ سار 2 تولہ۔ سانپ کی کینچلی 1 عدد۔ پوست ناریل و چھال کو نیم کوب کر کے قدرے پانی میں بھگوئیں اسی طرح گیہوں قدرے پانی میں بھگو دیے جائیں کچھ

عرصہ بعد دونوں چیزوں کو ایک جگہ کرلیں اب اس میں اونٹ کی مینگنیاں شامل کردیں اور سانپ کی کینچلی باریک باریک کتر کراس میں ملائیں اور سب سے آخر میں دوسری دوائیں باریک پیس کر شامل کریں اور ایک بڑی ہانڈی میں جس کے پینیدے میں چند باریک باریک سوراخ کردیے گئے ہوں بھر کراس کا منہ رکابی سے بند کر کے خام کردیں پھر ایک گڑھے میں جس میں ایک اور چھوٹا سا (بقدر پیالہ) گڑھا ہواس طرح رکھیں کہ چھوٹے سے گڑھے میں پیالہ ہواور اس پر ہانڈی اس طرح پر رکھی جائے کہ پیالہ کا اوپری دور ہانڈی کے پینیدے پر اچھی طرح لگ جائے اور ہانڈی کے سوراخ پیالہ کی حد میں آجائیں پھر اس ہانڈی پر دس پندرہ سیر اُپلوں کی دھیمی دھیمی آنچ دیں دوسرے روز آگ سرد ہونے پر احتیاط سے ہانڈی علیحدہ کریں تاکہ راکھ وغیرہ پیالہ میں نہ گرنے پائے پیالہ میں روغن ملے گا۔ اُسے محفوظ رکھیں۔

بوقت ضرورت چنبل دادوغیرہ پر گڑ کرلگادیں کچھ عرصہ بعد گرم پانی سے دھوڈالیں۔

زنبک

منقول ازورق جدید)

یہ ایک ولایتی مرہم ہے کہ جوزنبک وزنبق کے نام سے بہت کثرت سے فروخت ہوتا ہے۔ یہ مرہم زخم۔ چھالا۔ بثور۔ ورم۔ داد۔ چنبل۔ خارش۔ چھپا کی پت۔ حمرہ وغیرہ تمام جلدی امراض نیز زہریلے جانوروں کھٹملوں مچھروں کے کاٹنے کی سوزش کے ازالہ کے لیے بہت کثرت سے استعمال ہوتا ہے اور واقعی اغراض بالا کے لے ایک مفید چیز بھی ہے۔

نسخہ آئل آف یوکالپٹس (Oil of Eucalyptus) 1 تولہ 2 رتی زردرال 1 تولہ 8 رتی سافٹ پیرافین 4 تولہ 7 رتی (سفید) ہارڈ پیرافین 4 تولہ 7 رتی۔

یہ دونوں قسم کی پیرافین کو ایک جگہ کر کے کسی صاف و چھلیے برتن میں پگھلائیں اور چمچے سے پھینٹیں پھر اُس میں پہلی دوا اور رال زرد شامل کر کے چمچے سے خوب پھینٹتے رہیں حتیٰ کہ سب دوائیں ایک ذات ہو کر سرد ہو جائیں۔ دواؤں کے باہم مخلوط کرنے کے دوران میں رنگین کرنے کے لیے سبز یا سُرخ رنگ بہت تھوڑی مقدار میں شامل کر دیں بس دوا تیار ہے اسے پھیلے ہوئے منہ کی شیشی میں بند کر کے محفوظ کر لیں بوقت ضرورت قدرے لے کر مقام ماؤف پر مل دیں۔

برص

(ناظم صاحب)

یہ نسخہ جناب ناظم صاحب کا عطیہ ہے وہ فرماتے ہیں کہ اس کے استعمال سے متعدد مریضوں کو فائدہ پہنچا ہے اگر شروع شروع مرض میں مندرجہ ذیل طریق سے علاج جاری رکھا جائے تو اکثر اوقات شکایت رفع ہو جاتی ہے سفید داغ جاتے رہتے ہی جلد کا رنگ بالکل درست ہو جاتا ہے۔اس مقصد کے لیے یہ ایک بہتر نسخہ ہے۔

نسخہ:

گندھک آملہ سار مدبر تولہ۔ ترپھلہ تولہ۔ بانچی تولہ۔ باریک کر کے پانی کے ساتھ کھرل کر کے بقدر جنگلی بیر گولیاں تیار کر لیں۔اور ایک گولی روزانہ صبح کو لے کر شہد کے ہمراہ کھلائیں اور مندرجہ ذیل روغن داغوں پر طلاء کریں۔

بانچی۔تخم پنواڑ۔ہموزن کوٹ کر کالے سانپ کے پیٹ میں بھر دیں پھر اسے کسی روغن ہانڈی میں جس کے پیندے میں دو تین سوراخ کر دیے گئے ہوں ڈال کر ہانڈی کا منہ خام کر کے ایک گڑھے میں جس کے اندر ایک چینی کا پیالہ رکھ دیا گیا ہو ہانڈی کو اس پر احتیاط سے جما کر ہانڈی کے اوپر اور اِدھر اُدھر پندرہ بیس سیر اُپلوں کی تدریجی آنچ دیں سرد ہونے پر احتیاط سے ہانڈی علیحدہ کریں جو روغن پیالہ میں آجائے اُسے برص کے داغوں پر روزانہ

دو مرتبہ خصوصاً شب کے وقت لگا دیا کریں۔(یا بانچی تخم پنواڑ سانپ کا گوشت کوٹ کر گولیاں بنالیں اور آتشی شیشی کے ذریعہ ان کا روغن کشید کر لیں)

اکسیر اطفال

(حکیم حاجی سید نور الحسن صاحب مرحوم افسر الاطبا بھوپال)

سوکھا مسان۔بدہضمی۔قے۔اسہال۔ہیضہ۔حرارت۔زردی رنگ۔پیاس وغیرہ کے لیے یہ نسخہ حکیم صاحب ممدوح کے معمولات سے ہے۔حکیم صاحب اس نسخہ کی اغراض بالا کے لیے بہت تعریف فرماتے ہیں۔جناب حکیم محمد چراغ صاحب مرحوم پہلوری اور دوسرے اطباء اس کی تصدیق فرماتے ہیں حکیم فضل مبین صاحب دہلوی اس کے بہترین فوائد کے قائل ہیں۔واقعی یہ گولیاں بچوں کے لیے آب حیات ہیں ہر قسم کی پیٹ کی خرابیوں کے لیے مناسب بدرقہ کے ساتھ مفید ثابت ہوتی ہیں۔

نسخہ:

مروارید ناسفتہ 4 سرخ۔زہر مہرہ خطائی 6 رتی۔حجر الیہود 6 رتی۔نارجیل دریائی 6 رتی۔پوست ہلیلہ زرد 6 رتی۔مغز کنول گٹہ 6 رتی۔طباشیر 6 رتی۔دانہ الائچی خورد 6 رتی۔زردرد 6 رتی۔دواؤں کو باریک کر کے عرق گلاب میں سحق کر کے بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کر لیں۔بوقت ضرورت ایک گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے بچہ کو پلائیں۔

قبض کی حالت میں پیس کر شربت انجیر میں ملا کر چٹائیں۔بدہضمی کی حالت میں گلاب یا شہد میں حل کر کے چٹائیں۔دستوں کی حالت میں عرق الائچی میں حل کر کے شربت انار ملا کر چٹائیں۔مسان کی حالت میں ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں قے متلی کی حالتیں عرق پودینہ میں حل کر کے شربت انار سے میٹھا کر کے پلائیں یا دیگر مناسب بدرقات کے ساتھ (طبیب کے مشورہ سے) استعمال کرائیں۔

ڈبہ اطفال

(علامہ جناب حکیم محمد یوسف صاحب نیر: حیدر آباد دکن)

حکیم صاحب ممدوح ڈبہ کی شکایت کے لیے اس نسخہ کی بہت تعریف فرماتے تھے۔ فرماتے تھے۔ کہ مجھے اکثر اس نسخہ کے تجربہ کا اتفاق ہوا ہمیشہ مُفید ثابت ہوا مذکورہ شکایت کے لیے عمدہ چیز ہے۔

نسخہ:

ایلوہ تولہ۔ کھرل میں ڈال کر عرق لیموں کاغذی کے ہمراہ کھرل کرتے رہیں حتیٰ کہ پچاس لیموں کا عرق کھرل کرنے میں صرف ہو جائے جب وہ باریک ہو کر گاڑھا سا ہو جائے تب اُسے کسی شیشی میں محفوظ کر لیں۔ بوقت ضرورت ایک رتی یہ دوا دو ماہ تک کی عمر والے کو اور چار رتی ایک سال کے بچے کو اور چھ رتی سے ایک ماشہ تک دو تین چار سال کی عمر والے بچے کو تنہا یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔ چند روز کے استعمال سے شکایت مذکورہ قطعی طور پر جاتی رہتی ہے اکثر تجربہ کی نوبت پہنچی ہے اور نہ صرف بچوں کو بلکہ جوانوں کو بھی نمونیا اور ذات الجنب میں ایک ماشہ سوا ماشہ کی مقدار سے مفید ثابت ہوتا ہے علاوہ بریں پیٹ کے کیڑوں کی حالت میں بھی اس کے استعمال سے مفید نتائج منتج ہوتے ہیں۔

دق الاطفال

(جناب حکیم غلام حسین صاحب کنتوری مرحوم)

سوکھا، مسان:

علامہ ممدوح نہایت وثوق کے ساتھ فرماتے ہیں کہ یہ نسخہ دق اطفال کے لیے (جس میں بچہ سوکھ کر کانٹا سا ہو جاتا ہے دستوں کی شکایت رہتی ہے پیاس کا غلبہ رہتا ہے اور اکثر اوقات بچہ کو حرارت رہا کرتی ہے) نہایت درجہ مفید ثابت ہوا ہے ماسٹر ہنونت سنگھ صاحب الوری اور دوسرے فاضل اطبا اس کی تصدیق فرماتے ہیں بہت مُفید نسخہ ہے۔

نسخہ:

خاکسی 5 تولہ بکری کے دودھ 6 رتی میں جوش دیں جب وہ اچھی طرح جوش ہو جائے تب دودھ کو علیحدہ کر کے کاسی کو سایہ میں خشک کر لیں۔ خشک ہونے کے بعد بکری کے چار چاند دودھ میں پھر جوش دے کر دودھ علیحدہ کر کے پھر خشک کریں۔ جب اس طریق سے تین عمل پورے ہو جائیں تب اسے کسی شیشی میں محفوظ کر لیں۔ بوقت ضرورت بچے کو دو یا تین ماشہ ماں کے دودھ میں پیس کر دن میں کم از کم تین مرتبہ پلائیں چند روزہ استعمال سے تمام عوارضات جاتے رہتے ہیں اور بچہ تندرست توانا ہو جاتا ہے۔ جناب حکیم محمد یوسف صاحب نیز فرماتے ہیں کہ مندرجہ ذیل تدبیر مسان کے عارضہ کے لیے بہت بہتر و مجرب

ثابت ہوئی ہے۔وہ یہ کہ ایک مکھی روزانہ بچے کی ماں یا گائے کے دودھ میں حل کر کے بچے کے حلق سے اُتار دیں اور اُس وقت تک یہ سلسلہ جاری رکھیں جس وقت تک کہ بچے کو قے نہ آنے لگے۔ جب اس کے استعمال سے بچہ قے کرنے لگے تو سمجھ لیجئے کہ اب مرض جاتا رہا۔اس عرصہ میں بچہ میں تر و تازگی کے آثار رونما ہو جاتے ہیں اور چند روز میں بچہ بالکل اور توانا ہو جاتا ہے۔

محافظ جنین

(حکیم مولوی نورالدین صاحب بھیروی)

جو عورتیں رحم کی کمزوری کی وجہ سے اسقاط کی شکایت کا شکار رہتی ہیں۔یا جن کے بچے تو وقت پر پیدا ہوتے ہیں۔لیکن وہ خلقی کمزوریوں اور پیدائشی نقص کی وجہ سے بہت جلد مختلف امراض اور خصوصاً سوکھا مسان کی شکایت میں مبتلا ہو کر ضائع ہو جاتے ہیں ان کے لیے مندرجہ ذیل گولیاں اکثر مفید ثابت ہوتی ہیں۔ان کے استعمال سے رحم (بچہ دان) قوی ہو جاتا ہے حمل اپنی پوری مدت تک برقرار رہتا ہے بچہ تندرست پیدا ہوتا ہے اور اس کے بعد عوارضات و امراض کے حملہ سے محفوظ ہو جاتا ہے اغراض بالا کے لیے یہ نسخہ تبرہ سے بہ بہتر ثابت ہوا ہے۔حکیم سید علمدار حسین صاحب و حکیم مولوی عبدالواحد صاحب ناظم اور دوسرے اطبا نسخہ کی تصدیق فرماتے ہیں۔

نسخہ:

تخم دھتنر 11 عدد۔جاوتری 2 تولہ۔طباشیر اصلی 3 رتی۔زرورد 4 رتی۔برگ تلسی 2 تولہ۔برگ شہدیوی 4 تولہ۔زعفران اصلی۔مشک خالص 1 رتی۔تمام دواؤں کو باریک پیس کر چنے چنے برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں حمل قرار پانے پر ایک گولی صبح ایک

دوپہر ایک شام پانی سے کھلائیں۔ سترہ روز کے بعد ایک گولی صبح ایک شام (دو وقت) کھلائیں۔ چالیس روز بعد صرف ایک گولی صبح کے وقت کھلائیں اور تازہ وضع حمل اس پر مداومت رکھیں بچہ پیدا ہونے پر بقدر دانہ باجرہ ماں کے دودھ میں حل کر کے بچہ کو دیں۔ اور دو سال تک (جب تک بچہ ماں کا دودھ پیے) اس پر مداومت رکھیں۔ اس مذکورہ بالا تدبیر سے اکثر اوقات بچہ مختلف عوارضات کے حملوں سے محفوظ ہوجاتا ہے۔

اکسیر البدن

(صاحب روضۃ الفلاسفہ)

نبات اذن الفار (موسیٰ کافی):

محققین نباتات نے اس بوٹی کی تین قسمیں معلوم کی ہیں۔ (1) غنمیہ (اسے بکریاں زیادہ چرتی ہیں۔ (2) معزیہ (اسے بھیڑیں زیادہ کھاتی ہیں) (3) بقریہ (اسے گائیں زیادہ کھاتی ہیں۔ ان میں سے غنمیہ سب سے زیادہ بہتر و افضل مانی گئی ہیں اذن الفار غنمیہ بسلسلۂ صنعت اکسیری اوصاف رکھنے کے علاوہ اکسیر البدن مانی جاتی ہے۔ قوائے بدنیہ کی تقویت کے لیے بیمثل بتلایا گیا ہے محققین نباتات لکھتے ہیں کہ اس بوٹی کے استعمال سے جسمانی قوتوں میں حیرت انگیز انقلاب ہوجاتا ہے جسم کے تمام نقائص اور اس کی تمام کمزوریاں بالکلیہ کافور ہوجاتی ہیں۔ پھر تمام عمر کے لیے جسم مرض کے حملہ سے محفوظ ہوجاتا ہے قوت مدافعت بہت زیادہ قوی اور جسم میں ایک برقی قوت سی پیدا ہوجاتی ہے اور تا زیست اُس کا اثر رہتا ہے الغرض یہ نبات بے نہایت منافع و جامع ہے۔ بظاہر اس کے افعال و خواص خلاف قیاس اور بہت زیادہ مبالغہ آمیز معلوم ہوتے ہیں لیکن جہاں تک محققین کے اقوال اور مجربین کے تجربات رہنمائی

کرتے ہیں یہ بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ نبات اذن الفار (خصوصاً غنمیہ) قوائے جسمانی کی تقویت اور ازالہ نقائص بدنی کے لیے ایک نہایت ہی مفید بوٹی ہے۔ بشرطیکہ استعمال کرنے والا شخص بجز اپنے استاد و مرشد کے جو اس امر کا معلم اور اس بوٹی کے استعمال کی ترغیب دلانے والا اور اس کی حقیقت سے آگاہی بخشنے والا ہے کسی غیر شخص پر اُس کا اظہار نہ کرے نہ اُس کے استعمال سے کسی کو آگاہ کرے اور نہ اُس کے اثر کو کسی پر آشکارا کرے وگرنہ تاثیر نبات باطل ہو جائے گی۔ یہ ایک کرشمہ اور سر عجیب ہے جو فہم بشر کی دسترس سے بالاتر ہے۔ اِلاَّ ماشاء اللّٰہ۔

ترکیب استعمال یہ ہے کہ بکری کے گوشت کے بھنتے وقت اس نبات کے چند پتے بطور ساگ کے ڈال کر گوشت بھون لیں جب وہ تیار ہو جائے تب شخص واحد اس تمام گوشت کو خواہ وہ روٹی کے ساتھ خواہ بغیر روٹی کے کھائے اس طرح روزانہ ایک وقت اس کا استعمال کرے۔ بعض محققین کو معلم غیب نے خواب میں اس کے استعمال کی یہ ترکیب بتلائی ہے کہ نبات موصوف کے چھ ماشہ تازہ پتے لے کر ایک تھیلی میں بند کر کے تھیلی کو سی دیں پھر ایک سیر گائے کا دودھ لے کر اُسے چولہے پر چڑھا کر نیچے آگ جلائیں اور اُس تھیلی کو دودھ میں معلق لٹکا دیں تھیلی برتن کے پیندے سے نہ لگے صرف دودھ میں غرق رہے پھر جب جوش ہوتے ہوتے نصف دودھ باقی رہ جائے تب اُسے اُتار لیں اور تھیلی علیحدہ کر کے دودھ کو پی لیں اور تھیلی کو کسی جگہ دفن کر دیں اس کے استعمال سے کچھ دست آئیں گے اُس کی پرواہ نہ کریں بھوک کے وقت مرغن پلاؤ کھائیں اور بس (لیکن اس احتیاط کو بھی پیش نظر رکھیں کہ پتے ہمیشہ درخت سے سایہ میں علیحدہ کیے جائیں۔

فادز ہر نبات گڑ ہڑہ

(جناب علامہ روحی صاحب)

یہ نبات سانپ بچھو گوہیرہ وغیرہ زہریلے حشرات الارض کے زہر کے دفعیہ کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئی ہے اس بوٹی کے استعمال سے بہت سے لوگوں کی جانیں بچ گئی ہیں۔ اسی بوٹی کی گولیاں کوہ نینی تال کے ایک رئیس صاحب جو رائے بہادر بھی ہیں بنوا کر رکھ لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت لوگوں کو مفت تقسیم کرتے ہیں۔ یہ ایک معمولی قد کی بوٹی ہے جو بھادوں کے مہینہ میں نینی تال کے پہاڑ پر بکثرت پیدا ہوتی ہے اس بوٹی کے پتے مثلث مساوی الاضلاع ہوتے ہیں۔ اس کی جڑ زرد رنگ انگریزی گاجر کی مانند ہوتی ہے اس نبات کے پتے وغیرہ توڑنے سے زرد رنگ کا لعاب دار دودھ نکلتا ہے۔ اس علاقہ کے لوگ اسے پہچانتے ہیں کوئی نایاب چیز نہیں۔ اسے نبات کو جڑ سے اُکھیڑ کر (اُس کی تمام چیزیں پتے پھول ڈنڈیاں وغیرہ) لوہے کے ہاون میں نہیں بلکہ پتھر کے کھرل میں ڈال کر دستے سے خوب کچل ڈالیں اور جب وہ خوب باریک ہو جائے تب چنے چنے برابر اس کی گولیاں بنا کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔ بوقت ضرورت ایک دو گولی لے کر نیش زدہ جگہ پر گھس کر لیپ کر دیں اور تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ایک ایک گولی پانی کے گھونٹ سے نگلوائیں ہر قسم کے زہریلے جانور کے کاٹے ہوئے صحت یاب ہو جاتے ہیں اسی نبات گڑ ہرہ میں یاقوت و زمرد وغیرہ کا بہترین کشتہ تیار ہوتا ہے۔

نوٹ:

بچھو، تتیہ بھڑ وغیرہ چھوٹے زہریلے جانوروں کے نیش زدہ مقام پر خار دار

چولائی کی جڑ کوٹ کر باندھ دینے سے اکثر تخفیف وتسکین ہو جاتی ہے۔

برائے مہوسین

بے آب سیم آب جاذب سیم (از ورق صدر)

جہاں تک حالات رہنمائی کرتے ہیں یہ وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ مندرجہ ذیل نسخہ صحیح ہے اگر احتیاط کے ساتھ با قاعدہ بجھاؤ وغیرہ دے کر آنچ صحیح طور پر دیدی جائے تو چند آنچوں میں کشتہ تیار ہو جاتا ہے اور وہ سیماب کو ماشہ تولہ کے حساب سے پکڑ لیتا ہے۔

نسخہ:

ایک تولہ خالص بے آب سیماب کو گلا کر گول پترا روپیہ سے ڈیوڑھا یا اس سے بھی قدرے زاید تیار کر لیں۔ اس پترہ کو نکچھکنی سفید پھول۔ کے نچوڑے ہوئے پانی میں سو بجھاؤ دیں اور بہتر ہو کہ بجھاؤ دینے کے سلسلہ میں متعدد مرتبہ پانی نکچھکنی کا بدلتے رہیں جہاں تک ممکن ہو تازہ تازہ نچوڑے ہوئے پانی میں بجھاؤ دیں اس کے بعد نکچھکنی سفید پھول کی آدھ پاؤ (یا کچھ زائد) لگدی میں رکھ کر اچھی طرح کپر وٹی کر کے خشک ہونے پر پانچ سیر اُپلوں کی گڑھے میں ہوا سے بچا کر آنچ دیں۔ صبح کو سرد ہونے پر نکالیں۔ پھر دوبارہ بطریق سابق لگدی میں رکھ کر مضبوط گل حکمت کر کے پانچ سیر کی آنچ دیں۔ چند آنچوں میں کشتہ تیار ہو جاتا ہے جو پارہ کو مضبوطی سے گرفت میں لے لیتا ہے۔ یہ منعقد پارہ نشست کے ذریعہ چاندی میں تبدیل ہو سکتا ہے۔

تکلیس الماس۔ اکلی وطرحی

(از ذریعہ معتبر)

کشتہ الماس ایک نہایت ہی عزیز الوجود چیز ہے ایسے لوگ دنیا میں کم ہیں جو اس نعمت سے مالا مال ہیں کشتہ کی مندرجہ ذیل ترکیب معتبر ذریعہ سے حاصل ہوئی ہے دوسرے اُس کی ترکیب اصولی ہے اس لئے اُمید ہے کہ اس فن کے ماہر حضرات جو کشتوں کے نشیب وفراز آنچ کے اندازہ بجھاؤ دینے میں حرارت کے معیار وغیرہ سے واقفیت رکھتے ہیں وہ اگر احتیاط کے ساتھ اس نسخہ کے بنانے کا اہتمام کریں گے تو بہت زیادہ اُمید ہے کہ وہ بفضلہٖ تعالیٰ کامیاب ہو جائیں گے۔

ترکیب:

دو تین چار رتی کا ایک دانہ لے کر ایک نوجوان مرغ اصیل کو (چوبیس گھنٹہ بھوکا پیاسا رکھ کر) آٹے میں لپیٹ کر نگلوا دیں پھر اُسے پانی پلا کر چوبیس گھنٹہ تک کسی جگہ محفوظ کر دیں اس کے بعد اُسے ذبح کریں اور اس کے پوٹہ میں سے وہ دانہ تلاش کر لیں اب ایک بڑے مینڈک کا پیشاب نکلوا کر دانہ کو تیز آگ میں خوب سرخ کر کے اس میں بجھاؤ دینا شروع کریں حتیٰ کہ ایک سو پچاس بجھاؤ پورے ہو جائیں (بہتر ہو کہ بجھاؤ دینے کے سلسلہ میں تازہ تازہ پیشاب لیتے رہیں کیونکہ ہوا کے اثر سے اس کی قوت کمزور ہو جاتی ہے نیز نر مینڈک کا پیشاب لیں جو کہ صاف شفاف اور قدرے زردی مائل ہوتا ہے جو بغور کامل دیکھنے سے معلوم ہوتی ہے) اس کے بعد گدھے کی ایک بڑی داہنی ڈاڑھ میں سوراخ کریں اس میں وہ دانہ رکھ کر اسی کے اجزا سے اس کا سوراخ بند کر دیں پھر اُس پر ایک پاؤ نیم کے

پتوں کی لگدی چڑھا کر اچھی طرح گل حکمت کریں خشک ہونے پر دس سیر جنگلی اُپلوں کی گڑھے میں ہوا سے بچا کر آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں اور دانہ الماس کو نبات سہ برگی ترش کے عرق میں غرق کر دیں ایک ہفتہ تک اُس میں غرق رہنے دیں لیکن ہر روز عرق بدل دیا کریں ایک ہفتہ کے بعد پھر گدھے کی ڈاڑھ میں سوراخ کر کے اس میں رکھ کر سابق کی طرح نیم کے پتوں کی لگدی میں دس سیر اُپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پھر عرق برگ سہ برگی میں ایک ہفتہ غرق کر کے پھر بطریق سابق آگ دیں تین آنچیں اسی طریق پر دیں اس کے بعد سماق کے کھرل میں ڈال کر سحق کریں اور عرق برگی سے تر کرتے رہیں اور اتنا کھرل کریں کہ دوا کے قوام میں چپکاؤ پیدا ہو جائے پھر ٹکیہ بنا کر دھوپ میں خشک کریں پھر ایک پاؤ کوکر بھنگرہ کی لگدی میں ملفوف کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر دس سیر جنگلی اُپلوں کی آگ دیں انشاء اللہ تعالیٰ سفید رنگ پر برآمد ہو گا اگر جاذب آب سیماب ثابت ہو تو فبہا وگرنہ پھر اسے عرق برگ سہ برگی میں خوب کھرل کر کے قرص بنائیں اور خشک ہونے پر ایک پاؤ کوکر بھنگرہ کی لگدی میں رکھ کر گل حکمت کر کے خشک ہونے پر دس سیر کی ہوا سے بچا کر آنچ دیں سات مرتبہ اسی طرح کرنے پر کشتہ تیار ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔



















مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور